اَحْسَنُ الْکَلَامِ فِیْ تَعْبِیْرِ الْاَحْلَامِ

المعروف

خوابوں کی تعبیر

تصنیفِ لطیف

حضور فیض ملت مفسر اعظم پاکستان
حضرت علامہ الحافظ ابو صالح مفتی

Uwaisi Books
www.faizahmeduwaisi.com

عرضِ ناشر

رُؤْیَا صَالِحَہ کی حقیقت اچھے خواب مُبَشَّرَاتْ(خوشخبری) میں سے ہیں قرآن مجید میں ہے۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ (سورہ یونس، آیت نمبر ۶۴)

یعنی ایمان والوں کیلئے بشارتیں ہیں دنیا اور آخرت میں۔

اس آیتِ مبارک کے تحت بعض تفسیروں میں آیا ہے کہ سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا سے کیا مراد ہے؟ تو سرکار (علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم) نے فرمایا: یہ اچھے خواب ہیں جو کہ انسان خود دیکھے، یا اس کے متعلق کسی دوسرے کو دکھائے جائیں۔[1] (تفسیر مظہری)

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ پیارے مصطفیٰ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ

یعنی نبوت کے فیض سے صرف بشارتیں باقی ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہ بشارتیں کیا ہیں؟ تو فرمایا:

الرؤيا الصالحة[2] يراها الرجل المسلم أو ترى له[3] (مشکوۃ شریف)

یعنی یہ بشارتیں اچھے خواب ہیں جو مومن خود دیکھے یا اس کے متعلق کسی دوسرے کو دکھائے جائیں۔

فائدہ: اور اگر کوئی نیک اور اچھا خواب دیکھے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور کوئی برا یا نقصان دہ خواب دیکھے تو اس پر توبہ واستغفار کرے اور صدقہ و خیرات کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمتِ کاملہ سے ہر آفت و مصیبت کو ٹال دے۔ زیرِ نظر کتاب "اَحْسَنُ الْكَلَامِ فِيْ تَعْبِيْرِ الْاَحْلَامِ" خوابوں کی تعبیر میں استاذ العلماء زینتِ اہلسنت یادگارِ محدث اعظم حضرت علامہ مفتی محمد فیض احمد اویسی قادری رضوی مد ظلہ العالی نے بڑی جامعیت کے ساتھ خواب کی شرعی حیثیت کو تحریر فرمایا اور اسکے بعد حروفِ اَبْجَدْ کے مطابق ایک طویل فہرست خواب اور اس کی تعبیر کے طور پر پیش فرمائی جو کہ مطالعہ کرنے سے تعلق رکھتی ہے، یہ عنوان ہر فرد بلکہ ہر گھر کی ضرورت ہے اور مساجد کے ائمہ حضرات اور مذہبی رہنماؤں کیلئے بے حد مُفید ہے۔ مساجد کے ائمہ کرام کی بارگاہ میں عرض ہے کہ وہ اس کتاب سے ضرور اِستفادہ کریں تاکہ مسجد کے مقتدیوں کے خوابوں کی تعبیر کیلئے صحیح رہنمائی حاصل ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مقبولِ عام فرمائے اور اُمتِ مسلمہ کو اس کے ذریعے بھرپور فائدہ عطا فرمائے اور اس کتاب کے ہر قاری اور ہمارے ہر مُعاوِن کو دارین کی سعادتوں سے خوب مالامال فرمائے۔ (آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

طالب دعاء — عبدالکریم قادری رضوی عفی عنہ

یکم رمضان المبارک 1420ھ — بتاریخ 10-12-99

---

[1] (تفسیر مظہری از قاضی ثناء اللہ پانی پتی، یونس:64، 5/58، ضیاء القرآن پبلکیشنز، کراچی، لاہور، پاکستان، دسمبر ۲۰۰۲ء)

[2] (مشكاة المصابيح. كتاب الرؤيا. الفصل الأول. 2/1297. الحديث: ٤٦٠٦ -[1]. المكتب الإسلامي – بيروت. الطبعة: الثالثة. ١٩٨٥م)

[3] (مشكاة المصابيح. كتاب الرؤيا. الفصل الأول. 2/1297. الحديث: ٤٦٠٧ -[2]. المكتب الإسلامي – بيروت. الطبعة: الثالثة. ١٩٨٥م)

تقریظِ جمیل

حضرت علامہ مولانا محمد شمس الہدیٰ خان قادری مصباحی مدظلہ العالی

(مدرس جامعہ اشرفیہ مبارک پور یوپی اعظم گڑھ انڈیا)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّہٖ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْن

گرامی مرتبت رئیس القلم علامہِ زماں حضرت علامہ مفتی محمد فیض احمد اویسی رضوی قبلہ دامت برکاتہم القدسیہ کی چند تالیفاتِ عالیہ نظرِ فقیر سے گزریں آپ کی تحقیقاتِ اَنِیْقَہ(خوبصورت تحقیق) سے میں بے حد متاثر ہوا اور دل سے دعا نکلی۔

اے خدائے عزوجل تو ہمارے ان بزرگوں کا سایہ عَاطِفَتْ(لطف و مہربانی کا سایہ) ہمارے سروں پر تادیر قائم و دائم رکھ، اور اَعْدَاء(دشمن) و حاسدین کے شر سے ان کی حفاظت و صیانت فرما اور یونہی مسلکِ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز کو عام کرنے کی توفیق سے نواز۔

آمین بجاہ حبیبہ الکریم علیہ افضل الصلوہ و اکمل التسلیم

یہ کتاب "اَحْسَنُ الْکَلَامِ فِیْ تَعْبِیْرِ الْاَحْلَامِ "خوابوں کی تعبیر" جو آپ کے ہاتھوں میں ہے چند صفحات میں نے دیکھا، کیا خوب ہیں، خدا تعالیٰ ہمیں ان بزرگوں کے نُقوشِ قدم پر چلنے کا سلیقہ عطا فرمائے۔(آمین)

والسلام بالاکرام

دعاجو شمس الہدیٰ رضوی عفی عنہ

(خادم جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ یوپی انڈیا)

حال مقیم فیضانِ مدینہ سبزی منڈی کراچی

22 شعبان المعظم 1420ھ... بروز پیر بعد نماز مغرب

پیش لفظ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّی وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمۡ

علم التعبیر میں بھی اہلسنت کے مسلک کی بھرپور تائید ہے اس لئے کہ خواب والے کو عالمِ ملکوت (فرشتوں کی دنیا) سے واردات ہوتے ہیں اسکی تعبیر کی کامل مہارت ہو تو مستقبل کے حالات منکشف ہوتے ہیں جیسا کہ علم التعبیر کے مطالعہ والے حضرات کو معلوم ہے۔ فقیر نے اس رسالہ میں کتب ذیل کی مدد سے چند امور عرض کئے ہیں۔

1. تعطير الأنام في تعبير المنام للشيخ سيدی عبدالغنی نابلسی و مشتقی (رحمه الله تعالى عليه)
2. منتخب الكلام في تفسير الأحلام لامام محمد بن سيرين من علماء القرن الاول (رحمه الله تعالى عليه)
3. الإشارات في علم العبارات للخليل بن الشاهين الظاهري من علماء القرن التاسع۔
4. تعبير الرؤياء لابن سيرين۔

یہ رسالہ عام مُرَوَّج (شائع) ہے جو اس مُنۡتَخَبُ الۡکَلَامُ (منتخب الكلام في تفسير الأحلام) کے علاوہ ہے اور یہ ضروری نہیں جو فقیر نے تعبیرات لکھی ہیں صرف وہی تعبیر ہو بلکہ اس کے علاوہ بھی مراد ہوتی ہے۔ فقیر نے صرف نمونے عرض کئے ہیں۔ مزید تفصیل کیلئے مذکورہ بالا کتب کا مطالعہ کیا جائے۔
حضرت الحاج مولانا حافظ عبدالکریم صاحب قادری رضوی اویسی ناظم سبز واری پبلشرز کی ہمت نے مجھے چند اوراق لکھنے کا موقع بخشا مولی عزوجل موصوف کو اپنے مقاصد میں کامیابی و کامرانی نصیب فرمائے۔ (آمین)

مدینے کا بھکاری

الفقیر القادری ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

19، رجب المرجب 1420ھ 29 ستمبر 1999ء بروز جمعرات بعد صلوۃ العشاء

(بہاولپور۔ پاکستان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد لله الذي خلق آدم من طين ثم نفخ فيه روحا ثم اصطفاء للرسالة وجعل لهم التعبير من العلوم الشرعيه و احمده على كل حال واشكره على النعمة التي ليس لها زوال و اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له شهادة خالصة و اشهد ان سيدنا محمدا عبده و رسوله الذي حار من المكارم و المفاخر الرتبة العلية و على آله و اصحابه اجمعين

مقدمہ

1۔ تعبیر کے معنی تفسیر کے ہیں عَبَّرْتُ الرُّؤیَا !(میں نے خواب کی تعبیر دی) تخفیف وتشدید دونوں سے مروی ہے اور تشدید کے ساتھ مبالغہ کیلئے ہے اور رویا ، بضم راء وسکونِ ہمزہ، وہ شے جو مرد یا عورت خواب میں دیکھے۔ قاضی ابو بکر بن العربی جو کہ اَعاظمِ علماءِ مالکیہ سے ہیں فرماتے ہیں کہ "رویا "یعنی خواب وہ ادراک ہے جو حق تبارک وتعالی بندے کے دل میں کسی فرشتے یا کسی شیطان کے ہاتھ کے ذریعے سے اس کی حقیقتوں کے ساتھ یا اس کی تعبیرات کے ساتھ ظاہر فرماتا ہے۔[4] (مدارج النبوۃ)

2۔ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ علم دو قسم کے ہیں۔ ظاہر، باطن۔ علمِ ظاہر جو سب کو معلوم ہے اور علم باطن یہ علم، باطنی کمال سے حاصل ہوتا ہے اور اس کا دروازہ ملکوتِ آسمانی سے مفتوح ہوتا ہے اس کے ثبوت واثبات کیلئے بہت بڑے دلائل وبراہین کی ضرورت ہے جو اس مختصر رسالہ میں بیان نہیں ہوسکتے، فقیر چند آیات مبارکہ واحادیث مقدسہ پر اکتفا کرے گا، جو اگلے اوراق میں مُنْدَرَج ہیں۔

3۔ سچے خواب اللہ تعالیٰ نے انبیاء واولیاء(علی نبینا وعلیھم الصلوۃ والسلام) کے حصہ میں رکھے ہیں ان کے طفیل اہلِ ایمان بھی بہرہ ور ہوتے ہیں۔

4۔ ہر ایک کو بھی خواب بیان نہ کیا جائے جو صحیح تعبیر بتانے والا نیک بزرگ ہو اسے بتایا جائے اپنی طرف سے تعبیر نہ گھڑلی جائے تعبیر کا اثر پڑتا ہے۔

5۔ انبیاء علیہم السلام کے خواب بھی وحی اور اس کی تعبیر بھی وحی جیسے حضرت یعقوب علیہ السلام نے تعبیر بتائی وہ بھی وحی کے ذریعہ تھی۔[5] (روح البیان)

6۔ ڈراؤنے خواب کبھی شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں ان سے گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ اٹھتے ہی بائیں جانب تین بار **اعوذ باللہ** پڑھ کر پھونکیں اور تھوکیں اور ایسے خوابوں کا اعتبار بھی نہیں، بعض دفعہ پیٹ میں گیس بھر جانے سے اور دماغ میں گھٹنے سے خراب خواب نظر آتے ہیں حاملہ عورتوں کو یا جن خواتین کی ماہواری ٹھیک وقت پر نہیں آتی، ان کی اکثر ساری ساری رات ڈراؤنی اور خراب خوابوں میں گزرتی ہے ان کا کوئی اعتبار نہیں اس کا علاج یہ ہے کہ آیت الکرسی سات بار اور چاروں قل تین تین بار میٹھے تیل پر دم کرکے رکھ لیں سوتے وقت دو، دو قطرے کان میں ڈال لیا کریں۔(شمع شبستان)

7۔ اولیاءِ کرام اور باعمل سنی علماءِ عظام کے خواب سچے ہوتے ہیں یہ کبھی الہام سے ہوتے ہیں۔

8۔ امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ تعبیر خواب کیلئے عالم دین ہونا ضروری ہے احادیث سے تعبیر کے اصول سے بہرہ ور ہو، پاکیزہ نفس اچھے اخلاق کا مالک ہو، ایسے کو اللہ تعالیٰ درست سمت میں رہنمائی فرمائے گا اور اسے اہلِ دانش کے علوم ومعارف سے آگاہی نصیب ہوگی۔

---

[4] (مدارج النبوت مترجم، ذکرِ تعبیر رویا یعنی خواب، ۱/۳۰۸، شبیر برادرز، اردو بازار، زبیدہ سینٹر، لاہور، جولائی ۲۰۰۴ء)

[5] (روح البیان في تفسیر القرآن، سورۃ یوسف ، آیت: ۴۱، 231/4، دار الکتب العلمیة، بیروت لبنان، 2018 م)

انتباہ: خواب اور اس کی تعبیرات کا انکار صرف فلاسفہ کو ہے انہیں سیدی امام عبد الغنی نابلسی، ملحد کہتے ہیں۔ فقیر صرف اہلِ اسلام کو ان کی حقانیت کے چند دلائل قرآن واحادیث کے پیش کر کے مزید دلائل کیلئے اہلِ علم کو امام سیدی عبد الغنی نابلسی و مشقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفِ لطیف "تعطیر الأنام في تعبیر المنام " کے سپرد کرتا ہے۔

قرآنی آیات

حضرت یوسف علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ (سورۃ یوسف، آیت:۲۱)

ترجمہ: اور اس لئے کہ اسے باتوں کا انجام سکھائیں۔

فائدہ: یوسف علیہ السلام کیلئے یعقوب علیہ السلام نے خوشخبری سنائی۔ وَ یُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ (سورۃ یوسف، آیت:12)

ترجمہ: اور تجھے باتوں کا انجام نکالنا سکھائے گا۔

فائدہ: مفسرین نے فرمایا کہ یہاں بھی تعبیرِ خواب مراد ہے واقعی یوسف علیہ السلام تعبیرِ خواب کے بڑے ماہر تھے۔ چنانچہ جب آپ جیل میں تھے تو دو شخصوں نے اپنے خواب بتائے تو یوسف علیہ السلام نے تعبیر بتائی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا فَیَسْقِیْ رَبَّهٗ خَمْرًا وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَیُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّیْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ (سورۃ یوسف، آیت:۴۱)

ترجمہ: اے قید خانہ کے ساتھیوں تم میں ایک تو اپنے رب(بادشاہ) کو شراب پلائے گا۔ رہا دوسرا وہ سولی دیا جائے گا۔ تو پرندے اس کا سر کھائیں گے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تعبیر سن کر ان دونوں نے حضرت یوسف علیہ السلام سے کہا کہ خواب تو ہم نے کچھ بھی نہیں دیکھا ہم تو ہنسی کر رہے تھے، حضرت یوسف علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: جو میں نے کہہ دیا یہ ضرور واقع ہو گا تم نے خواب دیکھا ہو یا نہ دیکھا ہو اب یہ حکم ٹل نہیں سکتا۔[6]

اس سے واضح ہوا کہ انبیاء و اولیاء کی زبانیں کُنْ (ہو جا) کی کنجی ہوتی ہیں کہ بات منہ سے نکلی وہ ہو کر رہی، اس مسئلہ کو سمجھنے کیلئے فقیر کے دو رسالے ملاحظہ فرمائیں: "کُن کی کنجی" اور "کُن کی زبان" اس فن کی مہارت پر یوسف علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کا شکر کے طور پر اعتراف فرمایا:

رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَ عَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ (سورۃ یوسف، آیت:۱۰۱)

ترجمہ: اے میرے رب بیشک تو نے مجھے ایک سلطنت دی اور مجھے کچھ باتوں کا انجام نکالنا سکھایا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خواب اور اس کی تعبیر بھی قرآن مجید میں مذکور ہے۔ پارہ نمبر 23 سورہ الصافات میں اسے یوں بیان فرمایا ہے:

---

6) (تفسیر الثعلبي = الكشف والبيان عن تفسير القرآن، سورۃ یوسف، آیت:۴۱، 20/15، دار التفسير، جدة المملكة العربية السعودية، الطبعة: الأولى، ١٤٣٦ هـ ٢٠١٥ م)

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْۤ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْۤ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی قَالَ یٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ۔ فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا وَ تَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ ۔ وَ نَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰۤاِبْرٰهِیْمُ ۔ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ

(سورۃ صٰفّٰت، آیت:۱۰۲تا۱۰۵)

ترجمہ: پھر جب وہ اس کے ساتھ کلام کے قابل ہو گیا کہا اے میرے بیٹے میں نے خواب دیکھا میں تجھے ذبح کرتا ہوں، اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے، کہا اے میرے باپ کیجئے جس بات کا آپ کو حکم ہوتا ہے، خدا نے چاہا تو قریب ہے کہ آپ مجھے صابر پائیں گے تو جب ان دونوں نے ہمارے حکم پر گردن رکھی اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹایا اس وقت کا حال نہ پوچھ اور ہم نے اسے ندا فرمائی کہ اے ابراہیم بے شک تو نے خواب سچے کر دکھایا، ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیکوں کا۔

حضور نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خوابوں کا ذکر بھی قرآن مجید میں ایک مقام پر آیا ہے:

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا (سورہ الفتح، آیت نمبر 27)

ترجمہ: بے شک اللہ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب، بے شک تم ضرور مسجدِ حرام میں داخل ہو گے، اگر اللہ چاہے امن وامان سے اپنے سروں کے بال منڈاتے یا ترشواتے بے خوف تو اس نے جانا جو تمہیں معلوم نہیں تو اس سے پہلے ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی۔

شانِ نزول: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ کا قصد فرمانے سے قبل مدینہ طیبہ میں خواب دیکھا تھا کہ آپ مع اصحاب کے مکہ معظمہ میں ان کے ساتھ داخل ہوئے اور اصحاب نے سر کے بال منڈائے بعض نے ترشوائے یہ خواب آپ نے اپنے اصحاب سے بیان فرمایا تو انہیں خوشی ہوئی اور انہوں نے یہ خیال کیا کہ اسی سال وہ مکہ مکرمہ میں داخل ہوں گے، جب مسلمان حدیبیہ سے بعدِ صُلح کے واپس ہوئے اور اس سال مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہوئے تو منافقین نے تَمَسْخُرْ (ٹھٹھ) کیا طعن کئے اور کہا کہ وہ خواب کیا ہوا؟ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اس خواب کے مضمون کی تصدیق فرمائی کہ ضرور ایسا ہو گا۔ چنانچہ اگلے سال ایسا ہی ہوا اور مسلمان اگلے سال بڑے شان و شوکت کے ساتھ مکہ مکرمہ میں فاتحانہ داخل ہوئے۔

فائدہ: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خواب اور اس کی تعبیر کا ذکر فرمایا، ہوا وہی جو خواب مبارک میں دکھایا گیا۔

اِذْ یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا وَ لَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَ لَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ وَ اِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْۤ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّ یُقَلِّلُكُمْ فِیْۤ اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا (سورہ الانفال، آیت نمبر ۴۳ یا ۴۴)

ترجمہ: جبکہ اے محبوب اللہ تمہیں کافروں کو تمہاری خواب میں تھوڑا دکھاتا تھا اور اے مسلمانو اگر وہ تمہیں بہت کر کے دکھاتا تو ضرور تم بزدلی کرتے اور معاملہ میں جھگڑا ڈالتے، مگر اللہ نے بچا لیا، بے شک وہ دلوں کی بات جانتا ہے اور جب لڑتے وقت تمہیں کافر تھوڑے کر کے دکھائے اور تمہیں ان کی نگاہوں میں تھوڑا کیا کہ اللہ پورا کرے جو کام ہوتا ہے۔

فائدہ: یہ غزوہ بدر کا موقعہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت تھی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفار کی تعداد تھوڑی دکھائی گئی اور آپ نے اپنا یہ خواب اصحاب سے بیان کیا اس سے ان کی ہمتیں بڑھیں اور اپنے ضعف و کمزوری کا اندیشہ نہ رہا اور انہیں دشمن پر جرأت پیدا ہوئی اور قلب قوی ہوئے انبیاء کا خواب حق ہوتا ہے آپ کو کفار دکھائے گئے تھے اور ایسے کفار جو دنیا سے بے ایمان جائیں اور کفر ہی پر ان کا خاتمہ ہو وہ تھوڑے ہی تھے کیونکہ جو لشکر مقابل آیا تھا اس میں کثیر لوگ وہ تھے جنہیں اپنی زندگی میں ایمان نصیب ہوا اور خواب میں قِلّت کی تعبیر ضعف سے ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غالب فرما کر کفار کا ضُعف ظاہر کر دیا۔ یہاں تک کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ وہ ہماری نگاہوں میں اتنے کم بچے کہ میں نے اپنے برابر والے ایک شخص سے کہا کیا تمہارے گمان میں کافر ستر ہونگے اس نے کہا میرے خیال میں ستر ہیں، اور تھے ہزار۔

یہ تھی تفصیل حضراتِ انبیاء علیہم السلام کے خوابوں اور انکی تعبیرات کا قرآنی ثبوت اب اہلِ ایمان اور اولیاءِ کرام کیلئے ملاحظہ فرمائیں۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (سورۃ یونس، آیت:٦٤)

ترجمہ: انہیں خوشخبری ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں، یہی بڑی کامیابی ہے۔

فائدہ: اس خوشخبری سے یا تو وہ مراد ہے جو پرہیزگار ایمانداروں کو قرآن کریم میں جابجا دی گئی ہے یا بہترین خواب مراد ہے جو مومن دیکھتا ہے یا اس کیلئے دیکھا جاتا ہے جیسا کہ کثیر احادیث میں وارد ہوا ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ ولی کا قلب اور اس کی روح دونوں ذکرِ الٰہی میں مُسْتَغْرَقْ (حالاتِ کیف میں) رہتے ہیں۔ تو وقتِ خواب اس کے دل میں سوائے ذکر و معرفتِ الٰہی کے اور کچھ نہیں ہوتا اس لئے جب ولی خواب دیکھتا ہے تو اس کے خواب حق اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے حق میں بشارت ہوتی ہے بعض مفسرین نے اس بشارت سے دنیا کی نیک نامی بھی مراد لی ہے۔

مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا اس شخص کیلئے کیا ارشاد فرماتے ہیں جو نیک عمل کرتا ہے اور لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں فرمایا مومن کیلئے بشارتِ عَاجِلَہ (جلد خوشخبری) ہے[7] علماء فرماتے ہیں کہ یہ بشارتِ عَاجِلَہ رضائے الٰہی اور اللہ کی محبت فرمانے اور خَلْق (مخلوق) کے دل میں محبت ڈال دینے کی دلیل ہے جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اس کو زمین میں مقبول کر دیا جاتا ہے قتادہ نے کہا کہ ملائکہ وقتِ موت اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت دیتے ہیں۔[8]

عطاء کا قول ہے کہ "دنیا کی بشارت تو وہ ہے جو ملائکہ وقتِ موت سناتے ہیں اور آخرت کی بشارت وہ ہے جو مومن کو جان نکلنے کے بعد سنائی جاتی ہے کہ اس سے اللہ راضی ہے۔"[9]

احادیثِ مبارکہ

خواب اور تعبیر کے بارے میں بے شمار احادیث و روایات مروی ہیں اس مختصر رسالہ میں سب کو لانے کی گنجائش نہیں حضرت علامہ عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے "تعطیر الأنام" میں جو روایات نقل فرمائی ہیں، فقیر انہی پر اکتفا کرتا ہے۔

1۔ حضور نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: من لم یؤمن بالرؤیا الصالحة لم یؤمن باللہ و الیوم الآخر۔[10]

ترجمہ: جو رویا صالحہ پر ایمان نہیں رکھتا وہ اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔

---

[7] (صحيح مسلم، كتاب البر والصلة والآداب، باب إذا أثني على الصالح فهي بشرى ولا تضره، 2035/4، الحديث2642، دار إحياء الكتب العربية)

[8] (صحيح البخاري، كتاب الرقاق، باب من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه، 2386/5، الحديث6142، دار ابن كثير، سنة النشر: 1414هـ/1993م)

[9] (تفسير البغوي، سورة يونس، تفسير قوله تعالى "لهم البشرى في الحياة الدنيا وفي الآخرة لا تبديل لكلمات الله ذلك هو الفوز العظيم"، 141/4، دار طيبة)

[10] (تعطير الأنام في تعبير المنام، مقدمة، ص 7، دار الكتب العلمية، بيروت، 2004م)

2۔ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا کہ میں اور آپ ایک درجہ پر چڑھے ہیں آپ سے میں دو سیڑھیاں آگے بڑھ گیا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے پاس مجھ سے اڑھائی سال پہلے بلائے گا اور میں آپ کے بعد اتنی مدت زندہ رہوں گا۔[11]

فائدہ: چنانچہ یونہی ہوا، جیسے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تعبیر بتائی۔

3۔ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: **ذهبت النبوة و بقيت المبشرات**[12] یعنی نبوت ختم لیکن مبشرات باقی ہیں۔

4۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی! یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "**مبشرات**" کیا ہیں؟ فرمایا: جو لوگ ایمان لائے خود کو نیک دیکھیں دوسرے لوگ اسے نیک سمجھیں۔[13]

5۔ ایک روایت میں ہے مسلمان کا خواب نبوت کے چھیالیسویں جزو میں سے ہے۔[14]

اجمالی جواب یہ ہے کہ جز کے ثبوت سے کل ثابت نہیں ہوتا۔

قاعدہ: نیک خواب نیک لوگوں کو آتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جھوٹے لوگوں کو جھوٹے خواب آتے ہیں، اسی لئے ماہرینِ علمِ خواب نے خوابِ خوش (اچھے خواب) کیلئے چند شرائط لکھی ہیں:

(1) نیک پرہیزگار ہونا ضروری ہے یہاں تک کہ قلب آئینہ کی طرح صاف و شفاف ہو۔

(2) نیند سے پہلے ہمیشہ باوضو ہو کر سوتا ہو۔

(3) داہنی کروٹ سونا اور یہ دعا پڑھ کر سونا چاہئے: **اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الاحلام وَاسْتَغْفِرُكَ مِنَ الشَّيْطَانَ فِي الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ**

ترجمہ: اے اللہ میں تیری مدد سے برے خوابوں سے پناہ مانگتا ہوں اور بیداری اور خواب میں شیطان سے تجھ سے مغفرت کا سوال کرتا ہے۔

(4) **اكلِ حلال و صدقِ مَقَالْ** (حلال غذا اور سچی بات کہنا) مشہورِ زمانہ مقولہ ہے دراصل یہی دو پر ہیں، ظاہر ہے کہ پر نہ ہو تو پرواز کہاں اگر ایک پر بھی نہ ہو تب بھی کام نہ بنے گا۔

---

[11] (تعطير الأنام في تعبير المنام، مقدمة، ص 7، دار الكتب العلمية، بيروت، 2004م)

[12] (تعطير الأنام في تعبير المنام، خطبة الكتاب، ص 5، دار الكتب العلمية، بيروت، 2004م)

[13] (مسند أحمد، مسند النساء، مسند الصديقة عائشة بنت الصديق رضي الله عنها، 443/41، الحديث 24977، مؤسسة الرسالة، الطبعة: الأولى، ١٤٢١ هـ ٢٠٠١ م)

[14] (مسند أحمد، تتمة مسند الأنصار، حديث عبادة بن الصامت، 371/37، الحديث 22697، مؤسسة الرسالة، الطبعة: الأولى، ١٤٢١ هـ ٢٠٠١ م)

ورقه بن نوفل رضی اللہ تعالی عنه: بخاری شریف کی ابتداء میں ان کا ذکرِ خیر حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ابتدائی وحی میں ہے۔[15] سیدہ خدیجہ الکبری رضی اللہ تعالی عنہانے ورقہ بن نوفل رضی اللہ تعالی عنہکے متعلق سوال کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے ورقہ کو خواب میں دیکھا کہ جامہ سفید پہنے ہوئے بَشَّاشْ (مسرور) ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ورقہ اہلِ جہنم سے ہوتا تو ہرگز اس لباس سے خواب میں نظر نہ آتا۔[16] ظاہر ہے کہ وہ راست گو (حق کہنے والا) تھا جس وقت مجھ پر وحی نہ آتی مُقِرِّ نَبُوَّتْ (نبوت کا اقرار کرنے والا) تھا بارہا خدیجۃ الکبری نے اسے کہا محمد ﷺ سچے ہیں۔ جو حضرت عیسی بن مریم پر آتے تھے مسلمانوں کو لازم ہے کہ راستی (سیدھی راہ) اختیار کریں۔

(5) رسول اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ خواب صبح کا صحیح تر ہے[17] اور صبح کا خواب اللہ تعالٰی کے نور سے ہے۔ رات کو خواب سے علی الخصوص جو متصف باوصف حمیدہ ہو خلق کی نظر میں پسندیدہ ہوا ایسے شخص کا خواب سچا ہے جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلا خواب حضرت آدم علیہ السلام نے دیکھا تھا۔ جب بیدار ہوئے حضرت حواء رضی اللہ تعالی عنہا کو پہلو میں پایا جنابِ باری تعالی نے فرمایا کہ "اے آدم یہ کون ہے، آپ نے عرض کی یہ حوا ہے جس کو میں نے خواب میں دیکھا۔"

فائدہ: خواب کا نتیجہ کبھی جلدی اور کبھی بڑی مدت کے بعد بھی ظاہر ہوتا ہے جیسے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا خواب سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے متعلق ہوا کہ آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے وصال شریف کے ساٹھ سال بعد شہادت ہوئی۔

جھوٹے خواب بتانا: دورِ حاضرہ میں فقیر بہت بڑے مُدَّعِیَانِ علم (بڑے علم کے دعوے کرنے والے) و شیخی بگھارنے والے پیروں کو دیکھ رہا ہے کہ اپنی دوکان چمکانے کیلئے جھوٹے خواب گھڑتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے سخت وعیدیں سنائی ہیں۔ لیکن انہیں وعیدوں سے کیا غرض، انہیں تو دوکان کی چمک چاہئے، لیکن کب تک، فقیر نے بہت سی چمکیلی دوکانیں دیکھیں لیکن اب نہ وہ دوکانیں رہیں نہ دوکاندار رہے، ادھر دنیا میں دوکانیں اجڑ گئیں ادھر قبر میں سزائیں ہی سزائیں پھر نامعلوم حشر میں ان کا کیا حشر ہوتا ہے۔ (''وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا'')

قواعدِ تعبیر: اسلام میں خواب اور تعبیر کو بہت بڑی اہمیت حاصل ہے اگرچہ فلاسفہ نے انکار کیا اور اس کے وجوہ حضرت امام سید عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے "تعطیر الأنام" میں بیان فرمائے ہیں پھر ان کا رد بھی لکھا مختصراً فقیر نے گزشتہ اوراق میں قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ عرض کردی ہیں ان کے رد کیلئے اتنا کافی ہے اب قواعد ملاحظہ ہوں۔

1۔ "مُعَبِّرْ" "تعبیر بیان کرنے والے پر لازم ہے کہ خواب توجہ سے سنے اور اس کے آغاز و انجام پر گہری نظر رکھے غور و فکر کے بعد بھی تعبیر میں عجلت نہ کرے سمجھ نہ آئے تو یہ کلمات کہے: خير لنا وشر لأعدائنا. بارك الله لنا ولكم۔

یعنی بھلائی ہمارے لئے اور شر دشمنوں کیلئے اللہ ہمیں اور تمہیں برکت دے۔

2۔ ایک کا خواب دوسرے کو بیان نہ کرے۔

---

[15] (صحيح البخاري. كتاب بدء الوحي. باب بدء الوحي. 4/1. الحديث4. دار ابن كثير. سنة النشر: 1414هـ/1993م)

[16] (مشكاة المصابيح. كتاب الرؤيا. الفصل الثاني. 1302/2. الحديث: 4623 - [18]. المكتب الإسلامي – بيروت. الطبعة: الثالثة. ١٩٨٥م)

[17] (سنن الدارمي. كتاب الرؤيا. باب أصدق الرؤيا بالأسحار. 169/2. الحديث: 2164. دار الكتاب العربي. سنة النشر: 1407هـ/1987م)

(تحفة الأحوذي. كتاب الرؤيا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم. باب قوله لهم البشرى في الحياة الدنيا. 456/6. الحديث: 2274. دار الكتب العلمية)

3۔ان اوقات میں خواب کی تعبیر نہ کہے، طلوع آفتاب، غروب آفتاب، ماہ کے آخری روز، مابین اذان واقامت، ابر اور آندھی کے دوران، ناسمجھ کے سامنے، جاہل کے سامنے، گستاخ وبے ادب کے سامنے۔

4۔خواب دیکھنے والوں کے حال کا دیکھنا پھر اس کے مرتبہ کے مطابق تعبیر سوچنا۔

(1)بادشاہ(حاکم وافسر)(2)ظالم وشریر اور ابلیس کا چیلہ(3)محدث وعالم باعمل فقیر درویش(4)امیر ورئیس(5)ورزاء ومشیران امور سلطنت(6)عابد وزاہد متقی لوگ(7)نوکر، نوکرانی، غلام، لونڈی(8)عوام(9)دنیادار کاروباری لوگ(10)پارساخواتین(11)فاحشہ وبدکار عورتیں(12)نابالغ بچے بچیاں (13)بوڑھے مرد اور عورتیں۔

فرعون کا خواب: فرعون نے خواب میں دیکھا کہ آگ ملکِ شام سے مُشْتَعِلْ(بڑھکتی)ہوئی اور مصر تک پہنچی، مُعَبِّرْ(تعبیر بتانے والے)نے تعبیر دی کہ ایک صاحب عزم شام سے خُرُوْج کرے گا تیرے تمام لشکر کو جہنم رسید کرے گا چنانچہ وہی ہوا جو مُعَبِّرْ(تعبیر بتانے والے)نے بتایا اور اس کی تفصیل قرآن مجید میں ہے۔

5۔بعض مُعْتَبِرِیْنْ نے بَحِسَابِ اَبْجَدْ(حروف ابجد کے حساب سے)اِسْتِخْرَاجْ کیا تاکہ مضمونِ خواب بخوبی سمجھ میں آئے تو خواب دیکھنے والے کا نام لکھ کے عدد نکالے اس میں گیارہ گیارہ طرح کرکے جو باقی رہے فکر کرے مثلاً ایک ہے تو نامراد ہے محبت برباد ہے اگر دو ہیں رنج میں مبتلا ہے زبان کا سامنا ہو مگر نقصان سے بچے گزند(مصیبت)سے محفوظ رہے اگر تین ہیں تین شخصوں سے یار ہو، ضرورت میں مددگاری ہو اگر چار رہیں علمِ تَنْجِیْمْ(علم نجوم)حاصل ہو فکر کامل ہو اگر پانچ، رہیں سپاہ یا لشکر کا افسر ہوجائے، یا آلاتِ حَرْبْ(جنگ کے اسلحہ)مفت پائے اگر چھ رہیں تو چھ تو چھ دن یا چھ مہینے یا چھ سال میں دولت مال صاحبِ مال ترقی اقبال ہو اگر سات، رہیں بَھَائِمْ(جانوروں)سے فائدہ پائے غیر جنس سے دولت مل جائے اگر آٹھ رہیں حوادث وآفات کا حفظ کرے ہر امر میں احتیاط رکھے اگر نو، رہیں فتنہ دین و دیانت ہو مگر ظفر پائے دشمن کو ندامت ہو اگر دس، رہیں ثواب عظیم پائے پرہیز گار مشہور ہوجائے اگر گیارہ رہیں بزرگی وریاست وسرداری پائے مقصودِ دل مل جائے۔

فائدہ: خواب دیکھنے والا جب بیان کرے مُعَبِّرْ(تعبیر بتانے والے)، دل سے سنے پہلے جو حروف نکلے یاد رکھے بعد تطبیق تعبیر کہے اگر سرِ کلمہ الف ہے تو امن یا اسلام یا گھوڑا ملے یا اونٹ۔ ب ہے تو بلا آئے گی۔ اگر ت ہے تو بہ تائید حاصل ہو اگر ث ہے ثابت قدم وثناخوان اگر ج ہے جمال وجلال ہو اگر ح ہے حیات ہے بدرجہ کمال ہو اگر خ ہے خیر ہے خیر وخوبی شامل ہے اگر د ہے دولت ونعمت پائے دنیا سے بخیر ہوجائے اگر ذ ہے ذخیری سے شاد رہے رفعت زیادہ ہو اگر ز ہے زیادتی مال ہے یا نقصان ہو اگر س ہے سن وسال بڑے بے وقوفی ہو اگر ش ہے شادی(خوشی)وشہادت ہو یا شرک وشر وشراکت وشماتت(رسوا)ہو اگر ص ہے صبر وصیانت ہے(حفاظت ونگہبانی)یا صَعُوْبَتْ(تکالیف)ہو اگر ض ہے ضَیْقْ(تنگی)بشدت ہو اگر ط ہے توطَرَبْ(خوشی)ہو اگر ظ ہے ظلم اگر ع ہے علم عرفان حاصل ہو اگر غ ہے غیرت وحَمِیَّتْ(حمایت)شامل ہو اگر ف سے فلاح ہو یا فتنہ سے رنج پائے اگر ق ہے قوت وقدرت ہو اگر ک سے کمال، اگر ل ہو تو لہو لعب وغفلت حاصل ہو اگر ن ہے نعمت ونصرت ہو، اگر و ہے وقار وفا پائے یا ویل(خسارہ)ووام ہیں دبلا ہو جائے اگر ہ ہے ہدایت ہو یا ہول(پریشانی)وہلاکت ہو۔ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا (السجدۃ: 30)(ترجمہ: کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو)کی طرف بھی اشارہ ہے اگر ی ہو تو یمین(حق)یا ویسار(باطل)رہے۔

نوٹ: یہ صرف اشارات ہیں لیکن ان پر یقین نہیں کرنا چاہئے بلکہ یہ عقیدہ رکھے کہ ہوگا وہی جو منظور خدا ہوگا۔

6۔کبھی تعبیر میں موسم کا اعتبار ہوتا ہے مثلاً حضرت یوسف علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کی کہ میں نے خواب میں ستر دینار پائے آپ نے فرمایا، ستر ہزار دینار پائے گا۔ چنانچہ ویسے ہوا جیسے آپ نے فرمایا۔ پھر وہی شخص خواب دیکھتا ہے آپ نے فرمایا، تو تہمت میں گرفتار ہوگا، وہ شخص پریشان ہوا،

آپ نے فرمایا پہلے خواب کا موسم بہار تھا جس میں شجرہ و ثمر پھولے پھلے تھے پتے ہرے بھرے تھے۔ اب کا خواب موسم سرما میں ہے اس میں درختوں پر سردی کا حملہ ہے اس لئے موسم کے اعتبار سے تعبیر بدل گئی ہے۔

7۔ کبھی تواریخ قمری کا بھی اثر ہوتا ہے، فقیر ایک نقشہ پیش کرتا ہے۔

نقشہ

نام تاریخ:6، 7، 9، 10، 15، 16، 19، 26، 30

نتیجہ: ان تاریخوں میں خواب کا نتیجہ دیر سے ظاہر ہوتا ہے۔

نام تاریخ:4، 5، 11، 12، 16، 17

نتیجہ: ان تاریخوں کے خواب سچے ہوتے ہیں۔

نام تاریخ:50، 13، 14، 20، 21، 25، 26، 28، 29

نتیجہ: ان تاریخوں کے خواب سچے نہیں ہوتے ہیں۔ 23/ 21/ 24 ان تاریخوں میں خواب سچے ہوتے ہیں۔

نوٹ: یہ صرف تخمینہ ہے حقیقت کا علم اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو ہے۔

8۔ سیدی امام عبد الغنی نابلسی رحمہ اللہ تعالی علیہ نے فرمایا کہ خواب تین قسم کے ہیں۔

(1) بشری من اللہ: یہی اصلی اور حقیقی رویائے صالحہ ہے۔

(2) تحذیر من الشیطان: یعنی شیطان کی طرف سے ڈراؤنے خواب بے شمار ہیں۔

کچھ فقیر نے اپنی تصنیف خوابوں کی دنیا میں عرض کیے ہیں، دراصل رویائے باطلہ یہی ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا عرض کی میں نے دیکھا ہے کہ میرا سر کٹ گیا ہے اور میں اس کے پیچھے پیچھے جارہا ہوں، آپ نے فرمایا یہ شیطان تیرے ساتھ کھیل تماشا کر رہا تھا، اس کی کوئی فکر نہ کرو، اسی لئے شرعاً ایسے خوابوں کا کوئی اعتبار نہیں۔

(3) حدیث النفس: اس کی کئی قسمیں ہیں۔ (تعطیر الانام، ج ۱، ص ۴) ان کی تفصیل کی خاص ضرورت نہیں البتہ رویائے حق کی قسمیں معلوم کرنا ضروری ہے وہی عرض کر دوں۔ [18]

رویائے حق کی اقسام:

امام نابلسی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا، رویائے حق پانچ قسم کے ہیں:

(1) رویائے صادقہ ظاہرہ، یہی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے اس کی مختصر بحث "باب الاحادیث والآیات" میں آچکی ہے۔

[18] (تعطیر الأنام في تعبير المنام، مقدمة، ص 8، دار الكتب العلمية، بيروت، 2004م)

(2) رویائے صالحہ بشری من اللہ، حضور نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین خواب وہ ہے کہ انسان خواب میں اللہ تعالیٰ ورسول اللہ ﷺ اور مسلمان ماں باپ کی زیارت کرے۔ عرض کیا گیا رب تعالیٰ کو بھی خواب میں دیکھا جاسکتا ہے؟ آپ نے فرمایا، ہاں وہ سلطان ہے اور سلطان اللہ ہی ہے۔

(3) وہ جو کسی کو کوئی بات خواب میں رویاء کا فرشتہ دکھائے اس کا نام صِدِّیْقُوْنْ ہے۔

(۴) رویا مرموزہ (زیور کا دیکھنا) یہ عالم ارواح سے ہوتا ہے۔

(5) یہی خواب عموماً عوام اور بعض خواص کو نیند میں پیش ہوتے ہیں ان سے عبرت ونصیحت مطلوب ہوتی ہے۔ یہ آنے والے حالات کی طرف اشارہ ہوتے ہیں جن کی آگے تفصیل آتی ہے۔[19]

صِدِّیْقُوْنْ فرشتہ کا تعارف: جو فرشتہ خواب پر مقرر ہے اسکا نام صِدِّیْقُوْنْ ہے، اسکا قد اتنا طویل ہے کہ صرف کان کی لو سے کاندھے تک سو سال کی مسافت ہے وہی آدمیوں کو عجائبات اور لوح محفوظ کے غُیُوْبَاتْ اور آنے والے خیر وشر کی خبر دیتا ہے۔[20] (تعطیر الانام ملخصاج اص ۵ مطبوعہ مصر)

(الف)

اللہ تعالیٰ کا دیدار: امام عبد الغنی نابلسی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں کہ وہ بے مثل وبے مثالی ہے لیکن خوش بختوں کو زیارت ہوتی ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کو سو بار خواب میں دیدارِ الٰہی نصیب ہوا، لیکن بیداری میں صرف اور صرف ہمارے نبی پاک شہ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زیارت نصیب ہوئی، تفصیل فقیر اویسی غفرلہ نے رسالہ عرشیہ میں عرض کر دی ہے۔ سیدی عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ دیدارِ الٰہی کے مختلف اَطوار ہیں جو بِلا تکلیف و تحدید و بلا تشبیہ و بلا تمثیل اس کی عظمت و جلالت کو دیکھے، یہ اس کی خیر و بھلائی اور دنیا میں بشارۃ اور سلامتِ دین فی الاخرۃ (آخرت میں دین کی سلامتی) کی دلیل ہے۔ اگر (معاذ اللہ) اس کے برعکس دیکھے تو اس کے برے حال کی دلیل ہے بالخصوص جب اس سے ہم کلام نہ ہو۔ مزید تفصیل و تحقیق امام نابلسی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کی تصنیف لطیف "تعطیر الانام فی تعبیر الاحلام" میں مطالعہ کریں۔

انوارِ الٰہی: جنت نصیب ہو قید سے آزادی ہو، اعمال نیک ہوں فراخی نعمت ہر دوجہاں سے، اللہ تعالیٰ سے مقصد میں کامیابی، بیمار کو صحت، مصیبت کے دن ختم۔

انبیاء کو دیکھنا: انبیاء کو خوش دیکھا، دین ودنیا میں عزت ہو زیارتِ پیغمبر نصیب ہوا اور غضبناک دیکھا اس کے برعکس۔

اسرافیل علیہ السلام کو دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے بہت مبارک ہو، دین ودنیا میں۔

اولیاء کو دیکھنا: بشارت نیک افعال اور زیادتی اقبال کی دلیل ہے۔

ابدال کو دیکھنا: موجبِ زیادتی، نیکی، ترقی دارین کی دلیل ہے۔

آب چاہ: فائدہ مند ہو اور فتنہ فساد بند ہو۔

آب جاری (کنواں): جو کام کرنا ہو یا ارادہ ہو وہ بانتظام بخیر انجام ہو۔

آبِ شور (نمکین پانی): فکر واندیشہ لاحق ہو، مبتلائے فکر خلائق (مخلوق کی فکر) ہو۔

آبِ مُصَفّٰا (صاف ستھرا پانی): درازی عمر وعیش ونعمت غیر مترقبہ کی علامت ہے۔

---

[19] (تعطیر الأنام في تعبیر المنام، مقدمة، ص 8، دار الکتب العلمیة، بیروت، 2004م)

[20] (تعطیر الأنام في تعبیر المنام، مقدمة، ص 9، دار الکتب العلمیة، بیروت، 2004م)

آبِ مُکَدَّرْ (آلودہ پانی): عمر کوتاہ ورنج وملال ورسوا ہو۔

آسمان: مرتبہ بلند ہوا فرزندار جمند ہو۔

آسمان کی طرف اڑنا: کامیاب سفر کی علامت ہے غیب سے مقصد حاصل ہوگا۔

آسمان سے گزرنا: ذلیل وخوار ہو، گناہ میں گرفتار ہو۔

آسمان پر پہنچنا: دارین کی بزرگی اور فرحت کا سامان حاصل ہو۔

آسمان پر اڑنا: سفر درپیش ہو، حاصل فتوحِ غیب ہو۔

آسمان کا دیکھنا: مال ملنے کی دلیل ہے یا رتبہ بلند ہو اور اگر آسمان پر چڑھ گیا ہے تو خدا کے یہاں عزت پائے گا اور صراط سے جلد اتر جائے گا، یا بادشاہ خواہ حاکم مہربان ہوگا۔

آسمان سے شہد یا سرکہ خواہ روغن یا مثل اس کے دیکھنا: یہ سب چیزیں خیر وبرکت کی دلیل ہے۔

آسمان پر قوس (دھنک) وقُزح (rainbow) دیکھنا: اگر وہ سبز رنگ ہو، امن وامان ہے اور اگر زرد رنگ ہے تو مرض کی دلیل ہے اور سرخ ہے تو دلیل خونریزی کی اور بعضوں نے سرخی قوس وقزح کو نکاح سے تعبیر کیا۔

ابر (بادل) آسمان پر دیکھنا: حاکم یا بادشاہ مہربان ہو یا رزق میں ترقی ہو۔

ابر (بادل) کا ہر جگہ برسنا یا محیط دیکھنا: وبا آنے کی فتنے کی دلیل ہے اور ایک جگہ برسنا رحمت کی دلیل ہے اور ابر کا مع بجلی بارش کے دیکھنا قرض ادا ہو، قیدی رہا ہو، بے شمار شفا پائے۔

آفتاب کی روشنی: ترقی ومدارج اور بہتری حال ومال کی دلیل ہے۔

آفتاب برابر دیکھنا: غمگین وملول ہو فکر واندیشہ فضول ہو۔

آفتاب کو روشن دیکھنا: بلند درجہ کی دلیل ہے ملکِ عظیم کو پہنچے گا، زیادتی رزق کی دلیل ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ آفتاب اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اگر وہ بے زن (بیوی کا نہ ہونا) ہے عقد (نکاح) ہوگا۔

آفتاب کو گہن یا گرد وغبار میں ڈھکا ہوا دیکھنا: مرض یا کسی مصیبت کے آثار ہیں یا صاحبِ خواب کے والدین کا انتقال ہوگا، آسمان کے قریب اُڑ کے پہنچنا، حصول نعمت ودین ودنیا ہے۔

آنت سے خون جاری ہونا: ترقی سے منزل ہو جائے، اولاد کا غم اٹھائے۔

آگ: عورت مالدار وصاحب حشمت ملے۔

آگ اٹھالینا: مَنْفَعَتْ بے حساب ہو صرف بے جا سے اجتناب ہو۔

آگ جلا کے کچھ پکانا: جیسا کہ اوپر گزرا۔

آگ جلانے میں کپڑا جلتا دیکھنا: آنکھ کو نقصان بہت پہنچے ملال سے نہایت سرگرداں اور پریشان رہے۔

آگ کا کھانا: مالِ حرام کھائے گا پشیمانی اٹھائے گا یعنی تعبیر آگ اٹھانے کی ہے۔

آگ جلا کے پکانا: فضول خرچی سے نجات ہو نفع بے حساب ہو۔

آگ سے کپڑا جلتے دیکھنا: آنکھ کے نقصان کی دلیل ہے۔

آلت دار (عضو تناسل والی) عورت دیکھنا: اگر حاملہ ہو لڑکا جنے، غیر حاملہ ہو تو بانجھ رہے۔

آلت (عضو تناسل) اپنا کٹا ہوا دیکھنا: ترقی سے تنزّل کی علامت ہے یا اولاد کا بیمار ہونا۔
اولا دیکھنا: سختی در رنج اور ہر کام میں روڑے (رکاوٹ) اٹکیں۔
اولا کھانا: خوشحالی اور فَارِغُ البَالِی حاصل ہو۔
اونٹ دیکھنا: بے شمار مال حاصل ہو۔
اونٹ پر سوار ہونا: بے ارادہ سفر پیش ہو مگر نفع بے بہا ہو۔
انگلیاں مُتَفَرِّقْ (جدا جدا) دیکھنا: تنگدستی ہو جائے اندیش و فکر میں مبتلا ہو۔
اسماعیل علیہ السلام کو دیکھنا: اولاد کا غم ہو۔
آدم علیہ السلام کو دیکھنا: عزت و آبرو پائے گا۔
اپنے آپ کو اُڑتے دیکھنا: گناہوں سے بری ہو یا سفر کو جائے اور سلامت گھر واپس آئے۔
انڈا دیکھنا اور انڈے کا مالک ہونا: اگر کسی نے انڈا پایا اور یہ نہیں معلوم کہ کس چڑیا کا ہے تو عزت پانے کی دلیل ہے۔
انڈے کھانا: اگر کسی صورت سے پکا کر کھایا ہے تو مالِ صالح سے تعبیر ہے اور اگر خام یا کچا تناول کیا ہے تو مالِ حرام سے تعبیر ہے اور کسی انڈے کا چھلکا یا سفید بدونِ زردی کے کھایا ہے تو مال، مردے یا مقتول کا پائے گا۔
اونٹ کا گوشت کھانا: بیماری اٹھائے لیکن روزی حلال ہاتھ آئے۔
اشرفی کا دیکھنا: لڑکا پیدا ہو یا نفع تجارت ہو اور رتبہ بلند ہو۔
انگوٹھی پہننا: کسی عہدے پر سرفراز ہو یا کسی حسینہ سے عقد (نکاح) ہو۔
انگوٹھی کا پیچ ڈالنا: عورت کی جدائی کا صدمہ اٹھائے۔
انگوٹھی سونے کی بلا نگینہ دیکھنا: عورتوں کیلئے اچھا خواب ہے، مردوں کیلئے نازیبا بلکہ برائی کی علامت ہے۔
پٹی ہاتھ پر دیکھنا: نقد دولت پانے کی نشانی۔
ابر کا ٹکڑا پانا اور اپنے صَرف میں لانا: علم حکمت حاصل ہو فن طب و ڈاکٹری میں کامل ہو، اگر ابر کو کھا جائے تو بادشاہ یا حاکم (افسر) سے فائدہ پائے۔
اَرْگَن (عام طور پر ایسے باجوں کو کہتے ہیں جو کلیساؤں میں رکھے جاتے ہیں) بجانا: افسر فوج ہو یا حاکمِ شہر ہو۔
ازار دیکھنا: عورت ملے شادی خانہ آبادی ہو۔
ازار بند دیکھنا: کوئی نوکر یا عورت زوجہ خوش اطوار حاصل ہو۔
اصحابِ رسول ﷺ کی زیارت: برکت نصیب ہو، بشارت و سرور حاصل ہو۔
انگلی زیادہ دیکھنا: مقصد سے دوری اندیشہ و فکر میں مبتلا ہونا۔
انگلی پاؤں کی دیکھنا: اولاد ہو گی، نوکر، غلام حاصل ہو۔
اپنے آپ کو ہلاک دیکھنا: گناہوں سے تائب ہو کر نیک اعمال کی رغبت۔
اپنے آپ کو مقتول یا مردہ دیکھنا: درازی عمر کی دلیل ہے۔
انگوٹھی کھو جانا: حکومت جاتی رہے قدر و منزلت ختم ہو جائے۔
اُلّو دیکھنا: مال جانے سے تعبیر ہے۔

آم کھانا: توانگری (مالداری) کی دلیل ہے یا صاحب اولاد ہو۔

آہن (لوہا) دیکھنا: خوشی پیدا ہو یا درجہ بلند ہو۔ اگر حج کا مہینہ ہے تو کبھی حج نصیب ہو گا اور اگر غیر ایامِ حج میں دیکھے اور قربتِ زمانہ حج ہے تو نیک باتوں کا چرچا کرے گا اور اگر یہ دیکھے کہ وہ کلمہ اذان میں کہتا ہے جن کو خود نہیں جانتا تو وہ چور ہو گا۔

اذان بے وقت کہنا: ظالم کے ظلم و جبر میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے یا کوئی تہمت لگے اور صاحبِ خواب محض بے گناہ ہو گا۔

اذان راستے میں کہتے جانا: حج کرنے کی دلیل ہے۔

انار شیریں (میٹھا انار) کھانا: بمعنی مال کے ہیں بلکہ ہر میوے (پھل) سے دلیل ہے کہ دنیا میں خوشی ہو گی۔

انار تُرش (کھٹا انار) کھانا: اگر موسم یا فصل میں دیکھے تو خیر و برکت کی نشانی ہے اور بے فصل دیکھنا مرض یا رنج کی دلیل ہے۔

انگور کا شیرہ نکالنا: انگور کا شیرہ نکلتے دیکھنا خوشی کی دلیل ہے۔

انار میٹھا دیکھنا: نیک نامی اور شادمانی کی دلیل ہے۔

آنکھ کا دیکھنا: اگر دیکھا ہے کہ آنکھ کی روشنی میں زیادتی ہے تو گویا اس کے دین میں ترقی ہے۔ کمی دیکھنا دین کی کمی پر دلیل ہے۔

انگلیوں کا دیکھنا: مقصد سے دور رہنے کی دلیل ہے۔

انگلیوں کا الگ الگ دیکھنا: عزیز و اقارب جدا ہوں، تکلیف سے زندگی بسر ہو۔

آگ بغیر دھوئیں کے روشن دیکھنا: بادشاہ یا حاکم کی زیارت ہو، رتبہ بلند ہو، تمام فکروں سے نجات ہو۔

آئینہ نظر آئے: دوست یا خدمتگار ملے تمنائے دل پوری ہو۔

آئینہ دیکھنا: دین و دنیا کی مراد کے حصول کی دلیل ہے اگر عورت حاملہ ہے تو بچہ پیدا ہو، اگر خواب عورت نے دیکھا تو لڑکی پیدا ہو۔

انار تُرش (کھٹا انار): جسم آبلہ دار (دانے دار) ہو جائے تکلیف بڑھ جائے۔

انار کا درخت: باکرہ لونڈی ملکیت میں آئے یا منکوحہ مال لائے۔

انار پانا: روپیہ ملے یا اولاد نیک۔

اولیاء اللہ کو خوشحال دیکھنا: دلیل جاہ و اقبال ہے۔

غصہ میں دیکھنا: اس کے برعکس ہے۔

انجیر کھانا: مالِ حلال ملے نفع کثیر حاصل ہو۔

انجیر کا پتا: اندیشہ و بیماری کی نشانی ہے۔

انتڑی: زیادتی اسباب و متاع خانگی کی علامت ہے اور فارغ البالی کی طرف اشارہ ہے۔

اندھا دیکھنا: اپنے آپ منفعت سے محروم رہے قصدِ سفر سے مَغموم (پریشان) رہے۔

اندھیرا: دنیا کے کاموں سے چشم پوشی ہو۔

انگشتری (انگوٹھی): تولد (پیدائش) فرزند ہو یا غلام ملنے سے خوشی ہو۔

انگشتری سونے کی بے نگینہ دیکھنا: مردوں کے واسطے علامت برائی ہے، عورتوں کیلئے اشارہ بھلائی کی طرف ہے۔

انگشتری پہننا: حکومت و مرتبہ بزرگ کی نشانی ہے۔

انگشتری سے نگینہ گرنا: حکومت میں خلل پڑے۔

انگشتری دوست کو پہنانا: جورو(بیوی) کی خیانت سے ملال ہو کج بختی(برا) فی الحال ہو۔

انگور سفید دیکھنا: فائدہ کثیر ہو صاحب تدبیر ہو۔

انگور سے شیرہ نکالنا: حاکمِ وقت یا بادشاہ سے کامیاب ہو۔

انگشتری بیچنا: عورت سے فراق(جدائی) ہو جدائی شاق(صدمہ پہنچانے والی) ہو۔

انسان کا گوشت کھانا: مال حرام ہاتھ آئے گا۔

اولے کا میدان دیکھنا: دشمنِ بدخواہ(برائی چاہنے والے) بہت ہوں۔

اولا کھانا: باعثِ پریشانی و حیرانی ہے اور کبھی خوشی و شادمانی کی تعبیر ہے۔

اولے کو گرتے دیکھنا: اگر خلاف موسم میں دیکھے تو نقصان اٹھائے اور موسم میں دیکھے تو فائدہ کثیر اٹھائے۔

آندھی کا دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

آندھی کا آنا اور بجلی گرنا: کوئی بلا آنے والی ہو یا وبا پھیلے۔

اونٹ دیکھنا: اگر قبضہ میں ہے تو دنیا تابع ہوگی، یعنی دنیا سے بے نیاز ہوگا اور اونٹوں کی قطار دیکھنے سے بھی وہی تعبیر ہوگی۔

اونٹ کو جَستہ کناں(اچھلتا ہوا) دیکھنا: کوئی بلا آسمانی نازل ہونے والی ہے۔

اونٹ پر اپنے آپ کو سوار دیکھنا: سفر کی دلیل ہے یا حج کی نعمت ہاتھ آئے۔

امرود کا دیکھنا یا کھانا: اگر شیریں(میٹھا) ہے تو دنیا میں نعمت حاصل ہو، اگر ترش ہے تو مرض ہونے کی دلیل ہے۔

اخروٹ کھانا: تجارت میں نفع ہو۔

الائچی دیکھنا یا کھانا: صاحبِ خواب کی تعریف و ثناء اور نیک کام ہونے کی دلیل ہے اور مال حاصل ہونے کی دلیل ہے اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی دلیل ہے۔

اینٹ کا دیکھنا: اگر کوری خشک پڑا یہ(صاف شفاف) سے نکلی ملی ہے تو خزانہ ملنے کی دلیل ہے۔

اینٹ کا دیوار سے نکل جانا: کوئی مرد وہاں سے کوچ کر جائے گا، یا کوئی عورت خاص گھر چھوڑ کر چلی جائے گی یا مر جائے گی۔

آبِ زم زم پینا: علمِ اشرف حاصل ہونے کی دلیل۔

(ب)

بال سر کے کھلے دیکھنا: عورت کیلئے شادی کی دلیل ہے۔

بال سر کے سفید دیکھنا: سبب خیر و برکت و زیادتی عمر و حرمت کی دلیل ہے اور اگر سیاہ دیکھے تو غریب کیلئے اچھا ہے اور غنی کیلئے برا ہے۔

بال سر کے دراز دیکھنا: اگر صاحبِ خواب تاجر ہے تو اس کے مال میں زیادتی ہوگی اور اگر وہ کاشتکار ہے تو اس کی کاشت میں زیادتی ہوگی اور اگر ان میں سے کوئی نہیں ہے تو اس کیلئے بہتر نہیں ہے۔

بال داڑھی حد سے زائد دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے رنج و غم کی نشانی ہے۔

بال داڑھی منڈ جانا: جو مرتبہ لوگوں کے درمیان اسکا ہے وہ جاتا رہیگا، اسی طرح اگر سر داڑھی کے بال منڈ گئے یا نوچ ڈالے گئے تو اس کا قرض ادا ہو گا۔

بال و سر د داڑھی میں روغن لگانا: اگر روغن خوشبودار ہے اور حد مقدار پر لگایا ہے تو صاحبِ خواب کی زینت خوب ہوگی اور اگر زائد روغن لگایا ہے یعنی چہرے پر بہا ہے تو تعبیر اس کے برعکس ہے اچھی نہیں ہے۔

بال سر کے پریشان اگر عورت دیکھے: تو اس کا شوہر غائب واپس مل جائے گا اور اس کا شوہر نہیں ہے تو وہ نکاح کرے گی۔

بال سر کے اگر عورت دیکھے کہ اس کو کوئی تراشتا ہے: تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا اور اگر مرد دیکھے اپنی عورت کے بال سر کے مونڈے ہیں تو اس کے اولاد نہ ہو گی۔

بال زبان پر دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

بال داڑھی میں نکلے ہوئے عورت دیکھے: تو اس کا شوہر آجائیگا اور اگر موجود ہے تو سفر کریگا اور جو بیوہ ہے تو نکاح کرے گی اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہو گا اور وہ لڑکا سردار ہو گا۔

نابالغ کو دیکھنا بال داڑھی کے: اگر لڑکے نے دیکھا کہ میری داڑھی نکلی ہے تو بالغی سے پہلے مر جائے گا۔

بازو کھلے کسی عورت اجنبی کو دیکھنا: تو صاحبِ خواب مال دنیا سے آسودہ ہو جائے گا۔

بول و براز خواب میں دیکھنا: مال حرام ملنے کی دلیل۔

بچھو کا گوشت کھانا: اپنے دشمن سے مال حاصل ہو۔

بچھو لحاف میں اور ہر چیز میں گھستے دیکھنا: کوئی دشمن غیبت کرتا ہے۔

بادام دیکھنا: ترقی دولت۔

بادشاہ دیکھنا: دولت و نعمت یا حکومت ملے۔

بادشاہ کو خوش و خُرم دیکھنا: عزت و جاہ دولت و مسرت ہو۔

بادشاہ کو غیر جگہ اترتے دیکھنا: اس جگہ آفت آئے گی اور کھیتیاں برباد ہوں گی۔

بادشاہ کے ساتھ کھانا کھانا: درازی عمر ہو اور دولت آئے۔

بادشاہ کو بدمزہ دیکھنا: ضرور نقصان کا اندیشہ۔

بادشاہ کو اپنے ہمراہ چلتے دیکھنا: خویش و اقارب سے جدائی۔

بالوں میں کنگھا کرتے دیکھنا: اچھی بات نہیں۔

بندر بلی کا پنجہ مارنا: کم عمری یا بیماری۔

بندر یا بلی کا دیکھنا: دشمن سے امن رہنے کی دلیل ہے۔

بَزّاز (کپڑا بیچنے والا) دیکھنا: اعلیٰ مرتبہ کی دلیل ہے بزاز کپڑے بیچ رہا ہے تو کوئی دشمن دشمنی سے پیش آئے۔

بیل موٹا دیکھنا کہ قبضہ میں آیا: موافق صاحبِ خواب کے اسے نفع ہو گا۔ (عزیز الخلائق)

سرخ بیل دیکھنا: مال سے لدے ہوئے کسی شہر یا موضع میں آتے ہوئے دیکھا اور بالوارث کے ہے تو اس جگہ مرض آنے والا ہے۔

بکریاں بہت پالنا: جماعت کا فیصلہ کرنے والا ہونا۔

بیمار بجلی اور مینہ دیکھے: تو شفا ہو اور جو مقروض ہو تو قرض ادا ہو جائے اور قیدی ہو تو چھوٹ جائے۔

باغِ سبز دیکھنا: اگر غیر معلوم ہے تو اسلام اور خوشخبری ہے۔

بیل کا لاغر دیکھنا: بیماری یا موت یا گرانی غلہ کی دلیل ہے اور یہی تعبیر گوشت سے ہے۔

بکری چرانا: حکومت ہاتھ آئے اور دودھ پینا مال سے تعبیر ہے۔

بکریوں کا گلہ دیکھنا: حکومت ہاتھ آئے عزیز و اقارب میں باعزت ہو۔

بھیڑی دیکھنا: نکاح کی دلیل ہے، بھیڑ کو قتل کرنا عورت کو طلاق دینا ہے۔

بیل کا گوشت کھانا: روزی مشقت سے ملے گی، مگر حلال ہوگی۔

بھینس کا دیکھنا: رنج و غم کی دلیل ہے۔

باران رحمت ہونا: سال فراخ ہو، غلہ ارزانی (سستا) پر ہو۔

بھیڑیا دیکھنا: حاکمِ وقت ظالم سے سامنا ہو۔

بالائی (چوری چھپکے) کھانا: کہیں سے روپیہ ہاتھ آئے، مفت عیش اٹھائے اور بعض نے تعبیر اس کے برعکس کہی۔

باز کو دیکھنا: دشمن پر فتح پائے۔

اپنے آپ کو بھوکا دیکھنا: حیرانی و پریشانی و قرضداری کی نشانی ہے۔

باورچی کا دیکھنا یا بان میں چلنا یا کھانا: کثرتِ نعمتِ مال کی دلیل ہے۔

پانی کھاتے پیتے دیکھنا: دین و دنیا میں ترقی ہو۔

بہشت یا بہشت کی نعمتوں کو دیکھنا: تقوی پرہیز گاری اعمال نیک اور بہشت میں بعد مرنے کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔

باجرہ دیکھنا یا کھانا: خوب نہیں ہے صاحبِ خواب کیلئے۔

بکری کا دودھ پینا خواب میں: دنیا میں عیش و عشرت سے گزر ہو۔

بارانی (بارش یا بارش سے سیراب زمین): برکت کی نشانی ہے، رفعِ پریشانی ہے۔

باز سے شکار کرنا: عاملانِ شاہی (بادشاہ کے خدمت گزار) اس کے فرمانبردار ہوں۔

باغ دیکھنا: اگر سرسبز ہے تو خوشی اور عیش میسر ہو اور خشک دیکھے تو برعکس ہو۔

بازو کٹا دیکھنا: بھائی یا عزیز کا غم اٹھائے رنج سامنے آئے۔

سیدھا ہاتھ دیکھنا: فرزند یا بھائی یا دوست سے ملے۔

بایاں بازو دیکھنا: جورو (بیوی) یا ہمشیرہ سے ملاقات ہو۔

بال سر کے کٹے دیکھنا: مرد کا قرض ادا ہو جائے یا امانت سے سبکدوشی پائے اور عورت کے فرزند ارجمند ہو۔

بال کاٹتے دیکھنا: عورت کو شوہر طلاق دے۔

بال سفید دیکھنا: وقار حاصل ہو فاضل ہو اور سیاہ دیکھے تو سردار ہو۔

بال بڑھتا: مرد عورت جوان کو زیادتی مال و درازی عمر کی بشارت ہے اور ضعیف کو فکر و اندیشہ کا اشارہ ہے۔

بالاخانہ دیکھنا: قدر بلند ہو مرتبہ عالی پائے حکومت ہاتھ آئے۔

بالو دیکھنا: اگر کم ہو مال زیادہ ملے۔

بال کا چھوٹا دیکھنا: تونگر (مالدار) کو پراگندگی (زیادتی) مال اور حاکم کو پریشانی کمال (بہت زیادہ) ہو۔

باتیں کرنا: خدمت بڑی پائے عہدہ ہاتھ آئے۔

باتیں بہت کرنا: جیسا کہ اوپر گزرا۔

بردہ خرید کرنا: سرداری کا سبب ہے۔

بردہ (غلام) بیچنا: غم کی نشانی ہے رات دن حیرانی ہے۔

بیضہ مرغ دیکھنا: عورت خوبصورت ملے یا دوست سے راہ ورسم ہو۔

برف کھانا: دل کو خوشی حاصل ہو۔

برف دیکھنا: اگر موسم ہے تو زیادتی مال ہو، ورنہ نقصان ہو۔

برج دیکھنا: خوف و آفت پیش آئے جلد دفع ہو جائے۔

بزرگانِ دین کو دیکھنا: خیر وبرکت کا سبب ہے۔

بازار دیکھنا: بزرگی کی علامت ہے ترقی دولت ہے۔

بال ناک پر دیکھنا: غم واندیشہ کی نشانی ہے۔ کچھ پریشانی ہو۔

بلند جگہ چڑھنا: مرتبہ بلند ہو قوم میں ممتاز ہو۔

بلندی سے اترنا: مرتبہ گھٹنے اورتَنَزُّلُ عہدہ کے ہونے کی علامت ہے باعثِ نَکْبَتُ (مفلسی) ہے۔

بلخ دیکھنا: حاکم سے نفع ہونے کی دلیل ہے۔

بادشاہ سے لڑنا: فراخی نعمت وارزانی (سستا اور آرام سے مل جانے) کا سبب ہے۔

بال جھیلی پر دیکھنا: قرض میں مبتلا ہو، اندیشہ سوا ہو۔

بڑھیا خوبصورت دیکھنا: رونق خانہ اور کشادگی رزق کی دلیل ہے، بدصورت بڑھیا کو دیکھے تو اس کے برعکس ہے۔

بکری چرانا: سردار قوم ہو، تمام حلال جانور کی بھی یہی تعبیر ہو۔

بختہ (ہلکی بارش) دیکھنا: لونڈی پارسارہ (نیک) ہاتھ آئے۔

سکتے آپ کو دیکھنا: اگر فقیر ہے منفعت ہو تونگر کو رنج ہو۔

بلی کا گوشت کھانا: دشمن سے مقابلہ ہو۔

بدن میں ناسور دانے: یہ تمام مال دستیاب ہونے کی دلیل ہے اور کوڑھ خواہ سفید داغ کا دیکھنا۔

دنبل قرحہ زخم دیکھنا: یہی مال پر دلالت کرتا ہے۔

بال زیر ناف کم یا زیادہ دیکھنا: اگر بال زیر ناف کم دیکھے: مال پاک اور حلال ملنے کی دلیل ہے اور بکثرت یا دراز دیکھنا: حرام مال کی دلیل ہے۔

برہنہ بدن دیکھنا: یسی حالت میں خلق اس کو ملامت نہیں کرتی ہے تو تعبیر اس کی بہتر ہو گی کہ کشائش اور نجات مرض سے ہو گی اور اپنے گناہوں سے پاک ہو گا، اگر قرض دار ہے تو قرض ادا ہو گا۔

بچھو کا ڈنک مارتے دیکھنا: بچھو بمنزلہ دشمن کے ہے چنانچہ جس نے دیکھا کہ بچھو نے ڈنک مارا ہے تو اس کا کوئی دشمن ہے کہ زبان سے اس کے خلاف ایسی غیبت میں باتیں کرے گا جس سے اس کو تکلیف پہنچے گی۔

بچھو کا مار ڈالنا: دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔

بچھو سے دوسروں کا کٹوانا: صاحبِ خواب دوسروں کی غیبت کرتا ہے، پرہیز کرے۔

بزرگانِ زاہد عابد مرد نیک یا فقیر کو دیکھنا: نیکی زیادہ ہو، خیر وبرکت ہو، عنایت ورحمت خدا ہو۔

بادشاہ کو مہربان دیکھنا: عزت و توقیر بڑھے اور نعمتِ دنیا ملنے کی دلیل ہے اور بادشاہ کے ساتھ کھانے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

بادشاہ کی میت دیکھنا: ملک خراب ہو۔

بادام کا دیکھنا: دوستوں سے فائدہ ہو، غیب سے روزی نصیب ہو، ہمیشہ خوش رہے۔

باغ کا دیکھنا: اگر خشک ہے تو باعثِ رنج و ملال ہے اگر سرسبز دیکھے موجبِ دولت و جاہ و اقبال ہے۔

باغ کی سیر کرنا اور میوہ کھانا: جنتی ہونے کی دلیل ہے یا کسی حسینہ عورت سے کچھ حاصل ہونے کی امید ہے۔

باغ کا دروازہ بند کرتے دیکھنا: رزق میں تنگی ہو، یا طلاق عورت کو ہو۔

باغ آم انگور وغیرہ میوہ دار کا لگانا خواب میں: شرف و عزت کی دلیل ہے، خاردار درختان کا لگانا اس کے برعکس ہے۔

بادشاہ کو غصہ میں دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

بالوں کو کھلے ہوئے چہرے تک دیکھنا: تونگر و مُفلس دونوں کیلئے وبال جان ہے۔

بال سر کے گرتے دیکھنا: دولت ملنے کی دلیل ہے اور اگر قرضدار ہے تو ادائیگی قرض کی دلیل ہے۔

بال اپنے ہاتھ سے مونڈنا اور سر صاف کرنا: خلق (مخلوق) کی نظروں سے گر جانے کی دلیل ہے۔

بال کھلے دیکھنا: عورت کیلئے شادی کی دلیل۔

بوڑھا دیکھنا: سفر سے بالخیر مراجعت کرے گناہ معاف ہو عیوب سے پاک اور صاف ہو۔

بہرہ دیکھنا آپ کو: علم یا دین کا نقصان ہو یا بد خبر (بری خبر) سے حیران ہو۔

بہشت میں جانا اور بہشت کا پھل کھانا: عالم باعمل اور متقی بے بدل ہو۔

بیگن دیکھنا: اگر موسم ہے تو اندیشہ ملال ہے، ورنہ نیک کمال ہے۔

برف کے وزن سے مکان گرنا: حاکم شہر کی ہم خوابہ (بیوی) مر جائے۔

بیل دیکھنا: اس سال ارزانی ہو غلہ سے شادمانی ہو۔

بیل لاغر دیکھنا: اس سال تنگی و قحط سے ملال ہو۔

بھیڑیا دیکھنا: بادشاہ ظلم یا دشمن بدذات سے سابقہ ہو۔

بھوکا دیکھنا: مرض ہو یا حصولِ جاہ میں سرگردان ہو۔

بَھوَن (مکان): اگر جبیں دیکھے بزرگی اور آبرو سے قدر حاصل ہو۔

بیمار آپ کو دیکھنا: عبادت میں خلل ہو قصد سفر باطل ہو۔

بیمار یا مردہ دیکھنا: علامت صحت و تندرستی کی ہے۔

بلبل: مسرت و فرحت ہو اگر بیمار دیکھے صحت ہو۔

بہی (بہتری): لڑکی پیدا ہو یا حمل ظاہر ہو مگر گھر سے باہر ہو۔

بھونرا (زمین) دیکھنا: دفعِ ملال ہو مسرت فی الحال ہو۔

بکھری کھو جانا: سردار قوم ہونے کی دلیل ہے۔

بکری کا بچہ دیکھنا: خوشی کی علامت ہے۔

(پ)

پانی چشمہ کا پینا: مال و دولت بے شمار حاصل ہو استغنا کامل ہو۔

پانی دریا: بادشاہ ہو یا حاکمِ وقت سے دوستی۔

پانی دریا کا تمام پی جانا: بادشاہ ہو یا حاکم مالدار ہو۔

پالان: عورت ملنے کا اشارہ ہے۔

پانی پیکر سیر ہو جانا: فلاح و صلاح کی نشانی ہے۔

پارہ دیکھنا: وعدہ خلاف مشہور ہو بدنام نزدیک دور ہو۔

پارہ گرنا: ایسا مال ملے کہ جس کی نہ ملنے کی اُمید ہو۔

پائجامہ دیکھنا: عورت عیش دوست ملے آرائش بدن و صحت جسم میں ہمیشہ مشغول رہے۔

پستہ: منفعت ہو راحت ہو نیک بشارت ہو۔

پستان: جورو ملے یا اولاد نیک نہاد ہو۔

پری دیکھنا: بلند مرتبہ و حصول علم حقیقت کی علامت ہے، اگر بیمار یا مغموم ہو صحت و مسرت ہو۔

پل صراط: کسی ظالم سے رنج پہنچے یا امرِ اہم پیش آئے جس کے فکر میں مِتّر (دوست) دور ہے۔

پیغمبر کو دیکھنا: راز داری کرے عیب جوئی سے باز ہے۔

پاخانہ پھرنا: حصول علم سے جدا، نیک اعمال سے کنارہ ہو۔

پنجہ کٹا دیکھنا: مصیبت و حیرانی ہو۔ شریک یا برادر یا معتمد یا جورو ملے۔

پہاڑ دیکھنا: اولیاء اللہ کی زیارت ہو گی کیونکہ اولیاء کرام زمین پر اوتاد ہوتے ہیں۔ (اس کی تحقیق کیلئے پڑھئے فقیر کا رسالہ سبیل الرشاد فی تحقیق الابدال والاوتاد۔ اویسی غفرلہ)

پھول سفید: راحت و آرام ہو رفع آلام (مصیبت دور ہو) ہو۔

پہاڑی بکری: اگر نر ہو نفع ہو، ورنہ رنج پہنچے۔

پھول سرخ: کونین کی بہترین اور خوشی حاصل ہو۔

پہاڑ پر چڑھنا: بادشاہ یا حاکم یا دشمن قوی پر فتح مند ہو رفعِ گزند (تکلیف دور) ہو اور بلندی کی یہی تعبیر ہے۔

پہننے کا کپڑا: غم و افلاس شامل ہو تردود (بے جا پریشانی) حاصل ہو۔

پروانہ: اپنے ہاتھ سے آپ کو ہلاکت میں ڈالے پریشان رہے کسی کی تلاش میں سرگرداں رہے۔

پشم چارپایہ (جانوروں کے بال): منفعت دولت کی نشانی ہے، راحت پیش آتی ہے۔

پیالی شیر و شربت: عورت نیک گفتار یا خدمت گار ملے۔

پیاسا آپ کو دیکھنا: مال و فرزند اور دین کے کاموں میں خلل پڑے۔

پیٹ شفاف: مال و فرزند و قبیلہ کی زینت ہو۔

پیٹ انتڑیوں سے خالی: اقارب سے مفارقت و مہاجرت ہو۔

پیٹھ: معین و مددگار غیب سے پیدا ہو۔

پتھر کا پھینکنا: جھوٹ و تہمت میں گرفتار ہو۔

پیسہ پانا: عیش کی نشانی ہے مگر خیانت سے مال حرام ہاتھ آئے حرام میں جلد صَرف ہو جائے۔

پیشاب کرتی عورت: زیادتی شہوت ہو راضی ہم صحبت ہو۔

پیشاب کرنا: لڑکا بادشاہ ہو خود گمراہ ہو۔

پیشاب خون کا کرنا: پیٹ میں لڑکا مر جائے گا۔

پیشانی بلند دیکھنا: فرزند ہونے کی نشانی ہے صحت جسمانی ہے۔

پیغمبروں کو دیکھنا: سرداری و حکومت دنیا ہو بہتری عقبی ہو زندگی عیش سے بسر ہو جائے رنج سامنے نہ آئے۔

پتنگ: شراب بیچنے والا ہے اور جھوٹا مشہور ہوں۔

پیسہ دینا: مسرت و خوشی حاصل ہو۔

پانی کا کنوئیں سے جوش کرنا: پاکیزہ مال سے اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔

پانی سے کنواں خالی ہو جانا: مال تلف ہو جانا قدرے باقی رہ جانا رنج اٹھانا۔

پانی کنوئیں سے نکال کر درخت میں دینا: یتیموں کی پرورش کرنے کی دلیل ہے۔

پل صراط دیکھنا: دنیا سے نفرت ہو نیک کاموں کی طرف رغبت ہو۔

پیسہ پانا: حیرانی و پریشانی کی نشانی ہے۔

پارہ پانا: روپیہ کثیر پائے مگر بلا ضرورت خرچ ہو جائے۔

پاءخانہ پھرنا: دین سے خالی ہو مگر دنیا کا حصول ہو۔

پان کھانا: عزت و آبرو بڑھنے کی دلیل ہے۔

پریاں دیکھنا: علم و عرفان حاصل ہو اور ترقی دین و دنیا ہو۔

پیشاب خون کا کرنا: پیٹ میں بچہ مر جائے یا عارضہ سخت اٹھائے لیکن صحت ہو جائے۔

پیپ بدن سے جاری دیکھنا: اگر بیمار ہو تو صحت ہو، مالدار پریشان ہو، غریب کو آزادی ہو۔

پیاسا آپ کو دیکھنا: دنیا کی حرص بڑھے دین میں خلل پڑے۔

پہننے کا کپڑا پرانا دیکھنا: افلاس اور پریشانی بڑھے۔

پیوندی بیر دیکھنا: لڑکا پیدا ہو عزت بڑھے۔

پاؤں دیکھنا: سفر کی علامت ہے۔

پہاڑ دیکھنا: دشمن پر فتح مندی کی دلیل ہے۔

پہاڑ پر چڑھنا: دولت پانے کی دلیل ہے اور رفعت بلندی کی نشانی ہے۔

پہاڑ کو ڈھانا: کسی ظالم کو ڈھائے گا یا کسی کو ہلاک کرے گا۔

پانی پر چلنا: دولت ملنے کی اُمید۔

پھول دیکھنا سرخ: اگر باغ میں دیکھے فرزند پیدا ہو یا اور کوئی خوشی نصیب ہو، دونوں جہاں میں بہتری ہو۔

پانی کے اندر کھڑے ہونا: تندرستی کی دلیل ہے۔

پاؤں دیکھنا: زینت وترقی مال۔

پاؤں زمین پر مارنا: مصیبت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

(ت)

تاروں کا زمین پر گرتے دیکھنا: جس جگہ وہ ستارے گرتے دیکھا ہے اس جگہ نزولِ عذاب الٰہی ہو۔

تاروں کا ٹوٹتے دیکھنا آسمان پر: اگر صاحبِ خواب تونگر (مالدار) ہے محتاج ہو جائے گا اور اگر محتاج ہے تو شہید ہو جائے گا۔

تخت پر بیٹھنا یا دیکھنا: صاحبِ مرتبہ ہو گا یا افسر صاحبِ عزت ہو گا۔

تھوک بہتے منہ سے دیکھنا: خِسَّتْ اور بخل (کنجوسی) کی دلیل ہے۔

تیر مارنا: بے وقوفوں میں عزت پائے امید دلی بر آئے۔

تیر سے لڑنا: درازی عمر اور دشمن پر غلبہ۔

تیتر، چڑیا دیکھنا: مال ملنے کی امید ہے یا ترقی اقبال کی دلیل ہے۔

تابوت جنازہ اپنا دیکھنا: زیادتی زندگی کی دلیل ہے۔

تبسم ہونا یعنی مسکرانا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

تعویذ پانا: آسیب میں مبتلا ہو۔

تکیہ چبانا: بزرگی پائے اور بزرگوں میں شامل ہو جائے۔

تِل چبانا: چوری میں مبتلا ہو۔

تنور پانا: ترقی دولت ہو۔

تاج دیکھنا یا پانا: اگر کسی بزرگ سے پائے تَارِکُ الدُّنْیَا (دنیا چھوڑنے والا) ہو جائے، بادشاہ سے پائے حکومت ملے۔

تلوار دیکھنا: عورت یا بادشاہ خواہ اولاد سے مراد ہے یا افزائش جود وسخا سے مراد ہے۔

تلوار سے لڑنا یعنی مقابلہ کرنا: یہ رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔

تلوار کا ملنا اور تلوار کا بلند کرنا: اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کو بلند کیا ہے اور کسی کو اس سے مارا نہیں ہے تو صاحبِ خواب کا رتبہ بلند ہو گا یا اس کے گھر دخترِ نیک اختر پیدا ہو گی۔

تلوار کا ٹوٹتے دیکھنا: لڑکے کے مرنے پر دلیل ہے اور اگر تلوار کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کا پدر خواہ چچا مر جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کی نوک ٹوٹ گئی ہے تو اس کی دادی خواہ ماں یا خالہ کا انتقال ہو گا اور کوئی عورت قریب رشتہ دار کی فوت ہو گی۔

تلوار کا کُند ہو جانا دیکھنا: صاحبِ خواب کے نفع کی راہ بند ہونے کی دلیل ہے۔

تیر پر قابض ہونا یا تیر پانا: غلبہ عزت و شرف کی دلیل ہے۔

تیر کا مارنا: کوئی کتاب یا تحریر ایسی جگہ لکھے گا جس سے لوگوں کو رنج ہو گا۔

تیر مع کمان کے پانا: دشمن پر غلبہ پائے گا۔

تنبور: عیش و طرب کا حصول اور مال صرف ہو۔

تعزیر کرنا(سزا دینا): حاکم (افسر) کی حمایت کرے۔

تالاب میں نہانا: آلائش دنیا سے پاک ہونا، اولاد بے باک (بہادر) ہو۔

تار: رشتہ حیات مضبوط اور دوستوں سے رابطہ صحیح۔

تال مکھانہ (ایک قسم کی بیج): درخت دیکھے تو صبح مُضْمَحِلْ (کمزور) رہے، اگر پھل پھول دیکھے تو قوت طاقت میں اضافہ ہو۔

تاڑ (ایک قسم کا بڑا درخت): اگر درخت دیکھے تو غم والم ہو گا، پھل دیکھے تو آوارہ لوگ دوست ہوں۔

توپ: دشمن پر غلبہ، دنیا میں نیک نامی ہو۔

(ٹ)

ٹڈی دیکھنا: کہیں کا سردار ہو آمدنی کثیر ہو۔

ٹھیلیا (ٹھیلہ چلانے والا) دیکھنا: عورت نیک بخت ہاتھ آئے۔

ٹٹُو (چھوٹے قد کے گھوڑا) پر سوار ہونا: سفر تجارت کا کرے۔

ٹوپی کا دیکھنا: حکومت کی یا سرداری کی دلیل ہے۔

ٹیلوں پر چڑھنا: رتبہ بلند ہو عزت بڑھنے کی دلیل ہے، ایسی کسی بلندی پر چڑھنا بھی رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔

ٹوٹا ہوا تخت دیکھنا: رنج و مصیبت میں مبتلا اور حق سے روگردانی۔

ٹنڈیاں کسی (مشکیں باندھنا) دیکھنا: گناہوں سے توبہ فسق سے باز آنا۔

ٹھٹھا کرنا: دین میں خرابی آنے کی دلیل۔

ٹھوڑی لمبی دیکھنا: سردار قبیلہ وغیرہ کا سردار ہونا۔

ٹاٹ (مخصوص کپڑا): بچھا ہوا دیکھے تو دولت پائے۔

(ث)

ثَوْر، بیل دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے بہتر نہیں ہے۔

ثمر خام دیکھنا: کوئی کام اختتام کو نہ پہنچنا، ناکام رہ جاتا۔

ثُرید: روزی کشادہ راحت بے انداز

ثریا: مرتبہ بلند اور شادکام ہو۔

(ج)

جنات کے ساتھ آپ کو دیکھنا: کہیں فریب میں پھنسنے کی اور نقصان کی دلیل ہے۔

جو کا دیکھنا: حلال روزی نصیب ہو گی، مگر تھوڑی مصیبت کے بعد۔

جواہر کا دیکھنا: اللہ کی یاد میں مشغول ہونے اور مال ملنے کی دلیل ہے۔

جھنڈا دیکھنا: عالم ذی وقار ہو قوم کا سردار ہو خواہ خزانہ ملے۔

جھنڈا سفید کا دیکھنا: تونگر اور صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے۔

جھنڈا سبز: کہیں جا کر مصیبت اٹھائے مگر سلامت گھر واپس آئے۔

جھنڈا سرخ: نیک نام مشہور ہو اور خوشی حاصل ہو۔

جھنڈا زرد: بیمار ہو کر صحت حاصل ہو۔

جھنڈا سیاہ: جدھر جائے ظفریاب ہو لوگ عزت کریں۔

جماع کرتے دیکھنا: ترقی مال اور زینت دنیا کی علامت ہے۔

جماع مردے سے کرنا: جس کام میں مایوس ہو چکا ہو، اس کا انجام ہو۔

جماع مردے کو اپنے ساتھ کرتے دیکھنا: راحت و آلام سے زندگی بسر ہو، عزیزوں سے نفع ہو۔

جنگل ہرا دیکھنا: دافعِ رنج والم ہو مسرت کا سامنا ہو اور خشک دیکھنا برعکس ہو۔

جہاد کرنا: دنیا اور آخرت میں عزت ملنے کی دلیل ہے۔

جونک (کیڑا) دیکھنا: بیماری کی علامت ہے۔

جوان دیکھنا: کمزوری اور حقیری کی دلیل ہے۔

جوتا پہننا: کنیز خواہ حسینہ عورت سے وصل (ملاقات، قرب) ہو۔

جوتا تنگ پہننا: اپنی عورت سے جنگ کرنے کی دلیل ہے یعنی عورت تنگ کرے۔

جوتا پیر سے اتارنا: عورت کو طلاق دینے پر دلیل ہے۔

جوتا کا ٹوٹ جانا اور پھٹ جانا: صاحبِ خواب کی زوجہ کا انتقال ہو، نہایت ملال ہو۔

جوتا ایک پھٹ جانا یا چھن جانا: برادرِ حقیقی کے مرنے کے آثار ہیں۔

جامہ فیروزی کا پہننا: صاحبِ خواب کیلئے نہایت مبارک ہو، نصیبہ زور آور ہو، اسی طرح سے اگر کسی نے دیکھا کہ جامہ سیاہ رنگ کا پہنا ہے تو بھی اس کی زندگی خوشگوار گزرے گی۔

جامہ سرخ کا پہننا: صاحبِ خواب کو حاکم خواہ بادشاہ وقت سے خطرہ ہو۔

جامہ سبز: صاحبِ خواب کو نعمتِ زر حاصل ہونے کی دلیل۔

جام: کامیاب بر کنار ہو، دوست برباد ہو۔

جراحت (زخم): دولت مند ہو فرزند سعادت مند ہو۔

جراحت سے خون: منفعت بے پایاں کی نشانی ہے۔

جمالِ الٰہی دیکھنا: مومن کو فرحت ہو مسلمان کو عزت ہو، عالموں کو پرہیز گاری۔

جگر: عورت خوشحال ہاتھ آئے۔

جنگ: غیبت سے پرہیز کرے۔

جنگل: رنج دفع ہو جائے دشمن پر فتح پائے۔

جُنُب دیکھنا: عورت پاکیزہ خدمتگار خوش سلیقہ ملنے کی علامت ہے فرحت بے نہایت ہے۔

جوتا پہننا: کوئی مشکل کام کیلئے سفر کرنا پڑے اور عزیز وا قارب سے دوری اور جدائی ہو۔

جوئے آب (نہر): صادق القول (سچ بولنے والا) اور نیک رفتار ہو۔

جون: ضعیف وحقیر ہونے کی علامت ہے۔

جھرنے کا پانی: مالدار صاحب جمال ہو۔

جنازہ: صحت وعافیت ہو اور درازی عمر و دولت پائے۔

جھولنا: ہواؤں میں اضافہ ہو۔

جھانج: خوشخبری سے دلشاد ہو۔

جھاز: غصہ و غم سے فرصت ہوں۔

(چ)

چاندی پانا: رنج دور اور فرحت و سرور حاصل ہو، مال سے گھر بھر جائے۔

چونٹیوں کو گھر آتے دیکھنا: مال کثیر ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

چشمہ دیکھنا: خیر وبرکت اور نعمت پر دلیل ہے۔

چھت کو اپنے اوپر گری دیکھنا: کسی بزرگ سے رنج پہنچنے کی دلیل ہے یا کوئی بزرگ سفر سے واپس گھر آئے گا۔

چاندی کا دیکھنا: مالِ حلال پر دلیل ہے کنیز یا زوجہ سے مواصلت (ملاقات)۔

چاندی کی انگوٹھی پہننا: اپنی ہی لیاقت کی موافق عزت وبزرگی ملے یا کسی عورت حسینہ سے عقد ہو یا بچہ پیدا ہو۔

چاندی کھوئی: تھوڑا ملال حاصل ہو دولت کا زوال۔

چراغ روشن دیکھنا: درازی عمر اور تندرستی کی دلیل ہے اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی کی بھی دلیل ہے اور مفلس ہو تو تونگری اور بیکار ہو تو باکار ہونے سے دلیل ہے۔

چاند دیکھنا: بزرگی و عقلمندی کی خواہ حکیم وحکمت کی دلیل ہے یا عورت ملے یا اولاد سے بھی دلیل ہے۔

چاند گہن دیکھنا: غلہ کی گرانی ہو یا عورت کا اسقاطِ حمل ہو یا روزی تنگ ہو یا حاکم وقت پر کوئی آفت آئے۔

چاندنی کھلی دیکھنا: منفعت اور دولت ملے عزت سے زندگی بسر ہو، افزونی نعمت اور دولت ہو۔

چاند کو آغوش میں یا ہاتھ میں دیکھنا: اولاد پیدا ہونے کی بشارت ہو، یا عورت صاحب جمال عورت دیکھے تو مرد صاحبِ جمال۔

چاند کا اپنے پاس آتے دیکھنا: لڑکا پیدا ہونا کہیں کا حاکم وقت ہو۔

چوہا دیکھنا: عورت بدصورت وبدسیرت پائے عمر بھر رنج اٹھائے۔

چوکھٹ چومنا: عورت کا تابع ہو، راہ سے بے راہ ہو یا کسی کی جت میں ذلیل وخوار ہو۔

درخت کی چھال کھانا: اِفلاسی کی دلیل ہے۔

چادر دیکھنا: نیک بی بی ہاتھ آئے۔

چھت دیکھنا: رتبہ بلند ہو، صاحبِ دولت ہو۔

چاول دیکھنا: بعد چندے مصیبت راحت حاصل ہو اور مشقت سے مال حاصل ہو۔

چھوٹے چھوٹے پرندوں کو دیکھنا: خوش دلی کی دلیل ہے۔

چھینکنا: جس مطلب میں شک پڑ جائے وبے شک شبہ پوری ہو۔

چھاگل (بکری کی کھال) دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے بہتر نہیں ہے۔

چھڑی دیکھنا: دشمن خود مارا جائے۔

چھاتی دیکھنا: شادی ہو کثرت اولاد لڑکیوں کی ہو۔

چیتے کے مقابل سے بھاگتے دیکھنا: فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

چوہے کو دیکھنا کہ کوئی چیز گھر کی کھاتا ہے: تو صاحبِ عمر کی عمر کے نقصان کی دلیل ہے۔

چکور کا دیکھنا: عورت خوبصورت اور پارسا پر دلیل ہے کہ ہاتھ آئے گی۔

چیل کا دیکھنا: درازی بیماری ہو۔

چھاچھ: فکر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

چھوٹی ہونا داڑھی کا: عزت آبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔

چاندی گلانا، چاندی دینا: عورت کے دھوکہ میں آئے لیکن کام بن جائے خصومت (مقدمات) میں جھگڑوں سخت مبتلا ہونا۔

چتر شاہی (شاہی تخت): سلطنت یا مرتبہ بلند ملے۔

چشم: مدارج دین حاصل ہوں نصرت پائے، یا فرزند سے راحت پائے، اگر بد و معیوب دیکھے بالعکس سمجھے۔

چشم اپنی زیادہ: مسافر ہو تو راہ بھول جائے۔

چشم اپنی تاریک (تاریک آنکھیں): امورِ دین و دنیا میں نام آور ہو یا بیماری فرزند اور محبوب سے مُضْطَرْ (پریشان) ہو۔

چاہ (کنواں): بادشاہ یا وزیر یا عالم ذی وقار یا غلام وغیرہ نیک سیرت یا عورت جمیلہ حاصل ہو۔

چشمہ دیکھنا (کنواں): خیر و برکت و حصول نعمت ہو۔

چشمہ گھر میں: مرد صالح کے گھر میں خیر و برکت ہو۔

چھال (لکڑی کا اوپر کا پوست) درخت کھانا: علو مرتبت ہو زیادہ شوکت ہو۔

چقندر: خیر و برکت ہو تجارت میں منفعت ہو۔

دریا میں ڈوبتے دیکھنا: نیک کاموں سے کنارہ کرے برے کاموں میں جا گھسے۔

دودھ عورت کا پینا: اگر منکوحہ ہے الفت بڑھے اور اگر غیر ہے تو فائدہ پہنچے۔

دیو دیکھنا: اگر بد شکل ہے رنج اٹھائے اور اگر خوش رو ہے تو بلند مرتبہ پائے علم معرفت بڑھ جائے۔

دختر پیدا ہوتے دیکھا: اگر یہ خواب عورت دیکھے لڑکے کی دلیل ہے اور اگر مرد دیکھے لڑکی کی دلیل ہے۔

دہی دیکھنا: سفر کی دلیل ہے لیکن تندرست واپس آنے کی بھی دلیل ہے۔

دوزخ کے عذاب میں اپنے تئیں (اپنے کسی ذات کو) گرفتار دیکھنا: جورو (بیوی) بدصورت بدسیرت ملے نہایت تنگ کرے۔

دودھ ان جانوروں کا پینا جن کا کھانا حلال ہے: روزی ملنے کی دلیل ہے اور اس کے برعکس تکلیف پانے کی نشانی ہے۔

دوزخ سے باہر نکلنا: دینداری اور پرہیزگار کی دلیل ہے یا سفر سے واپس ہو گا، اندر دیکھا ہے تو گناہوں سے توبہ کرے دنیادار سفر کرے۔

درخت خاردار (کانٹوں والا) بے ثمر دیکھنا: بیمار ہونے کی علامت ہے۔

درخت انجیر: مالدار ہو اور تجارت میں بے بہا نفع۔

درخت آلو کا دیکھنا: بیماری اٹھائے یا کسی بلا میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

(ح)

حج پڑھنا: دلی مقصد کے حصول کی اُمید۔

خود کو حاجی دیکھنا: عورت پر غصہ کرے گا اور عورت دیکھے تو غلبہ شہوت اور مرد کی طرف رغبت۔

حوض کا دیکھنا: خیر و برکت و نعمت پر دلیل ہے۔

حمام میں غسل کرنا: فکر و غم سے رہا ہونے کی دلیل ہے۔

حمام بلا پانی کے دیکھنا: عورتوں سے رنج پہنچے۔

حلال جانوروں میں سے کسی کا دودھ پینا: روزی حلال اور طریق پسندیدہ نیک کاموں پر دلیل ہے۔ (گائے بکری وغیرہ) ہے اور جن جانوروں کا گوشت حرام ہے اس کا دودھ پینا بیماری اور فکر کی دلیل ہے۔

حرم شریف دیکھنا: ہم چشموں (دوستوں) میں توقیر و عزت ملے غم والم دور ہو۔

حیض سے پاک ہو کر غسل کرنا: اگر بیمار ہے تو صحت کی دلیل ہے اور مغفرت کی اُمید۔

حیض سے نہ ہو اور حائض دیکھے: اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی دلیل ہے۔

حمام بنانا: دشمن تباہ ہوں یا عورت نیک ہاتھ آئے، مقصد حاصل ہو عیش کی طرف مائل ہو۔

حلال کرنا جانوروں کا: حاکمِ وقت سے نفع کی امید ہے، یا کار خیر کرنے کی امید ہے۔

حلوہ کھانا: جہالت سے دور ہو، راحت حصول ہو عمر دراز اور عیش سے گزرے۔

حجامت بنوانا: خاندان میں کوئی آفت آئے۔

حِصار یعنی قلعہ کا دیکھنا: اگر کوئی شخص قلعہ میں محصور ہو تو سردار قوم یا نئے یاروں سے ہم آغوش ہو یا دین کا محافظ ہو۔

حمام میں پیشاب کرنا: مریض ہو یا کوئی اور سختی اٹھائے۔

حجام کو دیکھنا: مالدار کیلئے اچھا نہیں مال کا نقصان ہو یا اور کوئی رنج ہو۔

حِمار یعنی گدھے کا خواب میں دیکھنا: اگر حمار پر سوار دیکھے اور حمار کو اپنے قبضے میں دیکھے جو وہ کر رہا ہے تو اس کی کوشش کامیاب ہے اور تعبیر مال و دولت سے بھی ہے۔

حِمار پر سوار دیکھنا: خیر و برکت پر دلیل ہے۔

حِمار سے گرنا: پستی درجہ کی دلیل ہے۔

حِمار کا گوشت کھانا: مال حرام و خبیث حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

حِمار کا دودھ پینا: مرض شدید میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے اور بعض نے صحت سے تعبیر دی ہے۔

حجرِ اسود کا بوسہ: کسی بڑے بزرگ سے فیضیاب ہو۔

حق تعالیٰ کو حساب دینا: گھر پر ہے تو خوشی و راحت، سفر میں ہے تو امن و عافیت سے گھر آئے۔

حمام سر د دیکھنا: عورتوں سے رنج کا حصول۔

حیض مرد کو آئے: عورت فاحشہ سے زنا بے راہروی مخلوق سے رسوائی۔

حلال کرنا کسی شے کا: خیر وبرکت کا حصول حاکم سے عزت حاصل ہو۔

حرام کرنا کسی شے کا: ذلت اٹھانا وغیرہ۔

(خ)

خوان (دستر خوان) کھانے سے بھرا دیکھنا: عیش حاصل ہونے پر اور درازی عمر پر دلیل ہے۔

خچر کو خواب میں دیکھنا: سفر کی دلیل ہے۔

خاک کا کھانا: دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔

خمیر کا دیکھنا: سخی ہو فقراء کو فائدہ پہنچے، اولاد زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

خچر کا دودھ پینا: تنگی معاش کی دلیل ہے۔

ختنہ کرنا یا کرتے دیکھنا: گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے اور روپیہ و نعمت سے ہونے پر۔

خرگوش دیکھنا: عورت سے ملنے پر تعبیر ہے۔

خچر کا گوشت کھانا: خراب عورت کا مال ہاتھ آئے اور بیجا صَرف ہو جائے۔

خچر وغیرہ پر سوار ہوتے دیکھنا: مالکِ خچر کی عورت سے خیانت کرنا۔

خربوزہ کھنا: دولت ہاتھ آنے کی دلیل ہے، لیکن جلدی صَرف ہونے کی بھی سبیل ہے۔

خُرما کھانا: حاجی ہونے دلیل ہے اور جو دعا کرے قبول ہونے کی امید ہے۔

خون اپنے جسم سے بہتا دیکھنا: اگر کسی نے دیکھا کہ جسم سے خون یا پیپ جاری ہے اور تمام بدن آلودہ ہو گیا ہے تو مال حرام ملنے کی دلیل ہے جس حیثیت سے خون یا پیپ جاری تھا یعنی کمی بیشی۔

خود کو خوش دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے اور رنج و غم میں دیکھا تو نہایت شادمانی ہے۔

خاک برسنا: حصول نعمت ہو رفعِ کدورت (پریشانی) ہو۔

خانہ باغ (وہ باغ جو چار دیواری کے اندر ہو): منفعت کثیر بے تدبیر ہو۔

خطبہ پڑھنا: حفظ مراتب دین رہے۔

خچری کا دودھ پینا: خوف و رنج میں مبتلا ہو۔

خچر اپنے پر سوار دیکھنا: درازی عمر علامت ہے، عیش و نشاط کی طرف سے بشارت ہے۔

خُرما (چھوارا): علم حاصل ہو دولتِ دین ملے۔

خرما کا تخم: سفر در پیش ہو بعد رنج و منفعت در پیش ہو۔

خرما کھانا: روزی حلال ملے اچھی بات سنے بری باتوں سے پرہیز کرے۔

خرما باغ میں دیکھنا: بزرگوں سے مال و نعمت پائے۔

خرما بونا: فرزند پیدا ہو مطلب دل ہو ید (ظاہر) ہو۔

خرما تر کھانا: اگر موسم ہو تو فرمانبردار ہو امتیاز پائے اور خلافِ موسم میں بیماری پائے۔

خیمہ و خرگاہ (بڑا خیمہ): بادشاہ ہو یا ملک کی کوئی حکومت ملے یا لشکر کا سردار ہو یا لونڈی یا زوجہ با کرہ ہاتھ آئے۔

خربوزہ کا کھیت: ہمت بلند ہو، اولاد سعادت مند ہو۔

خطبہ: لڑکا پیدا ہو قوت زیادہ ہو۔

خط پڑھنا: خوشخبری سے یا وارث پائے یا مال و اسباب جمع کرے دن رات اسی فکر میں رہے۔

خط پڑھ کر مضمون سمجھنا: ایسے کام میں مبتلا ہو کہ مددگار کی حاجت ہو تو عام رنج اور راحت ہو۔

خط مہری (بند) دیکھنا: خبر نیک و بد چھپائے، راز دار مشہور ہو جائے۔

خط لکھا ہوا دیکھنا: خبر پوشیدہ ظاہر ہو۔

خطیب سے ملنا: خوش اوقات مرد سے ملاقات ہو۔

خطبہ: ولایت و بزرگی حاصل ہو۔

خَلّالُ (سرکہ فروش) ہونا: خویش و اقرباء سے خصومت حاصل ہو۔

خوان: فراخی نعمت کی نشانی ہے۔

خوان پر کھانا: درازی عمر کی نشانی ہے۔

خود: آفات سے محفوظ رہے عورت نیک خصلت ہو۔

خوشہ (پھل کا گچھا): اگر درخت میں ہو اور شمار ہو تو خوشحالی سال کی ہے اور اگر خرمن میں ہو تو دولت سے گھر بھرے۔

خوشبو: مشک و عنبر وغیرہ ہر قسم کی خوشبو سے عالم دین ملنے کی علامت ہے۔

خون کرنا: تندرستی و امن سے بسر کرے۔

خون میں لوٹنا: نعمت حاصل ہونے کی علامت ہے۔

خون کھانا: مالِ حرام کھائے۔

(د)

داہنا ہاتھ مہندی میں: مرد دیکھے تو کسی کو قتل کرے مگر سرخرو ہو۔ عورت دیکھے تو مسرور ہو اور رنج دور ہو۔

دانت لکڑی کا: دنیا سے کوچ، بیمار شدید، مخلوق کو نفرت، جانوروں کی سیرت کا بن جائے۔

دانت چاندی کا: بیمار ہونے کی علامت۔

دانت اکھاڑنا: مال خاطر جمع ہو ان لوگوں سے قطع رحمی کرے جن کا ذکر "سین" میں آئے گا۔

دانت گرتے دیکھنا: راحت و آرام اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے اور راست باز ہو۔

دانت سونے چاندی کا دیکھنا: بیماری کی علامت ہے۔

درخت بے ثمر دیکھنا: ذلیل و خواری کی دلیل ہے۔

درخت پھلوں کا دیکھنا: روپے ملنے اور عیش و عشرت کی دلیل ہے۔

درخت پر چڑھتے دیکھنا: رتبہ بلند پائے یا حاکم سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے۔

دریا سے پار ہوتے دیکھنا: تحصیلِ علم سے فراغت پائے، رنج بدل کر راحت پائے۔

دریا میں ڈوبتے دیکھنا: نیک کاموں سے کنارہ کرے برے کاموں میں جا گھسے۔

دودھ عورت کا پینا: اگر منکوحہ ہے الفت بڑھے اور اگر غیر ہے تو فائدہ پہنچے۔

دیو(جن) دیکھنا: اگر بد شکل ہے رنج اٹھائے اور اگر خوش رو ہے تو بلند مرتبہ پائے علم معرفت بڑھ جائے۔

دختر پیدا ہوتے دیکھا: اگر یہ خواب عورت دیکھے لڑکے کی دلیل ہے اور اگر مرد دیکھے لڑکی کی دلیل ہے۔

دہی دیکھنا: سفر کی دلیل ہے لیکن تندرست واپس آنے کی بھی دلیل ہے۔

دوزخ کے عذاب میں اپنے تیئں (اپنے کسی ذات کو) گرفتار دیکھنا: جورو بد صورت بد سیرت ملے نہایت تنگ کرے۔

دودھ ان جانوروں کا پینا جن کا کھانا حلال ہے: روزی ملنے کی دلیل ہے اور اس کے برعکس تکلیف پانے کی نشانی ہے۔

دوزخ سے باہر نکلنا: دینداری اور پرہیز گار کی دلیل ہے یا سفر سے واپس ہو گا، اندر دیکھا ہے تو گناہوں سے توبہ کرے دنیادار سفر کرے۔

درخت خاردار بے ثمر دیکھنا: بیمار ہونے کی علامت ہے۔

درخت انجیر: مالدار ہو اور تجارت میں بے بہا نفع۔

درخت آلو کا دیکھنا: بیماری اٹھائے یا کسی بلا میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

دروازے کا جل جانا: گھر ویران ہو یا مرض میں مبتلا ہو خواری و ذلت کی دلیل ہے۔

دروازے کے پٹوں کا گر جانا: اگر دو لڑکیاں ہیں دونوں مر جائیں گی شوہر کے گھر سے نکل جائیں گی۔

دیوار سے گر پڑنا: جس حال میں ہے اس سے گر جائے گا ذلیل و خوار ہو کر مر جانے کی دلیل ہے۔

دروازہ کا کھد(گر) جانا: عورت صاحبِ خانہ کے مر جانے کی دلیل ہے۔

دروازہ دوسرا بنانا: اپنے مکان کے بیچنے کی دلیل ہے یا صاحبِ خواب کی زوجہ دوسرے سے نکاح کرے۔

درزی کو دیکھنا: اپنے دین کو بیچتا ہے اور دنیا کو خریدتا ہے۔

دریا سے پانی پینا: مرتبہ بڑھ جائے حاکمِ وقت سے روپیہ ہاتھ آئے۔

دریا کے پار ہونا: موت کی دلیل ہے۔

دریا خواہ نہر میں غسل کرنا: بیمار ہے تو صحت ہو، گناہوں سے پاک ہو، کوئی خوشی کی بات سننے کی دلیل ہے۔

دانت پتھر یا لوہے خواہ لکڑی کے دیکھنا: صاحبِ خواب کی موت کی نشانی ہے۔

دانت سونے کے دیکھنا: مرض میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

دریا یا نہر کی دلدل میں پھنسنا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

دریا دیکھنا: دولت و ترقی جاہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

دریا کی موج دیکھنا: مشقت اٹھانے کی دلیل ہے۔

دریا کو تاریک دیکھنا: سختی کی نشانی ہے۔

دوپٹہ زنانہ دیکھنا: عورت کو شوہر نیک ملے، عزت سے بسر ہو۔

داڑھی نوچی دیکھنا: عورت سے جنگ ہو نہایت تنگ ہو۔

ڈول (جھولا) دیکھنا: اگر خالی ہے تو پریشانی ہے اور بھرا دیکھے تو شادمانی ہے۔

داڑھی گھنی دیکھنا: اگر مفلس ہے تو پریشان حال ہو اور تونگر ہے تو اور خوشحال ہو۔

داڑھی سفید دیکھنا: عزت و وقار کی دلیل ہے۔

داڑھی سیاہ دیکھنا: ہمیشہ دولت اقبال گھر کا غلام رہے۔

داڑھی نکلی ہوئی عورت دیکھے: اگر بیوہ ہے شادی ہو گی، اگر شوہر سفر میں ہے واپس آئے گا اور اگر موجود ہے سفر کرے گا اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہو گا اور وہ لڑکا قوم کا سردار ہو گا۔

داڑھی اپنی دیکھے غیر بالغہ لڑکی یا بعد بلوغ: اس کی شادی ہو گی اور توقیر ہو۔

درخت سیب: مومن اور متقی مشہور ہو۔

درخت آلو: بُری علت لاحق ہو، رنج عَلائق میں گرفتار۔

درسخت خرما سبز: علم نافع اور مال بھی حاصل ہو۔

درخت تل: کسی عجمی مرد سے نفع کثیر حاصل ہو۔

داڑھی اکھاڑنا: اسراف بیجا کرے لہو لعب میں مصروف ہو۔

داڑھی کا دراز ہونا: عزت و مرتبہ زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

داڑھی کا چھوٹا دیکھنا: عزت و آبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔

داڑھی لڑکے کو اپنی نکلی ہوئی دیکھنا: قبلِ بلوغت انتقال ہو جائے گا۔

داڑھی و سر کو منڈا دیکھنا: رنج و مصیبت شدید اٹھانے کی دلیل ہے۔

داڑھی کے بال اکھڑتے دیکھنا: خِجَالَتْ (ندامت) و پریشانی ہو۔

داڑھی میں خِضاب (کلر یا مہندی لگانا): خِضاب معین ہو تو لباس فاخرہ پہنے اور اگر معین نہ ہو تو لباس کی تنگی سے پریشان رہے۔

دنبا یا دنبی کا دیکھنا: اگر دنبی کا مالک ہوا ہے یعنی اس کے ہاتھ آئی ہے تو اس کو عورت نیک معہ مال ملنے کی دلیل ہے۔

دُنبہ دُنبی کا گھر سے نکل جانا، چوری ہو جانا: صاحبِ خواب کیلئے اس کی بیوی سے کوئی ایسی بات درمیان میں ہو گی جس سے بے حد ناخوشی درمیاں میں پیدا ہو گی۔

دولہا اپنے آپ کو دیکھنا: اگر دلہن صاحبِ خواب کو پہچانتی ہے تو گویا اسی سے عقد ہو گا اور اگر عروس (دولہن) صاحبِ خواب کے نامزد ہوئی بدونِ پہچان و معرفت کے ہو صاحبِ خواب کی موت آئے گی۔ دلیل ہے شہید ہو کر واصل الی اللہ ہو گا۔

دیوانہ اپنے کو دیکھنا: مال ملنے کی دلیل ہے لیکن بے جا صرف ہو گا۔

دہی چھاچھ وغیرہ دیکھنا: فکر و غم کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

دستار یعنی پگڑی: دولت و عزت سے مراد ہے۔

دُھنئے کو دیکھنا: نیک عمل کرنے کی دلیل ہے۔

دھوبی کو دیکھنا: بغض و عداوت اور معاصی کی دلیل ہے۔

درخت کے پتے یا درخت بَارْوَرْ (پھلوں سے بھرا ہوا) دیکھنا: درہم و دینار احتیاج سے زیادہ پائے، یا وہ مال سے جو بڑھتا جائے۔

درخت: سیرت نیک ہو یا فرزند پیدا ہو، گو تکلیف کمال ہو، مگر کچھ نہ ملال ہو۔

درخت پر چڑھنا: جس سے خوف ہو، اس سے نجات ہو اگر خرما کے درخت پر چڑھے نقصان ہو۔

درم و دینار: کسی جاہل کو نصیحت۔

درم نثار کرنا: نیک بات سنے اور قبول کرے۔

درم لینا: علمِ دین اور بیٹے کی شادی سے خوش ہو، روزی بقدر حاجت ملے۔

دروازہ دیکھنا: نیک عورت سے نکاح ہو۔

دروازہ کھلا ہوا دیکھنا: زیادتی رزق کی دلیل ہے۔

دروازہ بند دیکھنا: رزق میں تنگی کی علامت ہے۔

دروازہ حلقہ دیکھنا: مالک یا پیغمبر ہو۔

دروازہ گھر سے دور: عورت فاحشہ سے ملاقات ہو۔

دشمن سے بھاگنا: اگر خوف تکلیف دشمنی سے بھاگے تو مراد حاصل ہو، آفت ہو یا زحمت کامل ہو۔

دل: تدبیر کرنے والوں میں شمار ہو۔

دلال: رہنما و ہادی سے ملے۔

دَف بجانا: عورت کا بجانا خیر و شادی کی دلیل ہے۔

دودھ عورت کا پینا: عورت منکوحہ ہے تو کمالِ اُلفت کی علامت ہے۔

درخت: روزی حلال ملے اندیشہ نڈھال رہے۔

جوان: جنگ و فتنہ اٹھے۔

دیگ: گھر عمدہ اور نفیس ملے۔

دیگران (چولھا): جیسا کہ اوپر گزرا۔

دینار سرخ: دین و دنیا کے کاموں میں قوت حاصل ہو، عالم فاضل کامل ہو۔

دیوانہ: جس کو دیکھے وہ مالدار ہو۔

دلدل دیکھنا: فکرِ مال سے بلا پریشانی کمال ہو۔

دواجو تخم میں مستعمل ہیں: علمِ حکمت حاصل ہو آداب میں کامل ہو، اُمید بر آئے، انجام بخیر ہو۔

دودھ دوہنا: کمال کسب سے حاصل کرے یا کسی عورت سے پائے جسم کمزور جسم میں توانائی آئے۔

دودھ بھیڑ کا پینا: رنج میں مبتلا ہونا ہے۔

دختر پیدا ہونا: اگر عورت دیکھے اولاد پیدا ہو۔

دودھ حرام جانور کا پینا: اندیشہ و بیماری میں مبتلا ہونا ہے۔

دودھ حلال جانور کا پینا: روزی حلال ملے۔

دوزخ سے نکلنا: دینداری میں قدم رکھنا۔

دوزخ میں آنا: دیکھنے والا گناہوں سے توبہ کرے۔

دوزخ کے عذاب میں گرفتار: دنیا کے مکروہات ورنج وغم میں مبتلا رہے۔

دونوں ہاتھوں میں مہندی لگانا: مرد طلبِ معاش میں رنج اٹھائے، عورت کو مبارک ہو مرد سے دل بہلائے۔

دریا سے پار ہونا: بادشاہ سے نفع ہونا۔

دریا: حاکم سے دولت بہت ملے۔

دریا میں تیرنا: تحصیلِ علم میں صرف اوقات کرے۔

دریا میں ڈوبتا: محاسبہ بادشاہ یا حاکم میں گرفتار ہو بختی وعذاب اٹھائے عرصہ میں نجات پائے۔

دریا میں بیٹھنا: عزت وبزرگی ومرتبہ پائے۔

(ڈ)

ڈبہ دیکھنا: دل کی بات ظاہر ہو۔

ڈھولا سجانا: نوکر یا سردار قوم کا ہو۔

ڈولا: اگر پانی بھر دیکھے مدعا ملے، خالی سے تردد رہے تدبیر بیکار جائے۔

ڈلی: دانتوں کو قوت دے صحت ہو۔

(ذ)

ذِکرِ خدا کرتے دیکھنا: مرشد یا عابد یا خود اہل توحید ہونے کی دلیل ہے۔

ذکر یعنی اگر یہ تناسل طویل دیکھنا: کثیر اولاد ہو، اگر عورت نہیں تو عورت حسینہ وجمیلہ سے نکاح ہو گا، دیکھے عورت تو بچہ پیدا ہو گا۔

ذکر کٹا ہوا دیکھنا: اولاد مر جائے گا یا خود صاحبِ خواب پر موت آئے گی۔

ذکر وفَرْج (عورت کی شرمگاہ) ساتھ دیکھنا: غم واندیشہ برطرف ہو۔

ذبح کرنا حلال جانور کا: حکیم سے نفع کثیر ہونے کی علامت ہو۔

(ر)

روزہ رکھنا: نیک صالح ہونے کی اور دولت وحکومت ملنے کی دلیل ہے۔

رسی دیکھنا: راہ دین ہاتھ آئے دوسروں کو بھی راہ حق دکھائے۔

رونا خواب میں دیکھنا: خوشی کی علامت جاگنے پر ہے۔

رِکابی (پلیٹ) دیکھنا: روزی حلال ملے یا غلام خیر خواہ سے دلیل ہے۔

روپیہ ہاتھ میں لینا: غیبت وبرائی سے روزی ملے تنگی معاش کی دلیل ہے۔

روپیہ بنانا: دولت کی تمنا میں عمر ضائع ہونے کی اور نیکی نہ کرنے کی دلیل ہے۔

روپیہ ضائع کرنا: کسی جاہل سے رنج اٹھائے اور روپیہ صرف ہونے کی دلیل ہے۔

روغنی روٹی کا دیکھنا: مال حلال ملنے پر دلیل ہے۔

رَعَدْ (بادل) کی کڑک ہمراہ بارش دیکھنا: بیماری سے شفاء قرضداری سے ادائے قرض کی دلیل ہے۔

رَعَدْ (بادل) مع ہوا کے دیکھنا: حاکم کے غضب ناک ہونے کی دلیل ہے۔

رَعَدْ (بادل) اور پانی کا ہمراہ دیکھنا: تکلیف و مصیبت سے رہائی ہو، بیماری سے شفا، قرض ادا ہونے کی دلیل ہے۔

رس کا دیکھنا: شادمانی وخوشحالی کی دلیل ہے۔

روشنی دیکھنا: مرشد اچھا ملے، راہ ضلالت سے چھڑائے۔

رات کا دیکھنا: صدمہ اٹھانے اور چھپے راز کے کھلنے کی نشانی ہے۔

روئی دیکھنا: تجارت میں فائدہ ہونے کی نشانی ہے۔

راکھ دیکھنا: بعد تھوڑی مصیبت کے راحت و آرام کی نشانی ہے۔

روباہ (لومڑی) دیکھنا: (لومڑی) مکاری کی علامت ہے۔

رخسارہ دیکھنا: قدر بڑھے یا معشوق اچھا ہاتھ آئے۔

روغن سیاہ دیکھنا: سفر سے سلامت گھر واپس آنے کی علامت ہے۔

روغن زرد دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

آگ دیکھنا: یعنی اُڑتی ہوئی خاک مال بکثرت ملنے کی امید ہے۔

آگ پر چلنا یا خاک اڑانا دیکھنا: بعدِ مصیبت کے راحت نصیب ہو یعنی کوشش کے بعد مال ہاتھ آئے فراغت سے اڑائے۔

روغن سر پر ملنا دیکھنا: اگر روغن اندازے کے موافق ہے تو سارے کام زیب وزینت پانے کی دلیل ہے اور جو اندازے سے زائد ہے تو فکر لاحق و غم کی دلیل ہے۔

ریگ (ریت) و خاک آسمان سے برستے دیکھنا: جس جگہ یہ خواب دیکھے وہاں نعمت اور روزی فراخ ہونے والی ہے۔

روشنی چاند کی زمین پر پھیلی دیکھنا: وہاں کے باشندوں کو حاکمِ وقت سے نفع ہونے کی دلیل ہے۔

راستہ سیدھا دیکھنا: دین واسلام پر دلیل ہے اور ٹیڑھا راستہ دیکھنا بے دینی پر دلیل ہے۔

روٹیاں بکثرت دیکھنا: دوستوں کے بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔

رانگ (پودوں کا عرق جو رنگنے کے کام آتا ہے): اُمراء سے نفع حاصل ہو۔

رَباط (مسافرخانہ): دنیا میں آسائشیں میسر ہو۔

رسی سے باندھنا: جس سے کوئی عہدہ یا ولایت یا حکومت پائے یا اسے دولت ہاتھ آئے۔

رسی گلے میں: جس کے گلے میں باندھے، اس کا رزق اس کے ذمہ ہو جائے۔

رونے کی آواز: بیمار کو جلد شفا ہو جائے، قرضدار کا قرض جلد ادا ہو جائے، قیدی کو آزادی ہو۔

رِکابی: خدمتگار معقول ملے۔

رگ چیرنا: ایسی بات سنے کہ جس سے شکستہ خاطر ہو اور جو غرض سے چیرے بیمار ہو۔

روئی: نعمت ملے مگر رنج رہے۔

روشنی: راہ دین ملنے کی دلیل ہے۔

روئی: مال پائیدار ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

روزہ رکھنا: آفات سے بچے، کام ناشائستہ سے بری رہے، اس کا کھیت گرم ہواؤں سے بچا رہے۔

رونا: راحت کے باعث غم غلط ہو جائے، دین و دنیا سے بے خبر ہو جائے برے کام سے بچے۔

روزن (سوراخ، کھڑکیاں): تجارت مال کرے یا ولایت مال میں مصروف رہے۔

ریچھ: دشمن قوی سے خوف کھائے پریشان رہے، مال کی فکر میں حیران رہے۔

رُوَاقُ وصُفَّہ (مکان کا چھجہ، چھت): مرد ِمیدان ہونا، نام آور، دنیا میں بہادر رہے جہاں ہو۔

ریح (بو، خواہ خوشبو یا بدبو): غم واندیشہ سے خلاصی ہو۔

راہزن: عورت مکار سے سابقہ ہو یا ہم صحبت فاحشہ ہو، مستقل دکھ ظاہر ہوں۔

رائی: برے کام سے اہتمام ہو خلق میں بدنام ہو یا سحر (جادو) میں گرفتار ہو دوست سے تکرار ہو۔

رشوت: خَلُق (مخلوق) میں رسوائی ہو، مالک سے بدنامی ہو۔

ران: مشکل سخت پیش آئے، دل گھبرائے مگر آسانی سے بہت جلدی حل ہو جائے۔

ریخک اڑتے دیکھنا: مطلب دلی خوشی حاصل ہو جائے یا سردار لشکر ہو جائے، مرض سے شفا پائے۔

(ز)

زبان دیکھنا: زیادہ گفتگو کا شوق۔

زانو دیکھنا: اگر قوی ہو تو معاش میں قدرت حاصل ہو گی۔

زکوۃ دینا: فکر وتردد جاتا رہے اور تجارت میں نفع کی نشانی ہے۔

زمزم پینا: زہد و تقوی کی نشانی ہے۔

زبان سے لعاب گرتے دیکھنا: کوئی مصیبت پیش آنی ہے یا مرض کی نشانی ہے۔

زبان پر بال جمے دیکھنا: آفت رنج کی دلیل ہے، اسی طرح سے زبان کو دراز یا کسی چیز سے بندھی ہوئی دیکھنا بھی رنج کی دلیل ہے۔

زینہ پر چڑھنا: ترقی کی نشانی ہے یا مرتبہ بلندی کی دلیل ہے۔

زنجیر دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے پریشانی آنی ہے اور یہی تعبیر خواب میں زنجیر کے پکڑنے کی ہے۔

زمین پر بنا(بنیاد)ڈالنا: دنیا میں نام ہو یا تولد (پیدائش) فرزند نیک انجام ہو۔

زمین میں آپ کو گڑھتے دیکھنا: موت آئے یا زیادہ مصیبت اٹھانے یا سفر پیش آنے کی دلیل ہے۔

زلزلہ دیکھنا: حاکم وقت پر مصیبت آئے۔

زندہ کو مردہ دیکھنا: عمر دراز ہو۔

زاہد و عالم کو دیکھنا: نیک اور نیک نامی کی دلیل ہے۔

زندہ مردے کو دیکھنا: خوشی و خرمی کی دلیل ہے۔

زمین کا بات چیت کرنا: نہایت خیر و خوبی کی دلیل ہے۔

زُمُرُّد (جواہرات میں سے ایک سبز رنگ کا پتھر جو زیورات میں استعمال ہوتا ہے) خواہ یاقوت کا دیکھنا یا پانا: دختر نیک اختر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

زنجیر گردن میں بندھی دیکھنا: ترقی دین اسلام کی دلیل ہے اور کبھی ترقی دنیا سے بھی دلیل ہے۔

زرد سرخ بیل، وزن لدا ہوا، کسی شہر یا موضع میں داخل ہوتے دیکھنا: اگر ایسے بیل کا کوئی وارث نہیں ہے تو اس جگہ مرض آنے کی دلیل ہے ورنہ بہتری کی سبیل ہے۔

زمین کو طے کرنا: موت آنے کی دلیل ہے۔

زہر کھانا: غصہ کی دلیل ہے جو کام نہایت ذلیل ہے۔

زعفران یا جو شے خوشبودار ہو اس کا دیکھنا: ان سب کا دیکھنا تعریف و ثنا اور نیک اور علم شریف دین پاک اور مال نیک زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے اور بدبو کی چیز اس کے برعکس جاننا چاہئے۔

زر (سونا) سرخ کا دیکھنا: اگر زر سرخ کسی صورت سے آئے تو فرحت و خوشی کی دلیل ہے اور کسی صورت سے اپنے سے دوسری جانب کو جائے تو صدقہ دے ورنہ مصیبت آنے کی نشانی ہے۔

زمین دیکھنا: نعمت دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

زمین کھودنا مٹی کھانا: تکلیف سے بسر اوقات ہونے کی دلیل ہے۔

زمین کو ہلتے دیکھنا: اگر عورت حاملہ دیکھے اسقاطِ حمل ہو اور مرد دیکھے تو عِتابِ حاکم میں گرفتار ہو۔

زمین کو برابر دیکھنا: دولت ملنے کی دلیل ہے۔

زیور کو بوتے دیکھنا: تمام مقاصد دین و دنیا ملنے کی دلیل ہے۔

زعفران دیکھنا: مال ملنے یا نیک عورت ملنے کی دلیل ہے۔

زبان لمبی دیکھنا: فحش گویائی کی دلیل ہے۔

زبان منہ سے باہر نکلی دیکھنا: تہمت لگنے یا شرمندگی اٹھانے کی دلیل ہے۔

زنبور یعنی بھڑ اور شہد کی مکھی دیکھنا: مرد کا کمینہ پن اور سُخن چینی (چغل خور) کی دلیل ہے۔

زبان منہ سے باہر: آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

زبان بندی: آفت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

زبان پر بال: آفت میں مبتلا ہونے کی علامت ہے۔

زراعت کرنی: دین کا نفع ہو، بیماری رفع ہو۔

زراعت کاشنا: جہاں سے امید نہ ہو وہاں سے نفع پائے دولت خداداد ہاتھ آئے۔

زرد آلو: بیمار ہو عدو یار ہو، سوائے ترنج کے سب زرد میوہ کی یہی تعبیر ہے۔

زعفران: خوش نمائی حسن کرداری کی شہرت ہو عالم بزرگ سے ملاقات نصیب ہو۔

زُمُرُّدْ (جواہرات میں سے ایک سبز رنگ کا پتھر جو زیورات میں استعمال ہوتا ہے): شجاعت و دبیداری میں نام ہو۔

زمین سطح: دولت و نعمت ملے۔

زمین سطح پر بِنا (بنیاد) کرنا: ہمت عالی ہو کار دنیا بخوبی ہو۔

زمین کھودنا: مکر و حیلہ سے مال ملے مگر تکلف رہے۔

زمین کھود کر پانی نکالنا: مال حلال زیادہ ہو۔

زمین کا لرزہ دیکھنا: عتاب شاہی میں گرفتار ہو۔

زمین میں کسی چیز کو دبانا: سفر درپیش ہو کوئی چیز کھو جائے۔

زکار (وہ دھاگہ جو ہندو گلے میں باندھتے ہیں): فرزند تولد (کی پیدائش) ہو۔

زنجیر پہننا: گناہ میں ملوث ہو جائے۔

زنجیر دروازہ پر دیکھنا: خدمتگار لائق ملے یا لونڈی غلام فرمانبرداری کرے۔

زنجیر گردن میں دیکھنا: عورت بدخصلت سے سابقہ ہو۔

زنجیر زمین میں گرنا: جلاوطن ہو، موت آئے یا تکلیف ہو۔

زنبور: سِفلَہ (کمینہ) مزاج ہو۔

زندہ کو مردہ دیکھنا: زیادتی حیات ہو رفع آفات ہو، گمشدگی کی خبر ملے مریض صحت پائے۔

زندہ قبر میں رکھنا: کچھ بختی و ملال پیش آئے۔

زہر کھانا: ناحق غم و غصہ کھائے۔

زہرہ (کلی، پھول): عورت خوبصورت یا بادشاہ یا مطرب سے صحبت حاصل ہو، راحت ملے۔

زیتون: خیر و برکت سے اوقات کٹے۔

زینت انگشت (انگلی): فرزند یا دوست یا شفیق سے ملنے کی علامت ہے۔

زین: عورت حسین ملے۔

زلف: کسی حسین کے عشق میں مبتلا ہو، صدمہِ فراق اٹھائے، جنوں کی نوبت ہو جائے۔

زینہ (سیڑھی): مرتبہ رفیع ہو قدر و مرتبہ پائے۔

(س)

سانپ دیکھنا: دشمن سے نقصان و گزند۔

ساق (پنڈلی): قوی اور دراز ہو تو زیادتی عمر کی دلیل ہے۔

سانپ کو اپنا مطیع پانا: بادشاہی یا خزانہ ہاتھ آئے، دولت سے مالامال ہو۔

سانپ کا چھت سے گرنا: بادشاہ یا حاکم سے رنج پہنچے۔

سانپ کا گھر میں دیکھنا: اپنی عورت سے نقصان ہو اور بہت ہی پریشانی ہو۔

قرآن پاک کی تمام سورتوں کی تعبیر کیلئے علیحدہ رسالہ ہے جو آخر میں آئے گا۔ (ان شاءاللہ)

چند نمونے ملاحظہ ہوں۔

سورہ فاتحہ کا پڑھنا خواب میں: سورہ الحمد کا پڑھنا دعا قبول ہونے کی اور شاد و مسرور ہونے کی دین و دنیا میں دلیل ہے یا عقد کی سبیل ہے۔

سورہ بقر کا پڑھنا یا سننا خواب میں: تمام عمر رزق سے آسودہ رہنے دلیل ہے۔

سورہ حشر کا پڑھنا: اس کی تلاوت کرنے والے سے بروزِ حشر اللہ تعالی راضی ہو گا۔

سورہ کوثر: دونوں جہاں میں خیر کثیر کی دلیل ہے۔

سورہ لہب: توحید پر قوی ہونے کی اور پاک زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے۔

سورۃ الم نشرح: تمام امور آسان ہونے کی اور کشائش ہونے کی اور اسلام کی فرمانبرداری کی دلیل ہے۔

سورہ فیل: دینِ اسلام اس کے ہاتھ پر فتح ہونے کی دلیل ہے۔

سورہ اخلاص: زندگی میں ترقی ہو یہاں تک کہ اس کے سامنے سب رشتہ دار و گھر والے مر جائیں اور یہ صاحبِ خواب تنہا رہ جائے۔ مُوَحِّدٌ (اکیلا) ہو۔

سورہ فلق کا پڑھنا: برائیوں سے بچنے کی نشانی ہے۔

سورہ ناس کا پڑھنا: جملہ بلاؤں سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔

سورج دیکھنا: اگر عقد نہیں ہوا عقد عورت زردار (مالدار) سے ہو اور رزق روزی میں اضافے کی نشانی ہے۔

سورج پر اندھیرا دیکھنا: مرض یا کسی مصیبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

سورج کی روشنی خوب دیکھنا: ترقی رزق اور رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔

سورج گہن میں دیکھنا: ماں باپ کے مرنے کی دلیل ہے۔

ستاروں کو روشن دیکھنا: خانہ آبادی ہو یا حاکمِ وقت سے خاص فائدہ پہنچے۔

ستاروں کو ٹوٹتے دیکھنا: شہادت کا درجہ نصیب ہو یا غنی مالدار ہو۔

ساگ دیکھنا: فتنہ و فساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔

سفید لباس پہننا: غنی مالدار ہونے کی یا جنتی ہونے کی دلیل ہے۔

سونے کی انگوٹھی پہننا: مال مفت ہاتھ آئے۔

سونا پاتے دیکھنا: سرداری ملے تنگی دور ہو جائے، مالامال ہونے کی دلیل ہے۔

سونا گلانا: اچھا نہیں ہے صاحبِ خواب کے لئے بہتر نہیں ہے۔

سونے میں ناگا ڈالنا: صاحبِ خواب کیلئے تنگی معاش کی دلیل ہے۔

سر اپنا جدا دیکھنا: حاکم کے عتاب میں مبتلا ہونے اور اپنے اقارب سے جدا ہونے کی دلیل ہے۔

سر اپنے ہاتھ سے مونڈتے دیکھنا: خلق کی نظروں میں گرنے اور بے عزتی کی دلیل ہے۔

سر کے بال کھلے دیکھنا: اگر مسافر ہے تو وطن کو آئے، عورت اگر کنواری ہے تو شادی ہونے کی دلیل ہے۔

سرسوں دیکھنا: تجارت میں نفع کثیر کی دلیل ہے۔

سرکا دیکھنا: نقصان کی دلیل ہے۔

سانپ گود میں لینا: لڑکا شریر پیدا ہو جس سے ہمیشہ تکلیف کا سامنا ہو۔

سانپ سے بات خوش سننا: دشمن سے نفع ہو اور رنج و غم دور ہو۔

سور دیکھنا: نوکری کافر کی کرے فسق و فجور میں مبتلا رہے۔

سانپ کا گوشت کھانا: دشمن سے مال لے لیکن بے جا صَرف ہو جائے۔

سر ننگا دیکھنا: نقصان مال کی دلیل ہے۔

سرمہ لگانا: مژدۂ غیبی کی بشارت ہے یا مال پانے کی نشانی ہے۔

سانپ کا بچہ دیکھنا: ضرر ہے لیکن کم ضرر ہونے کی دلیل ہے اور کنبہ سے دشمنی بڑھنے کی دلیل ہے۔

ستاروں کا دیکھنا: تولدِ فرزند (بیٹے کی پیدائش) کی دلیل ہے۔

سر بلند اپنا دیکھنا: دولت اور مرتبہ اور بزرگی کی دلیل ہے اور سر چھوٹا دیکھنا اس کے برعکس ہونے کی دلیل ہے۔

ساگ (سبزی ترکاری): جنگ و خصومت سے اضطراب ہو۔

ساگ کی شاخ ہاتھ میں: فتنہ وفساد سے بچا رہے۔

سامنے کے دانت گرتا: فرزند یا خواہر (بہن) سے ملے، دل فرحت میں رہے۔

سامنے کے دانت دیکھنا: شادمانی کے سامان ہیں۔ نیچے کے ہوں تو رشتہ داروں کو شادمانی ملے۔

ستارہ: بادشاہ مہربان ہو عالم حکیم ہو۔

ستارے بہت سے: کاروبار سلطنت میں انتظام ہو ئی احترام ہو دولت سے مالا مال ہو۔

ستارہ کھانا: مال غصب ہو رنج و تعب ہو۔

سریر با (پلنگ) زینت: عورت منافقہ ملے یا حسین مالدار ہاتھ آئے مباشرت سے دل گھبرائے۔

سر پر آپ کو دیکھنا: دین کی بہتری ہو فکر دنیا سے بری ہو۔

سر پر سونا: سفر کی علامت ہے۔

سر آدمی: سردار مخدوم ہو، دشمن مخدوم ہو۔

سر جدا ہوتا: اگر حاکم وقت کا ادیب ہو تو مخدوم اقارب سے جدائی نصیب ہو۔

سر اپنا چھوٹا: تَنَزُّلُ کی علامت ہے۔

سر جانور کا کٹا: منفعت و توقیر و عزت نصیب ہو۔

سر اپنا جانور کا سا: اس جانور میں جس قدر طاقت ہو، اسی قدر دیکھنے والے کو ہمت و جرات ہو۔

سر میں تیل ڈالنا: اگر تیل موافق انداز ہو تو مفید ہے ورنہ نقصان۔

سر کے بال جھڑنا: ادائے قرضے کی نشانی ہے۔

سر مونڈنا: پردہ فاش ہو اور مخدوم سے وسواس ہو، مگر یہ خواب حالتِ احرام میں نیک ہے۔

سر کے بال کٹے دیکھنا: اپنی عورت کو شوہر طلاق دے یا غصہ سے نکال دے یا خود ہی گھر سے نکل جائے۔

سر اپنا کٹا دیکھنا: ہزار درم یا دینار پائے۔

سرائے کشادہ: اپنے اہل بیت سے فساد کرے۔

سر تنگ و تاریک: اداسی میں مبتلا ہو غم بے انتہا ہو۔

سرمہ: عقل و بینائی بڑھے مال ہاتھ آئے، خوشخبری تولدِ فرزند (بیٹے کی پیدائش) سے مسرور ہو جائے۔

سرمے دانی: عورت خوبصورت ملے۔

سر مالگاتا: دین کے کام میں کوشش کرے چشم خلق میں نہایت عزیز رہے۔

سر ماہاتھ میں دیکھنا: دولت مندی کی نشانی ہے۔

سُرمہ کی سلائی: فرزند پیدا ہو فرحت و مسرت سوا(اس کے علاوہ) ہو۔

سَقْف(مکان کی چھت) سے دَب جاتا: کسی بزرگ سے رنج پہنچے یا اپنا بزرگ سفر سے آئے یا حاصل مطلب ہو۔

سلاح(لڑائی کے ہتھیار): سر دار قوم ہو یا حکومت ملے۔

سان(تلوار): عمر دراز ہو مظفر و منصور رہو۔

سونا: اَنْدُوْہ و غم ہو۔

سوئی: بادشاہی و سرداری ملے اور دولت بے اندازہ ہاتھ آئے۔

سونا گلانا: آفت و ہلاکت میں پھنسے۔

سونا دینا: جو کام کرے انتظام کے ساتھ انجام ہو۔

سونا بہت سا پانا: دین کے کاموں میں قوت حاصل ہو، شہرہ سخاوت و مروت میں نام ہو۔

سونا امانتاً دینا: امین خیانت کرے خائن کو مال ملے۔

سونا نثار کرنا: ایسی بات سنے جو مکروہ ہو اور رنج پہنچے یا مال ضائع ہو کچھ نہ رہے۔

سولی: عہدہ جلیل پانے کی علامت ہے۔

سور: مصیبت میں گرفتار ہو۔

سور کا دودھ: حرام خوری کا طریقہ اختیار کرے۔

سورج: فراخی ناز و نعمت کی ہے۔

سورج کی مانند اپنا منہ: حکومت و توانائی حاصل ہو صحت کامل ہو۔

سورج کی روشنی: بہتری حال کی نشانی ہے۔

سورج کو آسمان سے اترتے دیکھنا: مرتبہ اعلی ملنے کی نشانی اور خوشحالی کی دلیل ہے۔

سورج اور چاند اور ستاروں کا سجانا: سلطنت حاصل ہو گی، ملازمت وغیرہ۔

سوئی بڑی: دو ایک دیکھے تو وہ آلہ جس سے کام کرتا ہو بہتر و عمدہ ملے ورنہ رنج حاصل ہو۔

سان(دھار تیز کرنے کا پتھر): خوش تقریر ہو ذی تاثیر ہو۔

سپاہی: سردار فوج ہونے کی بشارت ہو۔

سیاہی کپڑے پر: اگر وہ شخص اہلِ قلم نہیں تو مرض یا آبلہ لاحق ہو اور جو اہل قلم ہے تو اختیار میں کمی ہو۔

سیب: راحت و عیش حاصل ہو، فرزند ہنر و کامل ہو۔

سینہ کشادہ: جواں مردی میں نام آور ہو۔

سیمل(ایک بڑا درخت جس سے ایک قسم کی روئی نکلتی ہے): غم و رنج اٹھائے، دشمن ستائے لیکن دل شاد رہے **مُخْلَصِی**(آزادی) جلد پائے۔

سانپ: اگر سیاہ ہو دولت ملے ورنہ گزند(نقصان) پہنچے۔

سیمرغ(ایک بڑا پرندہ جس کے بارے میں مشہور ہے کہ تیس پرندوں کے برابر قد آور ہوتا ہے): بادشاہ یا زائد المال(زیادہ مال) ہو۔

سیاہ و سفید بال: فرزند سعید پیدا ہو، توقیر بہت زیادہ ہو۔

سورت قرآنی پڑھنا: مومنین کے صفت ہونے کی علامت ہے۔

سیل(شرم وحیا): فیض جاری ہو۔

(ش)

شیر کو حملہ کرتے دیکھنا: کچھ تکلیف پہنچنے یا فتنہ برپا ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔

شیرنی کا دودھ پینا: دشمن پر فتح کی دلیل ہے یا روزی حاصل ہو یا گھر میں برکت۔

شراب کا دیکھنا: جان و مال کا نقصان ہو مال حرام اور خصومت کی دلیل ہے۔

شیطان کا دیکھنا: گناہوں کی علامت ہے۔

شکر کا دیکھنا: دینداری کی نشانی ہے۔

شیطان کا نافرمانبردار دیکھنا: دولتِ حرام پانے کی دلیل ہے۔

شربت پینا: دل سے توبہ کرنے اور مرید ہونے یا کسی معشوق سے ملنے کی دلیل ہے۔

شہد دیکھنا یا کھانا: اگر مریض ہے تو شفا پائے ورنہ ایماندار کی دلیل ہے۔

شعلہ آتش دیکھنا: خواری یا گرفتاری کی دلیل ہے۔

شتر بے مہار(بے نکیل کا اونٹ، آزاد) دیکھنا: بدکاری کی علامت ہے۔

شمع دیکھنا: کسی کا ہادی ہونے یا سردار کی دلیل ہے۔

شیطان کو بشکلِ زن دیکھنا: دن رات عورت کی صحبت میں رہے اور کاروبار سے غفلت کرنے کی دلیل ہے۔

شمشیر خواہ تلوار چھری تیز دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے خوب ہے۔

شانہ کرنا یعنی کنگھی کرتے دیکھنا: اگر سر داڑھی میں کنگھی کرتے دیکھا ہے تو اس کے سب رنج و غم دور ہونے کی دلیل ہے۔

شیر پر آپ کو دیکھنا اور قابو پانا: غلبہ اور دبدبہ ورتبِ عظیم کی دلیل ہے۔

شیر کا گھر میں داخل ہوتا اور ضرر کرنہ پہنچانا: اس کی وہی تعبیر ہے یعنی رتبہ عظیم کا پہنچنا ہے۔

شَیر کا گوشت کھانا: کسی حاکم زبردست جابر سے مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

شَیر سے لڑنا: کسی زبردست سے مقابلہ ہونے کی نشانی ہے۔

شِیر(دودھ) نامعلوم جانور کا پینا: اپنے دین میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔

شِیر وحشیانِ بیابان کا پینا مثلِ آہو(ہرن) وغیرہ جن کا گوشت حلال ہے: یہ سب خیر وصلاح ورزق مباح اور برکت کی نشانی ہے۔

شِیر گاؤ اور بھینسوں کا اور اونٹنیوں کا پیٹا: یہ سب خیر وبرکت ہونے کی دلیل ہے۔

شِیر مادہ خر(گدھی کا دودھ) کا پینا: مرض شدید ہے کہ زائل ہو گا اور بہتری کی دلیل ہے۔

شِیر عورت کو اپنی پستان میں اُترتا دیکھنا: اس کیلئے مال میں خیر وبرکت کی دلیل ہے۔

شادی دیکھنا: تعبیر ماتم داری سے ہے اور ماتم داری کا دیکھنا شادی سے تعبیر ہے۔

شیر کا مقابلہ سے بھاگ جانا: فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے اور چیتے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

شہد معہ چھتے کے دیکھنا: مال کا گنجینہ (خزانہ) ہونے پر دلیل ہے یا علم قرآن و نکاح یا شفا سے تعبیر ہے۔

شوربا کھانا: بیمار کو صحت کی دلیل ہے۔

شیشہ دیکھنا: صدقہ دینے کی دلیل ہے۔

شانہ دیکھنا: یار موافق ملے گا۔

شانہ کرنا (کنگھی کرنا): غم سے نجات پانے کی علامت۔

شامیانہ: دولت ملے یا کسی بزرگ سے فائدہ ہو۔

شراب: جنگ و خصومت کا سامان ہو یا مال حرام پائے یا حرمت برباد ہو جائے۔

شربت: درازی عمر کی علامت ہے۔

شراب سے سُست ہونا: مالدار یا سردار قوم اور بغیر شراب مست ہو رنج و ختی اٹھائے۔

شطرنج کھیلنا: بیہودہ اور باطل کاموں میں مبتلا ہو اگر جیتے تو فتحیابی حاصل ہو۔

شفتالو (ایک قسم کا بڑا آڑو): بیماری کی نشانی ہے۔

شق ہونا آسمان کا: پانی نافع برسے خلقت سیر اب ہو۔

شکر یا قند: مال حلال پائے یا اچھی بات سنے یا فرزند پیدا ہو۔

شلغم: عورت دہقانی ملے۔

شمع: سردار قبیلہ یا لشکر ہو، عورت حسین ہاتھ آئے۔

شمعدان: صحت بھی رہے، ہم خواجہ سے راحت پہنچے۔

شمع روشن: عمر دراز ہو، شادرہے۔

شمشیر: حکومت یا ولایت سے تنزیل ہو یا فرزند مر جائے یا عورت کو طلاق دے، رنج اٹھائے۔

شملہ باندھنا: بادشاہ یا حکومت دولایت پائے۔

شکار: امید بر آئے عورت فرمانبردار ہاتھ آئے۔

شہد: مال و منفعت حاصل ہو بیمار کو صحت کامل ہو۔

شہد کی مکھی: کسی مرد سے نفع ہو۔

شیر: دشمن پر فتح مند ہو، کوئی مقابلہ نہ کر سکے۔

شیر کو تابعدار: بادشاہ یو قوی نام آور ہو اور فوج کا افسر ہو۔

شیر سے بھاگنا: مقصود و تدبیر حاصل ہو راحت کامل ہو۔

شیر کا گوشت کھانا: دولت شاہی حاصل ہو اور استخوان اور پشم (بال، اون) کا بھی یہی نتیجہ ہے۔

شیطان مطیع: دولت حاصل ہو علم دین میں کامل ہو دشمن مشہور ہو، رنج پہنچانے سے معذور ہوں۔

شیطان کا فریفتہ ہونا: مال و دولت سے جدائی ہو، عورت سے بدخواہی ہو۔

شِیرہ انگور: خدمت بادشاہی سے سرفراز ہو۔

شیشہ: بیماری سے صحت ہو شراب کی عادت ہو۔

شورہ (نمکین) پینا: ترقی دولت ہو، جسم کو قوت ہو۔

شعلہ آتش: مصیبت و بلا سامنے آئے۔

(ص)

صَنْدَلْ کا خواب میں پانا یا دیکھنا: نیک نامی و خوش خرمی رہنے کی دلیل ہے۔

صدقہ دینا: جملہ بلاو مصیبت کی صفائی ہونے کی دلیل ہے۔

صابون کا دیکھنا: مریض کیلئے صحت کی دلیل ہے اور تندرست کو صفائی قلب ہونے کی۔

صراحی دیکھنا: دولت دنیا سے مسرور ہونے کی دلیل ہے۔ غلام و لونڈی (نوکر نوکرانی) خیر خواہ ملے۔

صراف کو دیکھنا: نیک رائے نیک صلاح ہونے معاملگی میں کامل ہونے کی دلیل ہے نیک و بد کی پہچان ہو۔

صاحب مال کو خواب میں دیکھنا یا محبت میں جاننا: امید بر آنے کی دلیل ہے۔

صحرا دیکھا بمعنی جنگل: دیوانہ ہونے یا سفر کرنے کی دلیل ہے۔

صَیَّادْ (شکاری) کو دیکھنا: برے کام کرے اور دوسروں کو بھی برائی بتانے کی دلیل ہے۔

صوف پہننا یعنی اون کا کپڑا: مالِ دنیا کی اور عیش و عشرت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔

صحرا میں کچھ کھانا پینا دیکھنا: دین و دنیا میں دولت و قیمت و کرامت کی دلیل ہے۔

صحرا میں راستہ طے کرتے دیکھنا: دین کی ترقی اور اسلام پر مستقل ہونے کی دلیل ہے۔

صحرا میں راستہ بھول بھٹک جاتے دیکھنا: دین اسلام میں اس کے شک آنے کی دلیل ہے۔

صحرا کشادہ مجہول: سفر طویل پیش آئے۔

صحرا کشادہ معروف: سفر معمولی اور نزدیک۔

صلح کرنا: درازی عمر کی بات یا کوئی عیاش ہم صلح۔

صندل (ایک قسم کی خوشبودار لکڑی): نیک نامی سے مشہور یا عالم یا دیندار ہو۔

صنم (بت): صورت باطلہ پیش آئے یا مشکلات کا سامنا۔

صحنک (چھوٹا صحن): مال حلال سے بر اوقات فریب دھوکہ سے دور۔

صیقل (زنگ دور کرنا): ریاضت سے اوقات بسر ہوں، گناہ سے کنارہ کشی۔

صَاعِقَہ (آسمانی بجلی): دولت مند دیکھے تو ملامت ہو، تنگدست دیکھے تو غنی ہو۔

صحبت کرنا مرد کے ساتھ: جس سے صحبت کی اگر وہ صاحب عزت ہے تو خواب والا مطلب نفع سے کامیاب ہو۔

صحبت کرنا عورت مجہولہ سے: اگر اس کا اثر دل میں ظاہر ہو تو فائدہ کثیر حاصل ہو گا۔

صحبت کرنا عورت معروفہ سے: وہ عورت خواب دیکھنے والے سے مستفید ہو۔

صحبت کرنا عورت باکرہ سے: حصولِ مقصد کی علامت ہے۔

(ض)

ضعیف کو خواب میں دیکھنا: خوش نصیبی اور نیک کوشش کی دلیل ہے یا جیسی خوبی پریشانی کی صورت ضعیف کی ہوگی ویسی ہی تعبیر ہے۔

ضعیفہ کو دیکھنا: اگر فربہ اور تازہ رو دیکھے تو زوالِ دنیا کی دلیل ہے اور صاحبِ خواب کو دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو تشنگی معاش اور پریشانی کی دلیل ہے۔ اسی طرح اگر وہ ضعیفہ نامعلوم ہے یعنی جان پہچان کی نہیں ہے تو یہ حال سے تعبیر ہے یعنی حسبِ حال خوبی و فربہی کی ہوگی۔

ضیافت کھانا خود: جس کے یہاں کھائے اس سے قریب اُٹھانے کی دلیل ہے یا کوئی فائدہ پائے۔

ضیافت کھلانا: سخی ہونے کی اور کامرانی کی دلیل ہے۔

ضامن ہونا: جس کا ضامن ہو اس سے فائدہ پائے گا۔

(ط)

طوافِ کعبہ کرنا: گناہوں سے توبہ، والدین کی فرمانبرداری اور متعلقین سے غمخواری کرنا اور صاحبِ خواب کیلئے صلاحیتِ دین حاصل ہونے اور استغفار کرنے کی دلیل ہے۔

طہارت کرنا خواب میں: باعثِ دافع رنج و غم والم و موجبِ فرحت و صحت کی دلیل ہے۔

طاؤس (مور) کا دیکھنا خواب میں: مال کثیر یا بادشاہ کی اطاعت، زن حسینہ جمیلہ و نازمین معشوقہ سے دلیل ہے اور اگر طاؤس کریہ منظر و باشکل و شمائل ہے تو تعبیر برعکس پر دلیل ہے۔

طوطا دیکھنا یا پانا: کنیزان و غلامان سے دلیل ہے یا صاحبِ فلاح و صلاح سے تعبیر ہے۔

طوفان دیکھنا: اہل و عیال وبالِ جان ہوں یا نقصانِ مال ہونے کی دلیل ہے۔

طِفْل (لڑکا بچہ) کو دیکھنا: اگر اس طفل سے واقفت ہے تو بشارت کی دلیل ہے اور اگر اس طفل سے آشنا نہیں ہے تو کوئی فکر یا غم لاحق ہونے کی دلیل ہے اور دیکھنا پیدا ہونا دختر کا بہتر ہے فرزند نرینہ ہے۔

طلاق اپنی عورت کو دینا: صاحبِ خواب جس مرتبہ پر ہے اس سے گر جانے کی دلیل ہے لیکن دولت ملے گی اور صحت کی بشارت۔

طاش دیکھنا: دولتمندی کی علامت ہے۔

طہارت کرنا: بیمار کو صحت ہو محتاج کو رفع حاجت ہو قوم میں عظمت ہو حاکم ولایت ہو۔

طبل (بڑا ڈھول، نقارہ): خبرِ دروغ (جھوٹے شخص کی خبر) جھوٹی سنی یا کہی جس سے ملول و پشیمان ہو اور اگر بجائے تو فائدہ ہو گا۔

طلسم (جادو یا نظر بندی) دیکھنا: عجائباتِ عالَم کی سیر ہو خاتمہ بالخیر ہو۔

طویلہ (وہ مکان جس میں گھوڑ باندھے جاتے ہیں): اگر گھوڑوں سے بھرا ہوا دیکھا، مال و دولت بیشمار ملی اور جو خالی دیکھی بالعکس سمجھے۔

طلاق: عزت یا خزانہ ہاتھ آئے۔

طرف: دشمن زیر ہو جائے زیر دست پر بالا دستی پائے ظالم سے فائدہ اٹھائے۔

طمانچہ مارنا: جس کو مارے اسے راحت ملی اس کو خلق بدنام کرے۔ اطوار یکانم ہو۔

طُرّہ (پگڑی کا اوپر کا سرا جو اٹھا رہتا ہے) لگا دیکھنا: سردار قوم ہو جائے یا علم کی دولت پائے ہم نشینوں میں عزت و توقیر پائے۔

طلسمات: عمر دراز ہو در مسرت باز ہو حاکم کا چہیتا ہو۔

طبق یا طشت: نعمتِ غیر مُتَرَقَّبَہ (نعمت بے مثال) ہاتھ آئے۔

طُرّۃ (گچھا) لٹکنا: اہل وعیال کی فکر میں مبتلا رہنا۔

(ظ)

ظلم کرنا کسی پر خواب میں: رنج وغم وبدنام ہونے کی دلیل ہے۔

ظالم کو دیکھنا: برے کاموں کی پاداش میں مبتلا ہو غم کا سامنا۔

(ع)

عالم دین با عمل کو خواب میں دیکھنا: نیک نامی اور نیک بختی کی دلیل ہے۔

عورت حسینہ جوان کا دیکھنا: مال اور دولت اور خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے اور عورت پاکیزہ یعنی کنواری عورت کو اگر خواب میں دیکھے تو پیشہ وتجارت سے فائدہ اٹھائے۔

عینک: علم حقیقت سے آگاہی اور پیش دوامی۔

عصا دیکھنا: سردار قوم اور توقیر پائے۔

علم پڑھنا: شادمانی ورفعت وجاہ سے خوشحالی اہل وعیال کی فکر سے۔

عورتوں اور شر والوں کو دیکھنا: زیادتی جاہ ومال اور ترقی ودرازی عمر کی دلیل ہے۔

عورت کو اپنے سر کے بال پریشان دیکھنا: اگر شوہر اس کا غائب ہے تو آنے کی امید ہے اور اگر اس عورت کا شوہر نہیں تو اس کے عقد ہونے کی دلیل ہے۔

عورت اگر دیکھے کہ اس کے سر کے بال تراشے ہیں: تو اس سے تعبیر ہے کہ اس کا شوہر طلاق دے گا۔

عطر وعنبر اور جملہ کافور وصندل خوشبودار کا دیکھنا: علم شریف اور دین پاک اور مال پاکیزہ اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے۔

عورت کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھنا: اگر کوئی عورت اپنے کو پاکیزہ لباس سے آراستہ دیکھے تو کسی نیک مرد سے نکاح کرنے کی دلیل ہے اور اگر نکاح شدہ ہے تو عمل نیک کی بشارت ہے۔

عورت باکرہ سے مباشرت: دشمن سے فتحیاب ہونے اور مقصد دنیا ونعمتیں ملنے کی دلیل ہے۔

عورت سے عورت کو مباشرت کرنا: جس سے مباشرت کی ہے اس کے راز مخفی سے خبردار ہونے یا کسی فاحشہ عورت سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔

عضو تناسل کا کٹ جانا دیکھنا: اگر کسی نے دیکھا کہ اسکا عضو تناسل قطع ہوگیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ یا تو صاحبِ خواب کا لڑکا مر جائے گا یا خود کو مرنے کی دلیل ہے۔

عضو تناسل کا دو یا زائد دیکھنا: چنانچہ جتنے خواب میں دیکھے گا اتنی ہی اولاد ہونے کی دلیل ہے۔

عضو کوئی سا ہو سر سے پیر تک اپنا لوہے کا بنا ہوا دیکھنا: درازی عمر کی دلیل ہے۔

عسل یعنی شہد کا دیکھنا: اگر چھتے میں شہد کو دیکھا ہے تو مال مجموعی کی دلیل ہے اور اگر اس میں سے کچھ نوش کیا ہے تو علم قرآن ونکاح پر اور شفاء مرض ہر ایک کی دلیل ہے۔

عورت کا اپنے جسم میں آلہ تناسل کا پیدا ہونا دیکھنا: اگر حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سرداری پائے گا اور جو حاملہ نہیں ہے تو اولاد بھی نہ ہوگی۔

عورت حیض سے نہ ہوا اور دیکھے کہ حیض سے ہوں: تو اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی نشانی ہے۔

عورت کو اپنے کپڑوں پر پیشاب دیکھنا: شہوت زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

عورت کو خون کا پیشاب کرتے دیکھنا: فرزند کا شکم میں مر جانے سے دلیل ہے۔

عورت کو اپنی طلاق دیتے دیکھنا: دولت کی دلیل ہے۔

عورت کی خواستگاری (التماس) کرنا خواب میں: جس کی خواستگاری (التماس) کی ہے اس کے حسن و جمال کے موافق دولت ملنے کی دلیل ہے بلکہ فراغتِ کلی کی دلیل ہے۔

عورت کو چاند آغوش میں لیتے دیکھنا: شوہر اس کا عزت پائے گا اور اگر شوہر نہیں ہے تو خود اس کو بزرگی ملنے کی دلیل ہے۔

عَقیق (سرخ رنگ کا قیمتی پتھر) کا دیکھنا: عزت اور نعمت پر دلیل ہے۔

عَقیق دیکھ کر پکڑنا: بدعہدی کرے یا بدعہدی سابقہ ہو جس کام کو جائے پریشانی ہو جائے۔

عیدین یعنی فطر اور ضحی کا دیکھنا: جس شخص نے دونوں میں جس عید کو دیکھا تو اس کیلئے تمام رنج و غم سے نکلنے کی دلیل ہے۔

عروس یعنی شادی دیکھنا: رنج و غم کی دلیل ہے اور ماتم دیکھا کھیل کود سے دلیل ہے۔

عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا: افلاس اور فکر و تَرَدُّد کی دلیل ہے۔

عمارت دیکھنا: خوشی و خرمی کی دلیل ہے۔

عرقِ بدن (پسینہ) سے ٹپکتا دیکھنا: بیماری سے صحت کی علامت ہے یا کوئی کام بد کرنے پر ندامت کی دلیل ہے۔

عمامہ باندھنا: عوام سے فائدہ اٹھائے یا امام ہو کر امامت کی دلیل ہے۔

عمامہ: بزرگی و حرمت و دولت سے سرفراز ہو یا علم دین و دنیا میں ممتاز ہو۔

عندلیب (بلبل): خود غلام بنے یا غلام سے راحت ہو۔

عطر لگانا: خوشبوئے دین سے فرحت ہو۔

عورت: خوشی حاصل ہو، مالداروں میں شامل ہو۔

عورت باکرہ: تجارت یا صنعت سے فائدہ پائے۔

عورت مجہولہ گود میں: حصولِ مقصد و دولت کی نشانی۔ہے۔

عورت کے بازو کھلے: بیکاری یا بے دستی سے پریشانی ہو حصولِ جاہ کی فجر میں سرگردانی ہوں۔

عورت کے ہاتھ: نیکوں سے نیکی پائے، بدوں سے بدی ہاتھ آئے۔

عورت ضعیف: دولتِ دنیا ملے راحت سے درکنار۔

عَنَّابْ (انگور فروش): مرض سے صحت نصیب ہو۔

(غ)

غلہ: دیندار عورت (منکوحہ) ہاتھ آئے جبکہ وہ عفیفہ (گناہوں سے بچی ہوئی) بھی ہو۔

غلہ دیکھنا: سفر رنج و غم اور دوستوں سے ملال کی دلیل ہے۔

غوطہ (ڈبکی لگانا پانی وغیرہ میں): فکر و اندیشہ سے نجات ہونے اور عیش و عشرت اٹھانے کی دلیل ہے۔

غسل کرنا: بیماری سے صحت پانے یا سفر سے واپس آنے کی دلیل ہے۔

غسل خانہ دیکھنا خواب میں: موت آنے کی دلیل ہے۔

غُربال (چھلنی) دیکھنا: فکر و اہل و عیال میں بتلا ہونے کی دلیل ہے۔

غول جانوروں کا دیکھنا: حکومت و سرداری کی دلیل ہے۔

غالب آپ کو دشمن پر دیکھنا: نفس امارہ پر غالب ہو، دولت دنیوی کی دلیل ہے۔

غبار زمین و آسمان کے درمیان دیکھنا: فتنہ فساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔

(ف)

فرشتگانِ مقرب دیکھنا: مراتب بلند ہونے اور خلق کے مستفید ہونے کی دلیل ہے علم حقیقت سے آگاہی اور امن و پناہ ملے۔

فرشتوں کو جوق در جوق آتے دیکھنا: مال کے نقصان اور پریشانی و حیرانی کی دلیل ہے۔

فرشتگان مقرب یعنی حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، اسرائیل، عزرائیل (علیہم السلام) کو خوش دیکھنا: دین و دنیا میں عزت اور مرتبہ پانے کی دلیل ہے اور درازی علم و حکمت کے کشادہ ہونے اور آفتوں سے محفوظ رہنے اور بیماری سے شفا پانے کی دلیل ہے اور اگر کوئی خوف و غم میں مبتلا ہے تو رہائی کی دلیل ہے۔

فرشتوں کے ساتھ دشمنی کرتے دیکھنا: موت کی علامت ہے، توبہ کرنا چاہئے۔

فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا: دین و دنیا میں عزت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

بہت سے فرشتوں کا کسی جگہ جمع ہونا: وہاں پر کسی عابد یا عالم کی وفات کی دلیل ہے، یا کسی شخص کو جور و ظلم سے نجات پائے جانے کی دلیل ہے۔

فَرْج (عورت کی شرمگاہ) کا دیکھنا: غم و الم کی دلیل ہے یا زن جمیلہ ہاتھ لگے۔

فَرْج (عورت کی شرمگاہ) کو ذکر کی جگہ دیکھنا: ہر کام کرنے سے پشیمانی اور ذلت و خواری اٹھانے کی دلیل ہے۔

فاختہ (مشہور پرندہ) دیکھنا: عورت بے دین سے صحبت اٹھانے اور رنج و غم کی دلیل ہے۔

فِیْل (ہاتھی) سفید دیکھنا: حاکمِ وقت سے مال ملنے یا فرزند تولد (پیدا) ہونے کی دلیل ہے۔

فرشتوں کے ساتھ آپ کو اُڑتے دیکھنا: دنیا کی حیرانی و پریشانی سے نجات ملے اور درجہ شہادت پانے کی دلیل ہے۔

فانوس دیکھنا: امیری سے فقیری کی نشانی اور پریشانی کی دلیل ہے۔

فوارہ دیکھنا: غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے۔

فَصَدْ کھلوانا (رگ سے خون نکلوانا): مرض سے شفا پانے اور تندرست ہونے کی دلیل ہے۔

فَرْج (عورت کی شرمگاہ) اور ذکر کا ہمراہ دیکھنا: رنج و غم سے رہائی پانے کی دلیل ہے۔

فِیْل (ہاتھی) کو حملہ کرتے دیکھنا: کسی آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

فِیْل کا گوشت کھانا خواب میں: مال و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے اسی طرح فِیْلْ (ہاتھی) کے اعضا سے جو حاصل ہو گا وہ مال و غلبہ پر دلیل ہے مثل کھال و بال و ہڈی وغیرہ۔

فالودہ: بیمار کو صحت اور رنجور کو فرحت۔

فوارہ: دل کو سرور، دولت ضائع، اچھے رفقا ملیں، ملال خاطر ختم۔

فصد: بیماری سے صحت۔

(ق)

قد کوتاہ (چھوٹا قد): بے قدری کی علامت اور موجبِ سر گردانی۔

قدم: زیب وزینت زیادہ ہو یا مال مُعْتَدٌ بِہ (کثرت) ہاتھ آئے۔ خادم ونوکر سے راحت پائے۔

قافلہ: اگر مرقع لوگوں کو جاتے دیکھے تو تباہی میں پڑے اور جو آتے دیکھے تو مطلب بر آئے۔

قُفْل (تالا): خدمت گار امانت ملے یا سفر پیش آئے یا کسی کام ضروری کا قصد کرے۔

قُفْل (تالا) کھولنا: خوشی کی نشانی۔

قُفْل (تالا) بند کرنا: باعثِ پریشانی ہے۔

قُمرِی (ایک چھوٹا پرندہ): کسی کی محبت میں مبتلا ہو پریشانی سوا ہو۔

قلعہ: دینداری کو ترقی پرہیز گاری ہو۔

قلم: حکمت یا ولایت یا فرزند ملے۔

قلمدان (عہدہ یا وزارت ملنا): عورت دیندار ہو حاکم کی نیابت کرے۔

قوس وقُزح (بارش کے بعد مختلف رنگوں کا دائرہ جو آسمان پر دکھائی دیتا ہے): غم ورازانی غلہ (مالِ کثیر) ہو۔

قید: سفر کا ارادہ ہے تو نہ جائے شرع میں استوار ہو۔

قے کرنا: گناہ سے توبہ کرنے کی علامت ہے۔

قیامت: بادشاہ یا حاکم کے عدل کی دھوم ہر طرف ہو۔

قرنا (ایک قدیم باجا جو پھونک کر بجایا جاتا ہے) بجانا: کسی حادثہ میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔

قَنْد (شکر): عورت صبیح ملیح ملے یا فرزند پیدا ہو۔

قرآن شریف لکھنا: روزی حلال ہے اور پرہیز گاری کی دلیل ہے۔

قرآن شریف کی تلاوت کرنا: نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔

قرآن کا ورق کھانا: دنیا میں بدنامی یا موت آنے کی دلیل ہے۔

قرآن شریف کا دیکھنا: علم سیکھنے اور سکھانے اور خیر وبرکت کی نشانی ہے یا تولدِ فرزند (کی پیدائش) کی دلیل ہے۔

قلم کا دیکھنا: عدل وانصاف کرنے کی دلیل ہے یا فنِ خوشنویسی کی نشانی ہے۔

قبر کھودنا: جدید مکان کی تعمیر کی بشارت ہے۔

قصائی کا دیکھنا: ملک الموت کے آنے کی دلیل ہے۔

قبر کو بند کرنا: فتنہ وفساد کے مٹنے کی دلیل ہے۔

قبر میں جانا: کسی بلاء میں مبتلا ہونے یا رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔

قبر کا بنانا: آخرت میں نقصان اٹھانے یا کسی معاملہ میں پھنسنے کی نشانی ہے۔

قبر سے کفن نکالنا: میت کے دین کی پیروی کرنے یا شریعت میں کوئی نیا امر جاری کرنے کی دلیل ہے۔

قسم کھانا: روزی کم ہونے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے۔

قسم کھلوانا: خیانت کی دلیل ہے۔

قَبا (ایک قسم کا چوغہ): دولت زیادہ ہونے کی دلیل ہے، نکاح کرنے کی علامت ہے۔

قربانی کرتے آپ کو دیکھنا: ترقی زندگی کی علامت ہے۔

قبر کا دیکھنا: عمر قلیل کی نشانی ہے اگر مریض ہے تو طولِ عمر کی نشانی ہے۔

قوس قزح (بارش کے بعد مختلف رنگوں کا دائرہ جو آسمان پر دکھائی دیتا ہے) دیکھنا: غلہ کی ارزانی کی دلیل ہے۔

قلعہ دیکھنا: دشمن سے نجات پانے کی دلیل ہے۔

قفل دیکھنا یا کھولنا: امیر بر آنے کی دلیل ہے۔

قلمدان دیکھنا: امیری کی دلیل ہے۔

قینچی دیکھنا: دوست سے ملاقات ہو یا عورت یا محبوب سے ملال ہو۔

قینچی سے کاٹنا: قرضدار ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔

قَنْدْ (شیریں زبان) آپ کو دیکھنا: صلاح و خیر پر دلیل ہے۔

قاضی نامعلوم کا دیکھنا: اس کی تعبیر رویت خدائے عزوجل ہے۔

قبرستان جانا یا قبرستان دیکھنا: ایسے کام کرنے سے دلیل ہے جو قابلِ عبرت ہو۔

قتل ہونا یا اپنا سر جدا کرنا: اپنی ثناء و صفت کسی سے سننے کی دلیل ہے یا مرض سے شفا حاصل ہونے کی یا قرض ادا ہونے کی دلیل ہے حج کعبہ کرنے کی یا کشائش کی بشارت ہے۔

قتل دوسرے شخص کو کرنا: مقتول پر ظلم کرنے کی دلیل ہے یا قاتل سے مقتول کو کسی امر میں فائدہ پہنچے گا یا کبیرہ گناہ ترک کرے۔

قبلہ رو ہونا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنا: راہِ حق کی طرف ہدایت کی دلیل ہے۔

قبلہ سے پھرنا: راہِ ضلالت کی نشانی ہے۔

قوم کی امامت کرنا: عدالت و دادرسی کرنے کی دلیل ہے۔

(ک)

کعبہ دیکھنا یا کعبہ کا طواف کرنا: صلاحیتِ دین حاصل ہونے و نصرت و رفعت ہونے یا خدمتِ والدین و سعادت کی دلیل ہے۔

کان دیکھنا: عورت پاکدامن سے نکاح کرنے یا نیک خبر سے مسرور۔

کمبل اوڑھنا: فسق و فجور کی طرف دلالت ہے۔

کوئلہ دیکھنا: بدنامی و پریشانی بلکہ زیادتی عصیاں کی نشانی ہے۔

کوہ قاف (وہ پہاڑ جس کو پریوں کا مسکن بتایا جاتا ہے) کی سیر کرنا: حکومت یا بادشاہت کی دلیل ہے۔

کوا دیکھنا: بولتا دیکھے تو مسافر آنے اور خاموش دیکھنا رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔

کلاہ (ٹوپی، تاج) دیکھنا: عہدہ سرداری کی علامت ہے۔

کوڑیاں(سستے داموں فروخت کرنا) دیکھنا: مصیبت اٹھانے اور تکلیف کی دلیل ہے۔

کمر رکھ دیکھنا: آپس میں ترش روئی یا جورو(بیوی) سے لڑائی کی دلیل ہے۔

کمر باندھنا: سفر کی نشانی ہے لیکن دولت بے شمار پانی ہے۔

کیچڑ میں گر تا یا پھنسنا: خرابی آنے کی نشانی ہے یا قرضداری کی دلیل ہے۔

کُسمُ (ایک پھول کی قسم) دیکھنا: دُختر نیک اختر تولد (پیدا) ہو یا ہم چشموں میں عزت پائے۔

کمان بنانا: اگر عورت حاملہ ہے تو فرزند تولد (پیدا) ہونے ورنہ عورت ملنے کی دلیل ہے۔

کنیز یا غلام کو فروخت کرنا: رنج و غم سے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔

کتاب یا مخطوط کھلے ہوئے پانا دیکھنا: نہایت خیر و برکت کی نشانی ہے۔

کتاب علم فقہ وغیرہ کا دیکھا یا اور صالحہ علم کی کتب کا دیکھنا: موجب تحصیلِ وحکمت پر دلیل ہے۔

کلیات دیوان وغیرہ کا دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے بہتر نہ ہونے کی دلیل ہے۔

کتابِ الٰہی یعنی کلام پاک کا دیکھنا: دین اور علم اور مال حاصل کرنے اور لوگوں کو نفع پہنچانے کی دلیل ہے اور اگر کلام پاک پھاڑ ڈالا ہے تو احکام خداوندی کے انکار کی دلیل ہے اور اگر اوراقوال کو کھایا ہے یا چبالیا ہے تو خدا کے کلام سے روگردانی کرنے کی دلیل ہے۔

کثردم بمعنی بچھو کا ڈنک مارنا: کوئی دشمن ہے جو کہ غیبت اور برائی سے ضرر پہنچانے کی تدبیر کرتا ہے۔

کشتی سے خشکی میں اترنا: دشمن پر فتح پانے اور مالِ کثیر پانے کی علامت ہے۔

کھیت کا دیکھنا: فراخی دولت و نعمت کی دلیل ہے۔

کھیت میں چلنا: زراعت کے ذریعہ روپیہ ملنے کی دلیل ہے۔

کھیت میں جنگل کا ہونا: افلاس اور قحط و تکلیف کی دلیل ہے۔

کھیت کا خشک ہو جانا: کمی غلہ خشک سالی کی دلیل ہے۔

کھیت کاٹنا: اپنی عورت کو طلاق دینے یا کسی کو قتل کرنے کی دلیل ہے۔

کچا گوشت کھانا: غیبت کرنے کی صریح دلیل ہے۔

کتیا کا دودھ پینا: دشمن سے ضرر پہنچے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے۔

کھانا کھاتے دیکھنا: نعمت میں افزونی(اضافہ) کی دلیل ہے۔

کھانا دوا کا: پشیمانی اٹھانے کی دلیل ہے۔

کملی (بھیڑ بکری کے بالوں کا بنا ہوا کپڑا جو سردیوں میں اوڑھنے کا کام دیتا ہے) کا دیکھنا: دین و دنیا کی دولت ملے، صاحبِ باطن ہونے کی دلیل ہے۔

کبوتر دیکھنا: اچھی خبر آنے کی یا خوبصورت عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

کنگن پہننا: تنگی و دشواری کی دلیل ہے۔

کنگھی بالوں میں کرنا: رنج والم کی دلیل ہے۔

کنگنی (ایک قسم کا چکنا اناج) دیکھنا: خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

کمان معہ تیر پانا: اپنی بیوی سے ملاقات کرنے یا دشمن پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔

کوزہ دیکھنا: نیک عورت ملنے اور عیش سے گزرنے کی دلیل ہے۔

کِرُم کلہ (ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول نہیں ہوتا) دیکھنا: نعمت وروزی زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

کافور دیکھنا: دولت ملنے کی دلیل ہے یا مرض سخت اٹھانے کی دلیل ہے۔

کافر ہونا: تونگری یا بیماری کی نشانی ہے زحمت بہت سی پیش آنی ہے۔

کان دراز: افسانہ عجائب حکایت غریب سنے۔

کبوتر: کنیز ملے یا بہتری حال کی ہو۔

کبوتر کا گوشت: عورت سے منفعت پائے یا معشوق حسین اور طرحدار ہاتھ آئے۔

کبوتروں کا غول: نفع کثیر حاصل ہو فرحت و مسرت شامل ہو۔

کبک (چکور، ایک قسم کا بڑا تیتر جس کے سر اور پنجے سرخ ہوتے ہیں): عورت نیک سے سابقہ ہو۔

کپڑا بیچنا: دشمنی و خصومت زیادہ ہونے کی علامت ہے۔

کپڑے میں خون: تھمت و بہتان میں پھنسے خلقت ہنسے۔

کتّے: دشمن ضعیف سے مقابلہ ہو جائے مگر گزند اس کو پہنچانے نہ پائے۔

کتے کا بھونکنا: کمینوں کی بات سے ملال حاصل ہو۔

کتے کا کاٹنا: دشمن سے مقابلہ ہو۔

کتے کو فرمانبردار کرنا: خفیف دوست سے ملاقات نصیب ہو۔

کچھوا: عالم ہو یا علم سے نفع پائے دولت دنیا ہاتھ آئے۔

کچھوے کو نجس مقام میں دیکھنا: علمیں نقصان ہو پریشانی کا سامان ہو۔

کَرگَس (گدھ جو مردار خور پرندہ ہے): خوش دلی کی نشانی ہے۔

کپڑا پیراہن: پاکیزہ سے حرمت و منفعت دین کی حاصل ہو۔

کپڑا پاؤں کا: مرد کے فرزند پیدا ہو عورت کو شوہر کا خوف ہو۔

کپڑا ہاتھ کا: مرد کو وقت تنگ ہو۔

کژدم (بچھو، عقرب): سخن چین سے ملال ہو عزیز سے تکلیف ہو اور بہت ملال پہنچے۔

کژدم کا مارنا: دشمن کی غیبت کرے یا بھید کہے۔

کُشتی کرنا: غم واندوہ دور ہو پریشانی کافور ہو فرحت و خوشی نزدیک آئے۔

کشتی: تنگی مال ہو پریشانی حال ہو۔

کشتی پر سوار ہونا: معاملات شاہی میں غور و فکر خوض کرنے کی ضرورت ہے۔

کشتی سے اترنا: آفات سے نجات پانی ہے۔

کشتی ڈوبنا: محاسبہ شاہی میں گرفتار ہو رنج اٹھائے۔

کشتی خشکی میں: معصیت میں گرفتار ہونے کی نشانی ہے۔

کاجل: اولاد سے راحت ہو دل کو فرحت ہو۔

کاغذ ملنا: اگر سادہ دیکھے تو مقصد حاصل ہو۔

کِرن آفتاب: نیک خبر کا سامان نظر آئے بیمار صحت پائے۔

کعبۃ اللہ: خلافت پائے یا بزرگی و مرتبہ حاصل ہو یا میراث ملے یا عالم اور متقی ہو۔

کُفتَارُ (جو، ہنڈار جو ایک قسم کا درندہ جانور ہے): عورت بد خصلت سے سابقہ ہو۔

کفتار کا گوشت: عورت جادوگر سے نقصان حاصل ہو۔

کفتار کا دودھ: خلق میں بے توقیر رہے جورو (بیوی) خیانت دکھائے۔

کلنگ (ایک مشہور پرندہ، قاز، اصیل مرغ): کسی بادشاہ یا سردار سے بخشش و انعام ملے، دوستوں میں احترام ملے۔

کلاہ (لمبی ٹوپی، تاج شاہی): درازی عمر و ترقی ریاست سرداری کی نشانی ہے۔

کلید (چابی): بادشاہ سے مال و جاہ حاصل ہو۔

کلید سے دروازہ کھولنا: عہدہ جلیلہ پر سرفراز ہو۔

کفن پہننا: عمر دراز ہو راحت باز ہو بادشاہ سے خلعت ملے۔

کلام پرندے سے: میراث عظیم پانے کی علامت ہے۔

کمند (پھندا): سخت کام میں مددگار درکار ہو بہادر ذی وقار ہو۔

کمان (تیر پھینکنے کا آلہ) بنانا: عورت حاملہ لڑکا جنے۔

کمان کھینچنا: سفر درپیش ہو، مسرت پیش ہو۔

کمان معہ تیر کھینچنا: عورت یا برادر یا فرزند ملے یا سفر سامنے آئے یا دشمن پر غلبہ پائے۔

کمربند باندھنا: قوتِ مردی اور شہرت زیادہ ہو۔

کنجشک (چڑیا): مرد بزرگ ذی وقار ہو۔

کنجشک کا گوشت: ترقی و قوت مال کی نشانی ہے۔

کنجشک کا بچہ: فرزند پیدا ہونے کی علامت ہے۔

کنجشک کا گھونسلا: عورتوں کے کام میں تشخیص ہونے کی نشانی ہے۔

کوشک (مکان یا عمارت جو گرمی کا موسم بسر کرنے کیلئے دیہات میں بنائے جاتے ہیں) رفیع: پارسا کو درجہ بلند حاصل ہو۔

کنول (ایک پودا جو پانی میں آسکتا ہے، نیلوفر) روشن: علم حقیقت سے آگاہ ہو، راحت خاطر خواہ ہو۔

کوئلہ: اندیشہ و خصومت بے فائدہ میں پھنے یا سخت بیماری کی تکلیف اور مصیبت ہے۔

کنگھی: مقصد حل ہو جائے، بیماری سے صحت پائے اگر کنگی ٹوٹ جائے تو بیماری اٹھائے۔

کُوزہ (دستہ والا برتن): عورت حسین ملے، دل سے فرمانبردار رہے۔

کھانا گلے میں پھنسنا: بیمار ہو یا موت آئے۔

کھیت: ترقی نعمت و علم کی نشانی ہے۔

کھیت جنگل میں دیکھنا: مخالفوں کے اجماع کی دلیل بے عدیل ہے۔

کھیت خشک: فراخی نعمت ہو، اولاد سے راحت ہو۔

کھیت کاٹنا: قتل کرنے کی نشانی ہے یا عورت حسین سے مفارقت ہو جاتی ہے۔

کبک (چکور پرندہ) کو مارنا: مقصد حاصل ہو، فرحت کامل ہو۔

کیچڑ میں گرنا: اگر حاکم ہے معزول ہو فرمانبر داری سے عدول ہو۔

کھچڑی کھانا: بیماری کی علامت ہے۔

کشتی دیکھنا: رنج و غم دور ہو، حاصل سرور ہو۔

کشتی ڈوبتے دیکھنا: مصیبت آنے کی دلیل ہے۔

کشتی خشکی میں دیکھنا: رنج و غم کی نشانی ہے۔

کپڑا دھوتے دیکھنا: گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے۔

کائی (بالوں کی طرح الگ الگ ہو جانا) کا پھٹتے دیکھنا: دشمن زیر ہونے اور عروج پانے کی دلیل ہے۔

کرن آفتاب دیکھنا: راحت و آرام کی نشانی ہے۔

کفن پہننا: اول مصیبت آئی ہے بعدہ شادمانی ہے۔

کنویں میں گرنا: رنج و غم وصدمہ اٹھانے کی دلیل ہے۔

کنویں سے نکلنا: کشائش و فیروزی کی دلیل ہے۔

کتے کو بھونکتا دیکھنا: کتے کو حملہ کرتا ہوا یا بھونکتے دیکھنا، غیب سے زیاں (نقصان) پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

کتے کا گوشت کھانا: اگرچہ مکروہ ہے لیکن دشمن سے نفع ہو، آپ خوش دشمن رنجور ہو۔

کنواں کھودنا: تجارت میں نفع ہونے اور مال کی افزونی کی دلیل ہے۔

کنویں سے پانی کھینچنا: غریب غرباء کا فائدہ کرنے اور راہِ خدا میں دینے دلانے کی دلیل ہے۔

کنویں سے پانی کھینچ کر درخت کو سینچنا: غرباء اور یتیموں کی مدد پرورش کرنے کی دلیل ہے۔

کنویں سے پانی پلانا: حاجیوں کی مدد کرنے سے دلیل ہے۔

کنویں سے پانی نکل جانا: مال کے تلف ہونے اور رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔

کنویں سے پانی کا جوش کرنا: حق تعالی کی طرف سے مال پاکیزہ ملنے اور مال میں قوت و برکت ہونے کی دلیل ہے۔

کشتی میں سوار ہوتے دیکھنا: حاکمِ وقت یا بادشاہ کے عتاب میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔

کشتی سمیت ڈوبنا: بادشاہ یا حاکمِ وقت کے محاسبہ میں گرفتار ہونے و قید ہونے کی دلیل ہے۔

کژدم (بچھو) کو اپنے ہاتھ میں دیکھنا اور کسی کو کٹوانا: صاحبِ خواب کے کسی کی غیبت کرنے سے دلیل ہے یعنی صاحبِ خواب خود غیبت دوسروں کی کرے گا۔

کژدم (بچھو) کا گوشت کھانا: دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔

کژدم (بچھو) کو اپنے کپڑے یا بستر اور چیزوں میں گھسا ہوا دیکھنا: کوئی دشمن ہے جو پاس رہ کر صاحبِ خواب کے حالات دشمنوں پر جا کر ظاہر کرتا ہے اس کی غیبت میں۔

کتے کا کاٹنا یا بھونکتے دیکھنا: دشمنوں کے درپے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔

کشتی میں کسی کو پچھاڑنا: صاحبِ خواب سے وہ حال میں بہتر ہو گا جس کو پچھاڑا۔

کتے کا ملے (مانوس) ہوئے دیکھنا: کسی کو اپنی مدد پر ہونے کی دلیل ہے۔

کمر بند کمر میں بندھے ہوئے دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے بہتر و خوشتر ہونے کی دلیل ہے۔

کمر بند کا ٹوٹ جانا یا چھن جانا یا اور کوئی نقص ہو جانا: صاحبِ خواب کیلئے بد کی دلیل ہے۔

کیلہ دیکھنا: نعمتیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

کھیرہ ککڑی شلجم وغیرہ کا خواب میں دیکھنا: صدمہ اٹھانے مال کے جاتے رہنے کی وجہ ہے یا اور کوئی رنج و غم کی دلیل ہے۔

کاتب کا دیکھنا: کسی کا اہلکار ہونے اور منشی ہونے کی دلیل ہے۔

کان میں چیونٹیاں گھستے دیکھنا: موت آنے کی دلیل ہے۔

کنجشک یعنی گھر والی چڑیا کا دیکھنا: بزرگی اور مال اور عیش و عشرت کی دلیل ہے۔

کسی کو خواب میں ذبح کرنا یعنی انسان کو: اس کی تعبیر کسی پر ظلم کرنے سے ہے یعنی جس کو ذبح کر رہا ہے اس پر ظلم کرے گا۔

گردن لٹکا ہوا کو اکا نیچے دیکھنا: رزق کی کمی یا موت کی دلیل ہے۔

کان کو جدا دیکھنا: لڑکی کے مرنے کی دلیل ہے یا عورت کو طلاق دے گا۔

کان کی صفائی کرنا: خوشخبری سننے کی دلیل ہے۔

(گ)

گلاب کا پھول دیکھنا: دنیا میں ذی مرتبہ اور نیک نام ہونے کی دلیل ہے۔

گھوڑے کا دیکھنا: راحت اور خوشی و دولت یا نیک حسین عورت ملنے کی دلیل ہے۔

گھوڑے کو اپنے قابو میں پانا اور سوار ہونا: شرف و عزت و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

گھوڑے کا شوخی یا شور کرتے دیکھنا: کسی معصیت کے مُرتَکِب ہونے کی دلیل ہے۔

گھوڑی کا مالک و قابض ہونا یا سوار ہونا: کسی زن شریفہ کے ملنے پر دلیل ہے اگر شادی شدہ ہے تو لدِ دُختر (بیٹی کی پیدائش) کی دلیل ہے۔

گھوڑے کا گوشت کھانا: روزی حلال اور مرد نیک نام اور فراخی کی دلیل ہے۔

گھوڑے کو اپنے مکان یا محلہ سے نکلتے دیکھنا: صاحبِ خواب کو مکان یا محلے سے نکلنے خواہ موت کے آنے کی دلیل ہے۔

گھوڑے نامعلوم کا خواب میں دیکھنا: عزت و شرافت کی دلیل ہے۔

نوٹ: واضح ہو کہ تعبیرات گھوڑوں کی بہت ہے لہٰذا اگر گھوڑا نیک اور سیدھا اپنے قابو میں ہے تو صاحبِ خواب کیلئے بہتری اور اچھائی کی صورت ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو برائی اور بدی ہونے کی دلیل ہے۔

گدھے کا گوشت کھانا: بے وقوف کا مال کھانے اور بعدہٗ (اسکے بعد) بے وقوف بننے کی دلیل ہے۔

گدھی کا دودھ پینا: بیماری سے صحت ہونے اور تجارت میں نفع ہونے کی دلیل ہے۔

گوہ دیکھنا: مالِ مفت ملنے کی دلیل ہے۔

گھی کا کپا(روغن دان) دیکھنا: تجارت میں فائدہ ہونے اور طراری زبان کی دلیل ہے۔

گاجر کھانا: جسمانی قوت کی دلیل ہے۔

گاجر دیکھنا: موسم میں مال و دولت کی کثرت ہو، غیر موسم میں اندیشہ نقصان ہو۔

گوز (بیکاری میں وقت ضائع کرنا) مارنا: ہم چشموں میں ذلت کی دلیل ہے۔

گورستان (قبرستان) دیکھنا: قلیل آمدنی کی دلیل ہے یا صبرت و پریشانی کی دلیل ہے۔

گھر زمین پر دیکھنا: تولدِ فرزند (بیٹے کی پیدائش) ہونے یا تولدِ دُختر (بیٹی کی پیدائش) ہونے یا اور کوئی نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔

گوبر دیکھنا: حاکم یا سردار سے نفع قلیل حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

گھر سونے کا دیکھنا: گھر میں آگ لگنے کی علامت ہے۔

گھر میں غیر کے داخل ہونا: جس کے گھر میں داخل ہو اس کی خیانت کرنے اور ذلت اٹھانے کی دلیل ہے۔

گدھے پر سوار ہونا: اگر منہ طرفِ مغرب ہے حج کرے یا نیک مشہور ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس دوسری طرف منہ ہے تو حاجی مشہور ہونے کی دلیل ہے۔

گدھے سے اترنا: بے وقوفی دور ہونے اور دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔

گائے کا دیکھنا: اگر فربہ ہے دولت سے مالامال ہونے کی دلیل اور لاغر ہے تو سراسر پریشانی کی سبیل ہے۔

گنّہ دیکھنا یا کھانا: صاحبِ خواب کی زبان سے وہ بات نکلے گی جو سب کو اچھی معلوم ہو۔

گھر لوہے کا دیکھنا: قربت سلطانی یا ترقی عمر کی دلیل ہے۔

گھر کا گر جانا دیکھنا: موت آنے یا بد اعمال سے دنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔

گھر کو کھودنا: گناہوں سے پاک ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔

گھر میں آتش کدہ دیکھنا: مال ملنے کی نشانی ہے یا بیماری سے صحت کی دلیل ہے۔

گھر کو بیچ ڈالنا: موت آنے کی نشانی ہے۔

گھر میں غیر معلوم کے بند ہونا: قبر کی دلیل ہے یا کسی عورت سے کام پڑے گا۔

گلدستہ باندھنا: جنگ و خصومت کی علامت ہے۔

گوشت خام دیکھنا: مال حرام ملے رنج و غم اٹھانے کی دلیل ہے۔

گیہوں کا دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے خوب نہیں ہے۔

گیہوں کا کھانا: عزت و حرمت میں فرق آنے کی دلیل ہے۔

گھر کسی نہ معلوم کا گرانا: بد اعمالی سے نجات کی دلیل ہے۔

گائے کا دودھ پینا: دنیا میں فراخی نعمت ہونے، کام انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے۔

گھر اپنا یا کسی غیر کا بنانا: بقدر گھر بنانے کی بحیثیت کسی کے مال دنیا سے مستفید ہو گا۔

گلاس یا کٹورا دیکھنا: اگر کسی چیز سے بھرا ہے تو موت کی نشانی ہے۔

گوشت خام کھانا یا دیکھنا: مالِ حرام کی دلیل ہے۔

گوشت بھنا ہوا یا پختہ: مال حاکم یا بادشاہ سے ملنے کی دلیل ہے۔

گھوڑے پر اپنے ساتھ کسی کو سوار دیکھنا: جو ساتھ سوار ہے اس کی سعی و کوشش سے حاکم یا حکومت ملنے کی دلیل ہے۔

گوشت شیر کا کسی بھی کوئی اعضاء سے کچھ کھاتا ہے: کسی بڑے شخص کی میراث کا مالک ہونے کی دلیل ہے۔

گوسفند (بھیڑ، بکری، دنبہ نر مادہ دونوں کیلئے مستعمل ہے) کا دیکھنا: دولت اقبال مندی کی دلیل ہے۔

گالی دینا کسی کو: صاحبِ خواب سے گالی کھانے والا بہتر ہے۔

گردن کٹی اپنی دیکھنا یعنی سر تن سے جدا: اگر غلام ہے تو آزاد ہو جاوے گا۔ مریض ہے تو شفا پائے گا۔ قرضدار ہے تو قرض ادا ہو گا اور کبھی یہ تعبیر بھی ہوتی ہے کہ صاحبِ خواب حج کعبہ کرے گا اور اگر کشتی میں ہے تو کشائش ہو گی، اگر خائف ہے تو امن سے ہونے کی۔

گدھے کو ذبح کرنا: معاش تباہ کرے تدبیر فلاح میں ہر طرف سرگردان پھرے، خلقت بے حیاء کہے۔

گدھے کا دودھ پینا: تمتع و برخورداری کی نشانی ہے بیماری سے صحت پانی ہے۔

گدھے سے اُترنا: فائز المرام ہونے کی دلیل ہے۔

گدھے کو نابینا دیکھنا: مال امانت یا مدفون گم ہو جائے۔

گدھے کو خچر بنانا: سفر میں نفع حاصل ہو مالداروں میں شامل ہو۔

گدھے کو بلی بنا دیکھنا: چور سے نفع پانے کی علامت ہے۔

گدھے کی آواز سننا: بدکام میں مبتلا ہو، صحت سے خفا ہو۔

گدھے کا پیشاب دیکھنا: مرض سقیم سے افاقہ ہو جائے مگر کسی کام میں ضرور بدنامی ہاتھ آئے۔

گدھے کو پیٹھ پر لینا: مددگاری بخت کی نشانی ہے۔

گرم پانی پینا: تپ بخار اور بیماری کی شدت ہو جائے۔

نان: بھائی یا دوست یا خدمتگار ملے۔

کان کٹنا: بیمار کو شفا اور قرضدار کو ادائے قرض مومن کو حج و زیارت نصیب ہو۔

گرجنا بادل کا: مرض سے صحت پائے۔

گلاب سرخ: فرزند پیدا ہونے کی نشانی ہے۔

گرئے چوگاں: عورت معہ مال ہاتھ آئے۔

گت خام: مال حرام ملے پریشان۔

گلاب پختہ: ملاعیب سے۔

گونگا: نقصانِ علمِ دین کی نشانی ہے، تکلیف سخت پیش آئی ہے۔

گورخر (جنگلی گدھا): منفعت کثیر ہو حاصل دولت ہو۔

گورستان (قبرستان): گزری باتیں یاد آئیں پشیمانی دکھائیں۔

گورستان میں جانا: ایسے معاملے میں پھنسے جس سے لوگ عبرت کریں عزیز کنارہ کش رہیں۔

گوشوارہ: نفع تجارت ہو افسر قوم ہو۔

گوشوارہ (کان کی بالی) کو پہننا: اگر بالی میں موتی ہو تو حافظ قرآن ہو۔

گھی: خیر و منفعت کی نشانی ہے۔

گھاس: دولتِ دنیا سے مالا مال ہو۔

گھر کشادہ: کشادگی دنیاوی سے مراد ہے۔

گھر زمین پر بنانا: ایسی قوت حاصل ہو جس سے دنیا میں نام ہو۔

گھر سونے کا: خانہ سوزی کی نشانی ہے۔

گھر لوہے کا: درازی عمر بزرگی اور مرتبہ کی علامت ہے۔

گھر مُنَقَّشْ (گھر کا نقشہ بنانا) کرنا: جنگ و خصومت ہو جتلائے حسرت ہو۔

گھر میں جانا: دشمن پر فتح مند ہونے کی نشانی ہے۔

گھوڑا ابلق (دو رنگا سیاہ اور سفید چت کبرا): دلا اور مشہور ہو، جرات میں سورما ہو۔

گھوڑا سمند (بادامی رنگ کا گھوڑا): بیماری کی نشانی ہے جرات جسم آنی ہے۔

گھوڑا دوڑنا: مراد حاصل ہو علم دین میں کامل ہو، سردار قوم ہو جائے۔

گھوڑے پر سوار ہونا: کسی ملک کا حاکم ہو سب استقبال کریں۔

گھوڑے پر کسی کو سوار: عورت ملنے کی نشانی ہے۔

گھوڑے کا دودھ: بادشاہی مال ملنے کی نشانی ہے۔

گیہوں: اس مال کے ملنے کی علامت ہے جو مشقت سے حاصل ہو۔

(ل)

لب: دوست معتمد ملے تولد (پیدائش) فرزند ہو۔

لباسِ کبودی (نیلہ، آسمانی): فکر و اندیشہ و مصیبت کی نشانی ہے، نیک کام میں ندامت آئی ہے۔

لباس زرد: بیمار ہونے کی دلیل ہے بے عدیل (روشن) ہے۔

لباس سرخ: جنگ و خصومت کی علامت ہے، عورت کو نفع حاصل ہونے کی بشارت ہے۔

لباس پاکیزہ: جاہ و حرمت و منفعت زیادہ ہو۔

لباس سبز: مرد دیندار ہونے کی نشانی ہے۔

لباس سیاہ: منفعت و بزرگی حاصل ہو، راحت شامل ہو۔

لباس سفید: زیادتی حرمت و ریاست ہو۔

لڑکا خورد: خوشخبری فرزند سے راحت ملے۔

لڑکی خورد: کاروبار میں کوئی عہدہ ملے۔

لڑکا بالغ: بہترین حال کی دلیل ہے۔

لڑنا حیوان سے: دشمن کے مَقْهُور (غصہ) ہونے کی دلیل ہے۔

لڑنا غیر لوگوں سے: بیماری و فتنہ و فساد ہے۔

لڑنا شہر میں: طاعون و وبا کی علامت ہے۔

لڑنا بادشاہ کا: ارزانی غلہ (ستا) و زیادتی مال کی دلیل ہے۔

لڑکی حسینہ: نعمت و راحت کی نشانی ہے ترقی جاہ کا ہونا بھی جاودانی (عرصہ طویل) ہے۔

لشکر: باران کی علامت ہے باعثِ فرحت ہے۔

لعل: شادی و عیش و فرزند شائستہ عورت حسینہ ملنے کی دلیل۔

لقلق (ایک آبی پرندہ جس کی ٹانگیں بہوری لمبی اور چونچ بہت چوڑی اور لمبی ہوتی ہے): مرد عالم کی نشانی ہے فرحت و کامرانی ہے۔

لکھنا اور نہ سمجھنا: غم و اندوہ کی علامت ہے۔

لکڑی جلانے کی: نفاق ہونے کی دلیل ہے اضطرار قلیل ہے۔

لگام: علم و حکمت و دیانتداری حاصل ہے۔

لوح: دولت و قوت اور تجارت سے نفع ہو۔

لوہا: دین و دیانت اور راست باز ہو۔

لومڑ: اقارب مکار سے نقصان، عائد حال ہے۔

لومڑ سے کھیلنا: جس کو چاہے ہاتھ آئے۔

لعل و جواہر کا دیکھنا: غنی و مغنی ہونے کی دلیل ہے یا فرزند تَوَلُّدْ ہونے یا زن حسینہ ملنے سے تعبیر ہے۔

لہو و لعب کھیل کود: غم و الم کی دلیل ہے۔

لکھنا قرآن کا: دین و علم کے حصول کی دلیل ہے۔

لہسن خواہ پیاز لینا یا خریدنا: کسی امیر کی ملازمت کرنے لیکن ذلتِ ملازمت سے دلیل ہے۔

لومڑی دیکھنا: عورت فسادی ملنے کی دلیل ہے، رات و دن جنگ کرنے کی نشانی ہے۔

لیزم ہلانا (پہلوانوں کی ورزش کرنے کا کمان): عورت سے نفرت ہونے کی دلیل ہے۔

لوہا دیکھنا: دشمن سے مقابلہ اور مجادلہ ہونے کی دلیل۔

لباس سیاہ خواب میں پہننا: اکثر معصیت میں گرفتار ہونے یا غمِ فرزند اٹھانے کی دلیل ہے یا مال ضائع ہونے سے بھی تعبیر ہے۔

لباس سفید پہننا: گناہوں سے پاک ہونے اور صلاح و فلاح کی دلیل ہے۔

لباس سرخ پہننا: زندگی میں نیک نام ہونے کی یا شہادت کی دلیل ہے۔

لباس دھانی (ہلکا سبز) پہننا: کارِ خیر کرنے کی اور مقدس ہستی ہونے کی دلیل ہے۔

لباس نیلا پہننا: حاجی ہونے کی بشارت ہے۔

لباس گیروا (گہرا گلابی) پہننا: تہمت دنیا میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

لباس پاکیزہ پہنے دیکھنا: مرتبہ بلند ہونے کی یا نیک عورت ملنے کی اور اگر عورت دیکھے نیک مرد ملنے کی دلیل ہے۔

لڑکے کا آئینہ دیکھنا: بھائی کے پیدا ہونے کی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لوہے کی انگوٹھی دیکھنا: رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

لاٹھی کا دیکھنا: بلند مرتبہ عالی رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

لکڑی خشک دیکھنا: اگر تصویر بنی ہے تو نِفاق کی دلیل ہے۔

لڑکے خوبرو کو دیکھنا جو صورت آشنا ہو: کشی بشارت (اچھا انجام) نیک کی دلیل ہے۔

لڑکے نامعلوم کا دیکھنا: فکر و غم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے معلوم کو آغوش میں لینا: کسی جگہ کا حاکم ہونے کی دلیل ہے۔

لونڈی کا خرید کرنا: تمام مقصد بر آنے کی دلیل ہے۔

لُہار کو دیکھنا: کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔

لباسِ کہنہ (پرانے کپڑے) پہننا: صاحبِ خواب کی موت شاب (جلد) آنے کی دلیل ہے۔

لباس پیوند کا پہننا: فقر و تنگ دستی کی دلیل ہے۔

سیدنا ومولانا محمد العربي المدنی ﷺ

حضور سرورعالم ﷺ کی یقیناً خواب میں زیارت ہوتی ہے اس سے اہلسنت کے مسلک کے کئی مسائل کی تائید ہوتی ہے۔

(1) حیاۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (2) حاضر وناظر (3) نور (4) علم غیب (5) اختیار (6) وسیلہ وامداد وغیرہ وغیرہ۔

تفصیل فقیر کی تصنیفات میں ہے یہاں صرف خواب کی مناسبت سے چند باتیں "تعبیر الرویا لابن سیرین" وغیرہ سے حاضر ہے،

(1) خواب میں حضور سرورعالم ﷺ کی زیارت توبہ نیکی کی بشارت ہے، آئندہ اس سے نیکی سرزد ہوگی (میں حیران ہوں کہ بہت سے لوگ زیارت کے مدعی بھی ہوتے ہیں اور بداعمال بھی واللہ اعلم) یا تو جھوٹ بولتے ہیں یا پھر خواب نہیں خیال ہے۔

والتفصیل في المکتوبات سیدنا الامام الربانی رضی اللہ تعالی عنہ

(2) خواب میں کوئی ناگوار بات پیش آئے تو وہ دنیا کی تنگی سے دوچار ہوگا۔

(3) کسی نے ناقص الخلقت، بیمار یا مردہ صورت دیکھا مثلاً حسین علی وان پچھرانوی نے دعویٰ کیا کہ اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پل صراط سے گرتے دیکھا (معاذ اللہ) (بلغۃ الحیران) تو یہ اس کے دین کے نُقْص کی دلیل ہے بلکہ میں کہتا ہوں یہ اس کا خواب محض اپنی دوکان چمکانے کیلئے تھا اس نے تعبیر بھی غلط لکھی کہ میری وجہ سے دینِ اسلام کو فروغ ہوگا یہ بھی غلط نکلا کہ اس کی موجودگی میں اسے رسوائی و ذلت کا سامنا رہا مرنے کے بعد اس کا نام تک مٹ گیا تفصیل دیکھئے فقیر کا رسالہ "بلی کے خواب میں چھچھڑے" یہی حال اس خواب کا جس میں لکھا گیا کہ حضور ﷺ نے مدرسہ دیوبند کی بنیاد رکھی اسی دوران آپ کو اُردو آ گئی (معاذ اللہ) براہین قاطعہ مُلَخَّصاً۔

(4) جس نے حضور علیہ السلام کو اچھے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو آپ کی امت کیلئے دین و دنیا کی خیر ہے۔

(5) جس نے حج کرتے دیکھا تو اسے حج نصیب ہوگا۔

(6) جس نے وعظ کرتے دیکھا تو امت کو آپ کی اطاعت نصیب ہو گی۔

(7) جس نے آپ کو آئینہ دیکھتے دیکھا اس میں آپ اپنی امت کو امانت کی تلقین فرمارہے ہیں۔

(8) جس نے آپ کو کچھ کھاتے ہوئے دیکھا تو آپ امت کو زکوۃ کا حکم دے رہے ہیں۔

(9) جس نے دیکھا کہ آپ اپنے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا یا انگوٹھی یا تلوار یا اس قسم کی کوئی اور چیز عنایت فرمائی تو ملک کی بادشاہت و ملازمت یا دین کی سمجھ یا عبادت کا ذوق یا جو چیز بھی نصیب ہو گی اعلیٰ درجہ کی ہو گی۔(تعبیر الرؤیا)

نوٹ:

زیارتِ رسول اللہ ﷺ ایک اعلی سعادت ہے دراصل یہ اللہ تعالی اور اسکے پیارے رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی مرضی پر موقوف ہے زیارت نہ بھی ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہاں درود شریف کی کثرت زیادہ کیلئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ چند درود شریف اور طریقے فقیر کی کتاب **تحفۃ الفحول فی زیارۃ الرسول** میں پڑھئے!

انتباہ:

بد مذاہب مثلا دیوبندی، وہابی، مرزائی، رافضی وغیرہ یہ ان کا دعوے زیارتِ سرکار صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بہتان و جھوٹ ہے، اس لئے کہ بد عقیدہ کو زیارت نہیں ہوتی، اگر ہوتی ہے تو پھر بد مذہبی سے توبہ نصیب ہوتی ہے۔ اگر یہ بد مذہب زیارتِ رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا دعویٰ کریں اور راہِ راست پر نہ آئیں تو ان کا زیارت کا یہ دعوی جھوٹا ہو گا۔ بہت سے یہود و کفار کے واقعات کتابوں میں موجود ہیں کہ انہیں زیارت ہوئی تو دولت اسلام سے نوازے گئے۔(والتفصیل فی المعلومات)

(م)

مسجد دیکھنا: خیر و برکت کی دلیل ہے اور کامل ایمان کی نشانی ہے۔

ممبر پر چڑھنا: اپنا مرتبہ بلند ہونے کا کسی رشتہ دار کا رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

مرد نیک کا دیکھنا: نیک نامی کی دلیل ہے۔

مردے کو زندہ دیکھنا: غم واندوہ سے نجات ملنے کی دلیل ہے۔

مَروارید (موتی) کا دیکھنا: دختر خواہ پسر تولد (پیدائش) ہونے کی دلیل ہے۔

مویز مُنَقّٰی (بیج نکال کر صاف کیا ہوا منقاء) کا دیکھنا یا شمش کا: اپنوں کی عزت اور توقیر ہونے کی دلیل ہے۔

مسواک کرنا: نیکی اور راستی کی دلیل ہے۔

مسہری (بستر) دیکھنا: گناہ سے توبہ کرے اپنے لیے پریشان ہو موت آنے کی دلیل ہے۔

موزہ اتارنا: عورت کی طلاق ہونے یا لڑکے سے ڈوری حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

میخ (کیل) دیوار میں گاڑنا: مالک یا حاکم کے دل میں جگہ ہونے اور کام بہتر ملنے کی دلیل ہے۔

مرغ کو آواز کرتے دیکھنا: ذی کمالوں کی معدومی و خواری ہونے اور بے کمالوں کی گرم بازاری کی دلیل ہے۔

موتی کی لڑی دیکھنا: حافظ قرآن ہونے کی دلیل ہے۔

مینہ بکثرت برسنا: خدا کی رحمت نازل ہونے کی دلیل ہے۔

مرغابی دیکھنا: فائدہ پہنچنے کی اور خورسندی کی دلیل ہے۔

مسجد میں جانا: دین و دنیا میں امن پانے اور خیر و برکت کی نشانی ہے۔

مسجد میں نماز پڑھنا: خانہ کعبہ میں حج ادا کرنے کی دلیل ہے۔

مسجد میں بغیر قبلہ کے یعنی دوسری طرف نماز پڑھنا: گناہوں سے توبہ کرے کیونکہ اس کے دین میں نقصان ہونے کی دلیل ہے۔

مونگ ماش مسور دیکھنا: حرام مال ملنے اور رنج و غم سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔

میدہ کا دیکھنا: تجارت میں نفع ہو، عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔

مٹھائی دیکھنا یا کھانا: عزت بڑھنے پر دلیل ہے۔

ملائی کھانا: رنج اٹھانے اور ہلاکت کی نشانی ہے۔

مشک لگانا یا دیکھنا: اگر فقیر دیکھے غنی ہو اور امیر دیکھے بلند رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

موزہ پائتابہ دیکھنا: رزق میں فراخی ہونے یا عورت حسین ملنے کی دلیل ہے، اور اگر عیب ہو یعنی نوچے ہوں تو پریشانی کی نشانی ہے۔

مرد کو اپنی جورو کا لباس پہننا: عورت کی جانب سے کچھ گزند (نقصان) پہنچنے کی دلیل ہے۔

موتی دیکھنا: قرآن اور دیگر علم خواہ فرزند پر دلیل ہے۔

موتیوں کا گچھا دیکھنا: قرآن پاک حفظ کرے یا پرہیز گار ہونے کا کثیر اولاد کی دلیل ہے۔

منہ سے کوئی چیز نکلتے دیکھنا: اگر وہ چیز نیک ہے تو نیک باتیں اس سے صادر ہوں گی اور جو بد یا بری ہے تو بری باتیں اس سے وقوع میں آنے کی دلیل ہے۔

موتیوں کو کان میں دیکھنا: امورِ خیر کی یا علمِ تفسیر کے سیکھنے کی دلیل ہے۔

موتیوں کا منہ سے جھڑتے دیکھنا: بہت تسبیح کرنے والا ہونے یا علمِ دین سکھلانے کی دلیل ہے۔

مرد معلوم کا دیکھنا: بہتری کی علامت ہے۔

مرد نامعلوم کا دیکھنا: بہتری کی علامت ہے یا کسی دوست سے ملاقات کی دلیل ہے۔

مردے کو دیکھنا: قیدی ہے تو رہائی پائے اور اگر مسافر ہے وطن نصیب ہونے اور اگر مقیم ہے تو سفر کرنے کی دلیل ہے۔

مردے سے سلام کرنا: امیدیں پوری ہونے اور مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مردے کو زندہ دیکھنا: مال تلف شدہ ہاتھ آئے خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مردوں کی جماعت دیکھنا: وبا آنے والی ہے یا گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے۔

مردے کو پکارنا: موت آنے کی نشانی ہے، توبہ کرنا چاہیئے۔

مردے کو نہاتے دیکھنا: کسی بے دین کو دین پر لانے اور گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے۔

مردے کو ننگا دیکھنا: گناہوں کے دُور ہونے کی دلیل ہے۔

مردے کے پیچھے کسی مکان میں جانا: اگر اس مکان میں ٹھہر جائے موت کی دلیل ہے اور اگر نکل جائے تو بھی رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔

مردے کا کچھ مانگنا زندہ سے: یہ بہتر نہیں ہے موت کی نشان ہے۔

مردے کا کچھ دینا زندہ کو: حاجتیں روا ہونے کی دلیل ہے۔

مردہ آپ کو دیکھنا: بیماری سے صحت ہونے کی یا سفر سے گھر آنے کی دلیل ہے۔

مردے کے ساتھ کھانا: راحت و آرام کی دلیل ہے۔

مردے کو اپنے بستر پر سوتے دیکھنا: مقصد پورا ہونے کی اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔

مینڈک کا دیکھنا: مرد عابد کی نشانی ہے۔

موچی کو دیکھنا: ہجو (کسی کی برائی) کرنے والے اور پردہ فاش کرنے والے سے دلیل ہے، لہٰذا توبہ کرے۔

ملاح کو دیکھنا: مُعَالَجَاتِ سَلَاطِیْن (بادشاہ کے طبیب) سے ماہر ہونے کی دلیل ہے۔

معلم کو دیکھنا: عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔

مُصَوِّر (تصویر بنانے والے) کو دیکھنا: صاحبِ خواب کیلئے بہترین علامت ہے۔

مچھلی کو دیکھنا: اگر ایک یا دو ہوں عورت پر دلیل ہے۔

مچھلی چھوٹی کا دیکھنا: رنج و غم کی دلیل ہے۔

مشعلچی (مشعل اٹھانے والا) کا دیکھنا: زن و شوہر میں تفرقہ پڑنے کی دلیل ہے۔

ماہی گیر کا دیکھنا: سرداری سے تعبیر ہے۔

مکان کا جل جانا دیکھنا: نکبت و خواری پہنچے یا طاعون و آزاری سے دلیل ہے۔

مکان کا دروازہ کھد جانا یا گر پڑنا دیکھنا: مالک مکان کی موت آنے کی دلیل ہے اور اگر دروازہ جس جگہ رہتا ہے اسکا کھد گیا ہے تو صاحبِ خانہ کی زوجہ کے مرنے کے دلیل ہے۔

مکان کا دروازہ کھد جانا اور دوسرا دروازہ لگانا یا بنانا: صاحبِ خواب کی زوجہ کو کسی دوسرے سے عقد کرنے کی دلیل ہے۔

مکان کا کھلا ہوا دروازہ بند کرنا: زوجہ کو طلاق دینے سے تعبیر ہے۔

مکانِ معلوم کا دروازہ بند مُقَفَّلْ (بند تالا) کھولنا: نکاح کرنے سے دلیل ہے۔

مکان کو زلزلہ میں دیکھنا: جس مکان کو زلزلہ میں دیکھا ہے اس میں زنا واقع ہونے کی دلیل ہے۔

مکان سارا یا کچھ حصہ گرا دیکھنا: موت کی دلیل ہے۔

مکڑی دیکھنا: توبہ کرنے والے اور عبادت گزار پرہیز گاری کی دلیل ہے۔

موش یعنی چوہا دیکھنا: کسی بد خو عورت کو حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

مکھیوں کو بکثرت دیکھنا: بے فائدہ باتیں سنے اور کہنے پر دلیل ہے۔

منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھنا: شرف اور مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

ماہتاب کو گہن لگا ہوا یا گرد و غبار سے ڈھکا دیکھنا: نقصان ہونے صاحبِ خواب کی دلیل ہے۔

مینہ کا برستے دیکھنا: رحمت کی دلیل ہے اگر ہر جگہ ہے اور اگر کسی ایک جگہ یا کسی مکان یا کسی ایک مقام پر ہے تو درد و تکلیف کی دلیل ہے جہاں پر ہوئی ہے۔

مینہ کا سر پر کسی کے خاص برسنا: گناہوں کی کثرت اور معصیت و خطا کے گھیرنے کی دلیل ہے، توبہ کرنا چاہئے۔

مکان اپنا گرا یا خراب خواہ ویران دیکھنا: اس کی بد اعمالی سے دُنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔

مکان نامعلوم کا دروازہ بند مُقَفَّلْ (بند تالا) کو کھولنا: دعا کے قبول ہونے کی دلیل ہے۔

مویز مُنَقّٰی کا دیکھنا خواہ پانا: مال میں خیر وبرکت ومنفعت پر دلیل ہے۔

مر دِ نامعلوم کا دیکھنا: اگر وہ جوان ہے تو دشمن ہونے کی نشانی ہے اور اگر مرد پیر ہے تو اس کی سعی کوشش اور بہرہ مندی کی دلیل ہے اور اگر اس مرد پیر نے کچھ باتیں کہیں یا کچھ دیا تو جو کچھ اس نے دیا ہے اس کے مطابق تعبیر ہو گی۔

مغز انسان یا حیوان کا کھانا: غیر کی کمائی کھانے سے دلیل ہے۔

مونڈنا حجام کا سر و داڑھی کا: کسی سخت مصیبت میں پڑنے اور رتبہ و آبروریزی کی دلیل ہے۔

میت سے سوال کرنا اور اس کا جواب دینا: مردہ اپنے حال سے یا غیر کے حال کی جو خبر دے اس کے سچ ہونے کی دلیل ہے کیونکہ وہ دار الحق میں پہنچ چکا ہے۔

میت کی حالت کا دیکھنا: اگر میت کو شاداں وخنداں دیکھنے یا لباس سفید خواہ سبز پہنے ہے تو اس کے اصلاح حال کی دلیل ہے اور اگر میت کو رنجیدہ خواہ برہنہ دیکھے یا جامہ کہنہ پہنے دیکھے تو یہ حال مبتلائے غضبناک کی دلیل ہے۔

میت کا کچھ دیتے دیکھنا: جس نے مردہ سے کوئی چیز پائی خواہ دنیاوی کیوں نہ ہو تو صاحبِ خواب کو روزی و بہتری ایسی ملنے کی جس کی امید نہ تھی دلیل ہے۔

میت کا کچھ دینا زندہ کو: اگر زندہ شخص نے میت کو کچھ دیا، لباس وغیرہ ہے اور مردہ نے لے کر پہن لیا مر جائے گا اور میت سے مر کر ملنے کی دلیل ہے۔

میت سے معانقہ کرنا خواہ بدن سے بدن ملانا دیکھنا یا گلے لگانا: طول عمری کی دلیل ہے، ان تمام وجہوں کی طول حیات صاحبِ خواب کی دلیل ہے اور مردے کے قتل کرنے کی بھی یہ ہی دلیل ہے۔

میت کا صاحبِ خواب کے ہاتھ سے روٹی کا ٹکڑا خواہ انگوٹھی کا لینا: صاحبِ خواب کی اولاد کے مرنے یا مال کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

موزہ دیکھنا: اگر موزہ درست ہے پھٹا نہیں ہے تو معاش کی فراخی کی دلیل ہے اور برعکس اس کے پریشانی کی دلیل ہے۔

مِرْاۃ یعنی آئینہ دیکھنا: اگر صاحب کی عورت حاملہ ہے تو پسر (بیٹا) جننے کی دلیل ہے اور اگر عورت نے یہ خواب دیکھا تو لڑکی جننے کی دلیل ہے اور یہ اولاد شبیہ پدر یا مادر ہو گی اور مرادیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مار بمعنی سانپ کو مارنا یا اس پر غالب ہونا: دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے۔

مار کا غالب آنا: دشمن کے غالب آنے کی دلیل ہے۔

مار کا ڈسنا: دشمن سے کوئی امر سخت پیش آنے کی دلیل ہے۔

مار کو مار ڈالنا: دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔

مار کو اپنے گھر میں داخل ہوتے یا گھر میں دیکھنا: دشمن کا صاحبِ خواب کے گھر ہی میں خواہ عورت ہے یا مرد موجود ہونے کی دلیل ہے۔

مار کا جسم کے کسی عضو مثلاً کان یا مَقْعَدْ سے نکل جانا: صاحبِ خواب کے عیال سے کوئی دشمن تھا جس کے نکل جانے کی دلیل ہے۔

مار سفید کو مطیع و فرمانبردار دیکھنا یا ملنا اور اس میں کوئی برائی کا نہ ہونا: گنجینہ (خزانہ) عظیم ملنے کی دلیل ہے جو شاہی خزانے سے ہو گا۔

مصطگی (ایک زرد رنگ کا مشہور گوند جو بطور استعمال ہوتا ہے) خواہ کندر کا دیکھنا: کسی نیک مرد سے علم فقہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

مہندی لگانا: کسی کے قتل کرنے کی دلیل ہے۔

مار ڈالنا کسی کو: مریض کی شفایابی یا قرضدار کے ادائے قرض ہونے یا حج ہونے کی دلیل ہے۔

ماں کے پیٹ سے پیدا ہونا: خواب دیکھنے والا اگر مفسد (فسادی) ہو گنہگار ہے، تو اس سے تائب ہونا واجب ہے۔

ماش و مونگ وغیرہ: انہیں غلوں کا صدقہ دینا چاہئے۔

ماتم کرنا: شادی کی نشانی ہے شادمانی ہے۔

مٹھائی کھانا: عزت و حرمت کی دلیل ہے۔

مچھر: مرد ضعیف کو حقارت قلیل پیش آنے کی دلیل ہے۔

مچھلی: ایک یا دو ہو تو عورت حسین ملے۔

مچھلی کھانا: دوست سے مالا مال عالی مرتبہ وذی کمال ہو۔

مچھلی مردہ: مالِ حرام ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

مچھلی سے کلام: اس مقصد کے حاصل ہونے کی علامت ہے، جس سے مایوسی ہو۔

مچھلی کو اٹھالے جانا: مالِ حرام حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

مچھلی بصورت زندہ: مال گمشدہ مل جائے۔

مچھلی کا پکارنا: اگر بولے تو ہلاک جلد ہو۔

مچھلی کی جماعت: علامت گمراہی وبدعت کی نشانی ہے۔

مچھلی کو نہلانا: فاسق کو ہدایتِ راہ حق کرے۔

مچھلی سے کچھ مانگنا: یہ خواب بہتر نہیں، صدقہ دے غفلت نہ کرے۔

مچھلی کو سونا: راحت کی نشانی ہے نجات مل جائے گی۔

مرد میانہ سال: طالع (بدنصیب) یاور ہو مہربان دوست غمخوار ہو۔

مرد جوان اپنے کو بوڑھا دیکھے: زیادتی علم و حرمت و بہتری عافیت کی نشانی ہے، مژدہ صحت جسمانی ہے۔

مرد پیر آپ کو جوان دیکھے: سرداری حاصل ہو، بادشاہ بادشاہی میں شامل ہو۔

مرد جوان آپ کو لڑکا دیکھے: وہ کام کرے جس میں ندامت ہو ہم جنسوں میں ملامت ہو۔

مرغ: مرد عجمی یا غلام سے فائدہ پائے۔

مرغی: خادمہ یا عورت رفیق ملے۔

مرغی کو ذبح کرنا: کسی باکرہ سے صحبت کرے دنیا میں سرخرو رہے۔

موتی: دختر نیک اختر تولد (پیدائش) ہو یا کنیز حسین ہاتھ آئے، دولت بے اندازہ حاصل ہو۔

موتی کا بیچنا: نفع عام لوگوں کو پہنچائے راہ دین بتلائے۔

مرغ کی آواز: خوشخبری کی نشانی ہے، بلخ کی آواز مصیبت کی نشانی اور پریشانی ہے۔

مرغزار: خوشخبری علم دین حاصل ہو یا فقیر کامل ہو۔

مسجد: بڑی ہو یا چھوٹی تعبیر اس کی مثل کعبۃ اللہ کے ہے اگر تعمیر کرتے دیکھے نعمت ملے دشمن پر غالب رہے۔

مُسَلَّح (ہتھیار سے لیث) دیکھنا آپ کو: سرداری کی نشانی ہے حکومت ہاتھ آئی ہے۔

مسجد میں نماز پڑھنا: ایسے سفر کی علامت ہے جس سے دولت حاصل ہو۔

محراب: زیادتی خیر وبرکت کی ہو، اہل وعیال سے منفعت ہو۔

مسواک کرنا: گناہ معاف ہو صاحبِ انصاف ہو، مظلوموں پر رحم کرے عیال کو راحت ہو۔

مشک: نام اور بلند اقبال ہو عالم بزرگ ہو۔

مِقْرَاضُ (کاٹنے کا اوزار قینچی): ان حاکموں سے نفع پائے جو معاملات شہر کا فیصلہ کرتے ہوں۔ مصالحِ خلق (مخلوق کی اصلاح) میں مصروف رہتے ہوں۔

مِقْنَعُ (باریک چادر جو عربستانی عورتیں منھ چھپانے کے لیے چہرے پر ڈالتی ہیں): باپ بھائی اور شوہر سے تقویت حاصل ہو۔

مکھی: مردم سیفلہ (کمینہ، نالائق) کی نشانی ہے۔

کتب: مشغولی خاطرِ اندیشہ کی دلیل ہے۔

مینارہ: اُس مرد سے فائدہ ہو جو لوگوں کو خیر کی طرف دعوت کرے۔

منبر: بادشاہ یا عالم کامل ہو۔

مناجات پڑھنا: دین و دنیا میں نامور ہونے کی دلیل ہے۔

منہ میں کچھ جانا: حصول روزی کی نشانی ہے، نعمت غیر مترقبہ کے حصول کی علامت ہے۔

منہ سے کچھ نکلنا: جو چیز نکلتے دیکھے وہی اس کی تعبیر ہے۔

مواخذہ میں گرفتار ہونا: دین و دنیا کے مقاصد حاصل ہو جائیں بیماری و تکلیف سے راحت اٹھائیں۔

موزہ اتارنا: زن اور شوہر میں جدائی ہو یا شادی ہو۔

موزہ پہننا: عورت پاکیزہ خدمتگار ملے۔

مقاصد حاصل ہونا: مال کا نقصان و تلاش میں سرگرداں ہو۔

مُنَقّٰی دیکھنا: بے موسم دیکھنا اندیشہ فکر کی نشانی ہے اور موسم میں مال و دولت ملے۔

مولی کھانا: روزی حلال ملے بیماری سے صحت ہو۔

مچھلی کا دینا: نفع حاصل ہو۔

مچھلی کے ساتھ کھانا: دنیا میں راحت حاصل ہو۔

مرد جوان اجنبی: دشمن پیدا ہو، فتنہ برپا ہو۔

موئے زِہار (زیر ناف بال): کم دیکھنا مال حلال ملنے کی دلیل ہے اور زیادہ پریشانی ہو، تو مال حرام ملنے کی نشانی ہے۔

میخ چوبی (کیل خواہ لوہے کی ہو اُس کو گاڑنا): امور دینی کے مستحکم ہونے کی دلیل ہے۔

میخ (کیل) **آہنی:** فرزند ہونے کی علامت ہے۔

مکڑی: روزی مشقت سے ہاتھ آئے، فریب سے رزق پائے۔

(ن)

نبی علیہ السلام: یہ طویل باب ہے ہر نبی علیہ السلام کے لئے علیحدہ علیحدہ تعبیر ہے۔ **تعطیر الأنام** میں کچھ تفصیل آئی ہے فقیر مختصراً عرض کرتا ہے تروتازگی اور بارش زیادہ ہوگی، نِرْخ (قیمت) سستے ہوں گے خوشی و برکت اور کامیابی ملے گی، نیز انبیاء علیہم السلام میں سے جنہیں جنہیں جو تکلیف وغیرہ پہنچی اسے بھی پہنچے گی لیکن انجامِ بکار دنیا و آخرت میں کامیابی مقبولیت اور بھلائی پائے گا اور غم سے نجات، اس طرح اولیاء کرام اور علمائے باعمل کو خواب میں دیکھنے میں بڑی بھلائی ہے۔

ناخن دراز دیکھنا: دشمن پر فتح پائے مقصد دلی بر آئے یا ہمخوابہ کا عیش قاش ہو جائے۔

ناخن تراشنا: قرض ادا ہو جائے، بیماری سے صحت پائے۔

ناخن ٹوٹا ہوا: طلب دین میں خلل پڑے۔

ناک دراز دیکھنا: زیادتی مال و مرتبہ و عمر دراز و فرزند دولت مند ہو۔

ناک سے خون بہنا: مالِ حرام پانے کی نشانی ہے اور گناہ سے باز آنے کی دلیل ہے۔

نان بہت دیکھنا: درازی عمر وزیادتی ملاقات دوست و آشنا کی نشانی ہے۔

نان خطائی: مال حلال ملے عیش سے بسر ہو رفع فساد ہو۔

نعمت دیکھنا: بہتری کی نشانی ہے۔

نجاست: مال ناپاک حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

نرگس: عورت حاملہ ہو فرزند پیدا ہو۔

نروبان (سیڑھی، زینہ): نیک کام میں صَرف اوقات ہو عیش دن رات ہو۔

نروبان پر چڑھنا: سفر کی دلیل ہے۔

نسیم (ٹھنڈی ہوا): قریب شادی وراحت ہو، دور غم و کُلفتْ ہو۔

نشہ شراب: تونگر ہونے کی دلیل ہے۔

نعلین (دونوں جوتیں جوڑا): سفر درپیش ہو، یار یا کنیز خوبصورت ہاتھ آئے اور دولت کثرت سے پائے۔

نقارہ بجانا: تونگری یا حکومت ہاتھ آئے عالم میں نام آوری ہو جائے۔

نکاح کرنا: اس عورت کے حسن و جمال کے موافق دولت حاصل ہو۔

نرگس کا پھول: جیسا کہ اوپر گزرا۔

نگینہ: سرداری حکومت کی نشانی ہے، یا فرزند پیدا ہونے کی بشارت ہے۔

نماز باارکان: آفات وبلیات سے مامون رہے، مقصد حاصل ہو پیشوائے قوم ہو۔

نماز بے طہارت: حاجتوں میں تَرَدُّدْ و حیرانی ہو۔

نماز کی امامت کرتا: سردار قوم ہونے کی نشانی ہے۔

نکاح کرتے دیکھنا: مال و تونگری پائے فَلَاکَت (محتاجی) دُور ہو جائے۔

نماز سوتے پڑھنا: اگر تکبیر نہ کہے تو اَجَلْ (موت) کی نزدیکی ہے۔

نمک: عمدہ و مفید ہے، بیماری سے نجات حاصل ہو۔

نمکدان: عورت حسین ہم صحبت ہو، پاکیزہ، باکرہ ملے عیش و عشرت ہمیشہ رہے۔

نور آسمان پر دیکھنا: دین و دنیا کے ہر کام میں بہتری ہو۔

ندی یا نالہ میں گرنا: تحصیلِ مال کے فکر میں کمال پریشانی ہو۔

نرگس باغبان میں: بیماری سے کَسل (سستی) ہو جائے پریشانی اٹھائے۔

نہنگ (مگرمچھ) دیکھنا: چور یا دشمن سے مقابلہ ہو۔

نہنگ کا گوشت: حصولِ مال کی نشانی ہے، عزت و توقیر ہو جاتی ہے۔

نقارہ بجانا: افسر فوج ہو یا حاکم قوم ہو جائے۔

نہالی (بستر): بزرگی و مرتبہ حاصل ہو عشرت کامل ہو۔

تاج دیکھنا: خوشی ہی خوشی اور غم و بلا دور۔

نبض: اگر ضعیف و ساقط دیکھے تو عمر دراز ہو۔

نیل (نیلا رنگ): جس کام کا ارادہ ہو جلد انجام پائے محنت و مشقت ضائع نہ ہو۔

نیب (ایک تلخ پتوں والا درخت، نیم): اگر کھائے تو بیمار ہو ورنہ تکلیف سے راحت اور عیش زندگی بسر ہو۔

نماز راست پڑھنا: صاحب صفت نیک خصلتیں ہونے اور گناہ معاف ہونے کی دلیل ہے۔

ناخن تراشنا: راحت و سرور حاصل ہونے اور قرض سے سبکدوش ہونے کی دلیل ہے۔

ناک اپنی بڑی دیکھنا: شہوت زیادہ ہونے اور بدکار عورت سے فائدہ پہنچنے کی دلیل ہے یا شرف عزت حاصل ہو۔

ناک کا کٹ جاتا دیکھنا: ذلت و خواری کی نشانی ہے بلکہ افلاس کی نشانی ہے۔

نہر یا دریا کے دلدل میں پھنستا دیکھنا: غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

نہر یا دریا سے گدلا پانی پینا: مرض میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

نہر کو دوسری طرف سے کاٹ کر جاری کرنا: تمام مصیبتوں سے نجات ہونے اور خوشی کی دلیل ہے۔

نیزہ مارنا: دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے۔

ناخن دیکھنا: بہتری کی علامت ہے۔

نیزہ دیکھنا: سفر کرنے یا عورت ملنے یا لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

ناک سے خون بہنا: مالِ حرام ملنے اور عمر ذلت سے بسر ہونے کی دلیل ہے۔

نشان دیکھنا: بڑا نامور ہونے رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

ناخن بڑا یا قوی دیکھنا: دشمن پر مظفر و منصور ہونے کی دلیل ہے۔

ناخن ٹوٹا دیکھنا: عزیز یا دوست سے فساد ہو یا تجارت میں نقصان ہونے کی دلیل ہے۔

ناچ دیکھنا: رنج دور ہونے راحت و سرور حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

ناچ خود ناچنا خواب میں: عورت سے فتنہ ہونے زندگی ضِیْق (تنگی) میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

ندی میں بہتے دیکھنا: مال مشقت سے ملنے اور جلد خرچ ہو جانے کی دلیل ہے۔

نور دیکھنا: نہایت خوشی کا خواہ شادی سے یا پیدائشِ اولاد سے ہونے کی دلیل ہے۔

ندی دیکھنا: راحتِ خلق کو پہنچانے اور نام آوری کی نشانی ہے۔

نیم کا درخت خواہ کچھ حصہ دیکھنا: صحت کی نشانی ہے۔

نہر یا دریا میں غسل کرنا: عزت و آبرو سے رہنے اور مال بکثرت ملنے کی دلیل ہے۔

نیولا دیکھنا: بیمار ہونے کی علامت لیکن جلد صحت یاب ہونے کی بھی نشانی ہے۔

نوجوان نامعلوم کا دیکھنا: دشمن پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

نشانہ پر تیر لگنا دیکھنا: مقصد حسب دل خواہ بر آنے کی دلیل ہے۔

نوش کرنا دودھ جانورانِ نامعلوم حلال کا: دین کی خیر صلاح کی خاص دلیل ہے۔

نوش کرنا خواہ پانا دودھ گائے بھینس اور اونٹنیوں کا: ان سب کے دودھ سے روزی خیر حلال کی نشانی ہے، ان میں بھیڑ، بکری کے دودھ کی کمتر تعبیر ہے۔

نکاح کرنا زن مردہ سے خواب میں: صاحبِ خواب جس مقصد کیلئے مایوس ہو چکا تھا اس کے پورا ہونے کی دلیل ہے۔

نکاح کرنا اپنی مادر یا خواہر یا اور کسی زن ایسی سے جس سے نکاح کرنا ہمیشہ کیلئے حرام تھا یعنی محرمہ سے: تو صاحبِ خواب کیلئے شرف زیارت خانہ کعبہ کی دلیل ہے یا اپنے قرابت داروں سے نیکی کرنے اور صلہ رحم کی نشانی ہے۔

ناہموار و کج راستہ دیکھنا: بے دینی و بدمذہبی کی دلیل ہے۔

(و)

ولایتی انجیر دیکھنا: ہزار دینار یا ہزار درم پاتا۔

وصلی (دو باہم ملے ہوئے کاغذ کا ورق جس میں خوش نویسی کی مشق کرتے ہیں) بنانا: عزیزوں کی اصلاح کرے، ہر وقت فلاح میں رہے۔

وعظ کہنا: بدکاروں کو فضیحت (ذلیل) کرنے اور نصیحت کرنے کی دلیل ہے۔

وضو کرنا: عنایتِ رب جلیل اور نیک کرداری کی دلیل ہے۔

وظیفہ پڑھنا: برے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔

وبا و رنج یا دوزخ میں مبتلا دیکھنا: دنیا کے رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔

(ہ)

ہانس (ایک آبی پرندہ): عورت جمیلہ ملے اور مباشرت سے نفع پائے۔

ہاتھ کٹا دیکھنا: آپس میں جنگ و فساد کی دلیل ہے۔

ہاتھ میں نقش و نگار دیکھنا: طلبِ معاش میں مشقت یا عورت ہاتھ آئے۔

ہرن دیکھنا: دختر (بیٹی) کے پیدا ہونے کی یا کوئی حسین کنیز ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

ہوائے تند کا دیکھنا: جہاں پر دیکھے وہاں کے باشندوں اور اس سرزمین پر آفت آئے۔

ہاتھ سے دشمن کو پکڑنا: نزاع و اختلاف ختم۔

ہاتھ آسمان سے چھونا: عزت و توقیر ملے۔

ہدیہ بھیجنا: الفت و محبت خلق سے ہونے کی دلیل ہے۔

ہاتھوں کو بندھے دیکھنا: بے دین و بیکار ہونے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ خشک یا سست ہو گئے ہیں تو اس کے یار و آشنا کنارہ کریں گے۔

ہاتھ کئی ایک دیکھنا اپنے: اگر نیک ہے نیکی میں ترقی ہو گی اور مفسد ہے تو فتنہ بہت کرے گا۔

ہاتھ میں مہندی لگانا: کسی کے قتل پر آمادہ ہونے کی دلیل ہے۔

ہرن کا خواہ گوسفند (بکری، بھیڑ، دنبہ وغیرہ) کا بچہ دیکھنا: کوئی مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

ہوا پر اڑنا: خوف و غم کی نشانی ہے، جس وقت ہوا کے ساتھ گرد شدید ہو اور درخت گرتے ہوں تو آفت آئے پریشانی بہت دکھائے۔

ہالہ ہلال (چاند کے گرد کا دائرہ ہولہ جس کو بارش ہونے کی علامت سمجھتے ہیں): سرداری یا بزرگی یا فرزند ہونے کی دلیل ہے۔

ہالہ آفتاب: خانہ نشین ہو دولت کا مکین ہو۔

ہل چلانا: شادی یا اولاد ہو، ترقی رزق سے دل شاد ہو۔

ہاتا پائی: اگر عورت خوبصورت و جوان ہو تو شادی ہو خانہ آبادی ہو مومن ہو تو پریشانی ہو۔

ہاتھی پر سوار ہونا: یہ خواب مغروری اور بے عزتی کی علامت ہے، یا سرداری کی نشانی ہے یا جورو کو طلاق دے اگر عماری (ہاتھی کا ہودج اور اونٹ کا کجاوہ جو پیٹھ پر کسا جاتا ہے) دیکھے بلند مرتبہ وذی توقیر ہو۔

ہاتھی مست دیکھنا: سردار یا امیروں سے نفع حاصل ہو یا بلا اور فساد میں مبتلا ہو۔

ہاتھ سفید دیکھنا: فرزند سعید پیدا ہو یا زیادتی اہل خاطر خواہ ہو یا سپرد عہدہ جلیلہ ہونے کی دلیل ہے۔

ہاتھی کنجل (بڑا اور قوی جثہ): پادشاہ یا حاکم سے دولت ملنے کی علامت ہے۔

ہدہد (ایک پرندہ) دیکھنا: حاکم یا بادشاہ ہونا وزارت پائے یا عالموں میں شمار ہو خلق میں ذی وقار ہو۔

ہڈی دیکھنا: مال حرام پانے کی نشانی ہے۔

ہدیہ یا تحفہ ملنا: عورت صاحبِ جمال ملے یا فرزند با اقبال ہو۔

ہار یا ہیکل (تعویذ یا حمائل): جس کے گلے میں ڈالے محبت زیادہ ہو۔

ہنڈولا (جھولا، گہوارہ) دیکھنا: خوشی و خرمی زیادہ ہونے کی دلیل۔ ہے۔

ہرن دیکھنا: دختر نیک ہونے کی نشانی ہے، سستی دور ہو جاتی ہے۔

ہنسنا: بے محل ہنستا غم کی دلیل ہے۔

(ی)

یاقوت دیکھنا: خوشی و عیش و فرزند شائستہ یا عورت جمیلہ یا دوست ملنے کی نشانی ہے اور یہ خواب عموماً سب کو مبارک ہے اور خصوصاً عالم کو زیادتی علم ہے اور بادشاہ کو زیادتی مملکت اور ارزانی غلہ و ترقی زراعت اور سوداگر کو زیادتی مالِ تجارت اور بیمار کو صحت اور غمگین کو فرحت ہو جواہرات کی بھی یہی تعبیر ہے، اگر زمرد پائے تو عورت پاکیزہ سے مباشرت کرے اور جو گر جائے عورت سے خیانت ہو یا کنیز سے حرام کرے۔

یاسمین (چنبیلی کا پھول): خوشخبری کی علامت ہے۔

یخ (سخت برف): نمونہ رنج ہے مگر پینا خوشی کی نشانی ہے، خصومت و مراتبِ جلیل حاصل ہو۔

یعقوب علیہ السلام: عزیز و اقارب سے رنج و اذیت ملے۔

یوسف علیہ السلام: عزت و توقیر نصیب ہو۔

یحیٰ علیہ السلام: خیر وعافیت میں مصروف رہے۔[21]

مختلف جانوروں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر

علم الحیوانات کے امام علامہ دمیری علیہ الرحمۃ الرحمن (متوفی 1808ء) کی شہرہ آفاق اور عظیم شاہکار کتاب **حیات الحیوان الکبری** سے ماخوذ چند جانوروں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر ملاحظہ فرمائیں۔

1۔ انسان: اللہ تعالیٰ کی حسین و جمیل مخلوق ہے ہر جانور کو اللہ تعالی نے جھکا ہوا پیدا کیا اور انسان کو سیدھا پیدا کر کے اسے سربلندی سے سرفراز فرمایا امام ابو بکر بن العربی المالکی فرماتے ہیں: ساری مخلوق میں انسان سے زیادہ خوبصورت کوئی مخلوق نہیں، اس لئے کہ اللہ تعالی نے انسان کو حسنی، عالم، قادر، متکلم، سمیع، بصیر، مدبر حکیم بنایا ہے اور یہ سب صفتیں اللہ تعالی کی ہیں اور خود ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إن الله خلق آدم على صورته يعني على صفاته[22]

یعنی اللہ تعالی نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت یعنی اپنی صفات پر پیدا فرمایا ہے۔

خواب میں اگر آدمی نظر آئے تو اگر اسے پہچانتا ہے تو وہ وہی ہو گا اگر نہیں پہچانتا تو وہ اس کا کوئی دوشمن ہے اور اگر کسی بوڑھے کو دیکھا تو یہ نیکی وسعادت کی علامت ہے۔ جوان کو دیکھنا قوت اور کسی بشارت ملنے کی علامت ہے اور خواب میں اگر عورت کو دیکھا تو یہ دنیا ہے۔

2۔ شیر: شیر ایک مشہور درندہ ہے جنگل کا بادشاہ کہلاتا ہے چہرہ سے ہیبت و شاہی اور دبدبہ ٹپکتا ہے۔ شیر کو خواب میں دیکھا اگر اس طرح دیکھا کہ شیر نے اسکو نہیں دیکھا یہ بھاگ آیا ہے۔ تو دشمن سے نجات ملے گی اور اگر اسطرح دیکھا کہ شیر نے دیکھ لیا ہے اور حملہ آور ہوا ہے اور یہ بھاگ آیا ہے اسے تکلیف پہنچے گی اور پھر اس سے نجات بھی مل جائے گی اور اگر بیماری ہے تو صحت ہو جائے گی اور اگر شیر نے حملہ کر کے پچھاڑ دیا ہے مگر مارا نہیں تو بخار ہونے لگے گا یا قید کا سامنا ہو گا اور جو اپنی گود میں شیر کا بچہ دیکھے اس کے یہاں امیر بچہ پیدا ہو گا۔

3۔ بھیڑیا: جو شخص خواب میں بھیڑیا دیکھے وہ کسی پر غلط الزام لگائے گا اور جس پر اتہام لگائے گا وہ باعزت بری ہو جائے گا اور اگر بھیڑیے کو گھر میں داخل ہوتے دیکھا تو اس گھر میں چوروں کا خطرہ ہے۔

4۔ چیتا: خواب میں نظر آئے تو کسی سخت دشمن کا سامنا ہو گا۔ اگر چیتے کو مار ڈالا ہے تو دشمن کو شکست ہو گی اور خواب میں چیتے کا گوشت کھایا تو مال ملنے کی نشانی ہے۔

5۔ گینڈا: گینڈے کا خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ کسی سے لڑائی جھگڑا ہو گا۔

6۔ ہاتھی: ہاتھی کو خواب میں دیکھنا ہی عمر پانے کی علامت ہے۔

7۔ لومڑی: جو شخص خواب میں لومڑی دیکھے اسے عورت ملے گی۔

8۔ بندر: خواب میں بندر کو دیکھنا کسی عیب دار شخص کو دیکھنے کی علامت ہے اگر بندر کو مار ڈالا ہے تو گھر میں کوئی بیمار اچھا ہو جائے گا اور اگر بندر غالب آ گیا ہے تو بیمار اچھا نہ ہو گا۔

---

21) یہاں امام عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''تعطیر الأنام في تعبير المنام'' کی تلخیص مکمل ہوئی۔

22) (أحكام القرآن لابن العربي، سورة التين فيها خمس آيات، الآية الثالثة والرابعة قوله تعالى لقد خلقنا الإنسان في أحسن تقويم، 361/4، دار الكتب العلمية)

9۔ گائے: گائے کا خواب دیکھنا قحط پڑنے کی علامت ہے۔ جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے حکم کی تعبیر فرمائی تھی اور خواب میں گائے نے اگر ٹکر ماری جس سے خراش آگئی تو کوئی بیماری آئے گی۔ بیل نے اگر حملہ کر دیا تو یہ موت کی علامت ہے۔ گائے نے اگر گھر میں داخل ہو کر زمین یا دیوار کو کھودا ہے تو مال میں خسارہ ہو گا۔

10۔ جنگلی گائے: حضرت علامہ دمیری رحمہ اللہ تعالی علیہ نے جنگی گائے کو خواب میں دیکھنے کی کوئی تعبیر نہیں لکھی۔ اس لئے یہاں بھی نہیں لکھی جا سکی۔ علامہ موصوف نے غالبا جنگی گائے کو بھی اہلی گائے کی طرح قرار دے کر دونوں کی ایک ہی تعبیر رکھی ہے۔

11۔ گدھا: گدھے کو خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ کوئی سفر درپیش آئے گا یا اس بات کی کہ رزق ملے گا اور یا اس بات کی کہ اچھا بیٹا ملے گا۔

12۔ کتا: کتے کو خواب میں دیکھا کہ اس نے کاٹ لیا ہے تو دشمن سے تکلیف پہنچے گی یا بیماری آئے گی اور اگر شکاری کتا خواب میں دیکھا تو یہ رزق ملنے کی علامت ہے خواب میں دیکھا کہ کتے نے کپڑے پھاڑ دیئے ہیں تو کوئی بیوقوف اس کی غیبت کرے گا۔ اگر کتا بھونکتا ہوا دیکھا تو گھر کا کوئی آدمی جھگڑا کرے گا۔

13۔ بلی: بلی کو خواب میں دیکھنا کسی اچھے خادم کی علامت ہے اور اواس کا مطلب یہ ہے کہ نوکر خیانت کر دیگا۔ ابن سیرین علیہ الرحمۃ کے پاس ایک عورت آئی اور کہنے لگی کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ بلی نے میرے خاوند کے پیٹ میں اپنا منہ ڈالا ہے اور پیٹ کا ایک ٹکڑا نکال لیا ہے۔ ابن سیرین نے فرمایا کہ تمہارے خاوند کے تین سو سولہ روپے چوری کر لئے گئے ہیں، عورت نے کہا واقعی میرے شوہر کی اتنی ہی رقم چوری ہو گئی ہے مگر آپ کو یہ کیسے پتا چلا؟ تو فرمایا کہ سنو (بلی) کے حروف کے اعداد کے حساب سے میں نے اندازہ لگایا ہے۔ س کے 60، ن کے 50، و کے 6 اور ر کے 200۔ کل 316۔
چنانچہ ان کے ایک غلام پر چوری کا شک تھا۔ اسے ڈانٹ ڈپٹ اور مارا گیا تو اس نے اس رقم کی چوری کا اقرار کیا۔

14۔ چوہا: چوہے کا خواب میں دیکھنا رزق کی علامت ہے کیونکہ چوہے وہیں ہوتے ہیں جہاں غلہ ہو۔

15۔ نیولا: خواب میں نیولا دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ کسی جوان عورت سے نکاح ہو گا۔

16۔ چیونٹی: چونٹیاں خواب میں دیکھنا کثرت اولاد کی علامت ہے۔

17۔ سانپ: خواب میں سانپ کو دیکھنا دشمن کی بھی علامت ہے، دوست کی بھی اور عورت کی بھی، اگر سانپ ڈسنے کو دوڑا ہے تو دشمن کی علامت ہے اور اگر اس نے سانپ کو بلا خوف پکڑ لیا تو دولت ملے گی اور جس نے سانپ کو اپنے بستر پر ماڑ والا اس کی عورت مر جائے گی اور اگر سانپ نے خواب میں ڈس لیا اور وہ جگہ سوج گئی تو دولت ملے گی۔

18۔ بچھو: بچھو کا خواب میں دیکھنا کسی سخن چین (جھوٹا) اور جھگڑالو آدمی سے معاملہ پڑنے کی علامت ہے۔

19۔ عقاب: خواب میں عقاب نظر آئے تو دشمن پر فتح و ظفر کی علامت ہے۔

20۔ گِدھ: گدھ کو خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ حاکم اس پر ناراض ہو گا اور کوئی ظالم اس پر مسلط ہو گا۔

21۔ کوتر: کبوتر کو خواب میں دیکھنا کسی دوست کے ملنے کی علامت ہے اور اس کی مادہ کو خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ محبت کرنے والی بیوی ملے گی اور بیمار کے سرہانے کبوتر کو دیکھنا بیمار کی موت کی علامت ہے، کبوتر کے انڈوں کو دیکھنا اولاد کی نشانی ہے جس شخص نے خواب میں کبوتر کے پر اکھیڑ ڈالے ہوں اس کی بیوی کے ہاں بچہ پیدا ہو گا یا وہ حاملہ ہو جائے گی۔

22۔ الو: کا خواب میں دیکھنا کسی مکار چور کی علامت ہے۔

23۔ مکھی: خواب میں مکھی دیکھنا ضعیف دشمن کی علامت ہے اور بعض اوقات اس بات کی علامت ہے کہ کوئی ایسی بیماری آئے گی جس کی دوا بھی ہو جائے گی اور بیماری بھی جاتی رہے گی اور بعض اوقات مکھیوں کا دیکھنا برے کاموں میں پڑنے کی علامت ہے۔

24۔ شہد کی مکھی: خواب میں اگر شہد کی مکھیوں کا چھتہ نظر آئے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ حلال مال ملے گا اور جس نے خواب میں دیکھا کہ شہد کی مکھیاں اسکے سر پر آبیٹھی ہیں تو اسے کوئی بڑا عہدہ اور حکومت ملے گی اور جو شخص خواب میں دیکھے کہ وہ لوگوں کو شہد کھلا رہا ہے تو وہ لوگوں کو اچھی باتیں اور وعظ ونصیحت کے کلمات سنائے گا اور قرآن سنائے گا اور جو شخص خواب میں شہد چاٹتا ہو، اس کا نکاح ہو جائے گا۔

25۔ مگرمچھ: مگرمچھ کا دیکھنا بڑے دشمن کی علامت ہے۔

26۔ کچھوا: کچھوے کا خواب میں دیکھنا مال اور عورت ملنے کی دلیل ہے۔

27۔ کیکڑا: خواب میں کیکڑا نظر آئے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ کسی مکار دشمن کا سامنا ہے۔

28۔ مینڈک: مینڈک کو خواب میں دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ دیکھنے والا اللہ کی اطاعت میں سرگرم رہے گا اور کثرت کے ساتھ مینڈک دیکھے تو یہ کسی آفت کے نزول کی علامت ہے۔[23]

اٹھارہ ایمان افروز حکایات

چونکہ حکایات میں دلچسپی کے علاوہ تعبیر واضح ہو جاتی ہے اس لئے نمونہ کے طور پر چند حکایات پیش کی جارہی ہیں۔

1۔ کسی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ سے عرض کی کہ خواب میں مجھے اللہ تعالی نے لوہا عطا فرمایا اور سرکہ کا ایک گھونٹ پلایا آپ نے فرمایا، لوہے سے سختی مراد ہے، لیکن چونکہ یہ صفت اللہ تعالی نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بخشی تھی اس لئے ممکن ہے تیری اولاد میں کسی کو یہ صفت حاصل ہو۔ سرکہ پلانے میں اشارہ ہے کہ مدت تک بیماری میں مبتلا رہے گا۔ اسی دوران مجھے بہت سا مال ملے گا، اگر تو اس بیماری میں مر گیا خدا تعالیٰ تیرے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف فرمادے گا۔ (ابن سیرین)

2۔ کسی نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالی عنہ سے عرض کی کہ میں نے خواب میں کعبہ کے اوپر خود کو نماز پڑھتے دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ خدا کا خوف کر میرا خیال تو یہ ہے کہ تو دینِ اسلام سے خارج ہو گیا ہے، اس نے عرض کی میں توبہ کرتا ہوں۔

کیونکہ تقریبا دوماہ سے فرقہ قدریہ کے عقائد پر ہوں۔ (تعبیر الرویاابن سیرین)

۳۔ کسی نے حضرت امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالی علیہ سے عرض کی کہ میں نے خود کو آذان دیتے دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا، میرے دونوں ہاتھ کاٹ دیئے جائیں گے، پھر ایک اور پہلے کی موجودگی میں حاضر ہو کر وہی کہا جو پہلے نے کہا تھا۔ سے امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالی علیہ نے فرمایا، تو حج پڑھے گا، اہلِ محفل نے عرض کی کہ خواب ایک طرح کا ہے چیزیں مختلف کیوں؟ آپ نے فرمایا کہ پہلے شخص میں شر کے علامات تھے ایسے کیلیئے آئے۔

ثم مؤذن ايتها العير انكم لسارقون

ترجمہ: پھر ایک اعرابی نے ندا کی اے قافلہ والو! بیشک تم چور ہو۔

اور دوسرے میں مجھے خیر و بھلائی کے آثار نظر آرہے تھے س لئے اس کو حج کی نوید سنائی اللہ تعالیٰ نے فرمایا، و اذن في الناس بالحج اور لوگوں میں حج کا اعلان کرو۔ (تعبیر الرویا)

چنانچہ وہی ہوا جو امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالی علیہ نے فرمایا۔

---

[23]) یہاں امام دمیری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''حیاۃ الحیوان الکبری'' کی تلخیص مکمل ہوئی۔

تبصرہ اویسی غفرلہ : قواعد میں فقیر اویسی غفرلہ نے ایک قاعدہ لکھا ہے کہ کبھی تعبیر اشخاص کے نشانات کے مطابق ہوتی ہے جیسے امام ابن سیرین رحمہ اللہ علیہ نے پہلے میں شر کی علامت سے آیتِ مُسَرِّقَہ (چوری کی سزا کے متعلق آیت) سے ہاتھ کاٹنے کی تعبیر بتائی، دوسرے کے نیکی کی نشانی سے آیت حج سے تعبیر بتائی۔

4۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کی کہ میں نے خواب میں سورج کو اپنے جسم پر طلوع ہوتے دیکھا۔ آپ نے فرمایا، تجھے بادشاہ کی طرف سے بڑی عزت اور عہدہ ملے گا اور دنیا میں شرف پائے گا۔ دوسرے نے کہا کہ میں نے خواب میں سورج کو اپنے قدموں کی طرف طلوع ہوتے دیکھا۔ آپ نے فرمایا، جہاں جہاں تیرے قدم جائیں جاگے بادشاہ کی طرف سے معاش کے طور پر تجھے گندم، پھل اور زمین کی پیداوار حاصل ہوگی اور تو اس سے فائدہ پائے گا۔ (تعبیر الرویا)

5۔ ایک عورت نے امام ابن سیرین سے عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ چاند ثریا (کہکشاں) میں داخل ہو رہا ہے۔ آپ نے اسے فرمایا، یہ خواب دوبارہ بیان کر جب اس نے دوبارہ خواب سنایا تو امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کا چہرہ زرد ہو گیا اور پیٹ پکڑ کر کھڑے ہو گئے، آپکی ہمشیرہ نے عرض کی، یہ کیا ہے آپ پہلے پڑ گئے۔ آپ نے فرمایا: میں ساتویں دن دفن کر دیا جاؤں گا۔

چنانچہ آپ ساتویں دن فوت ہوئے اور ساتویں دن ہی قبر میں چلے گئے۔ (تعبیر الرویا ص 31)

ردوھابیہ دیوبندیہ: اس فرقہ کا فتویٰ ہے کہ کل کیا ہوگا اور کون مرے گا، یہ صرف اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے کسی دوسرے یہاں تک کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلئے ماننا شرک ہے اور ان کا چھوٹا بڑا آیت لقمان کے ساتھ بخاری شریف کی حدیث پانچ علوم اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا پڑھتے نہیں تھکتے اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ ان علوم میں اللہ تعالیٰ جسے چاہے عطا فرمادے اس موضوع پر فقیر نے تین کتابیں تحریر کی ہیں:

(۱) کل کیا ہوگا (۲) طلوع الخمس فی علوم الخمس (۳) مجموعہ علوم خمسہ

بے شمار دلائل میں سے ہماری ایک دلیل یہ ہے کہ امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ علم التعبیر میں کامل، عارف تھے اور یہ علم بھی علمِ غیب کی شاخ ہے جسے فقیر نے مقدمہ میں لکھا ہے، تو آپ نے اپنی موت کی قبل از وقت خبر دی اور یہ حکم ربانی بھی تھا چنانچہ اسی رسالہ تعبیر الرویا، صفحہ ۳۱ میں ہے کہ اس خاتون نے جو خواب دیکھا تو اسے حکم ہوا چنانچہ وہ خاتون کہتی ہیں۔ اے خاتون چل جا کر یہ خواب محمد بن سیرین کو سنادے۔

6۔ ایک شخص نے سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ میں نے خواب میں چاند کو گلے لگایا ہے۔ آپ نے پوچھا، تیری شادی تو نہیں ہوئی؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا، تیری شادی ایسی عورت سے ہوگی کہ زمانہ بھر کی عورتوں سے سب سے زیادہ حسین و جمیل ہوگی۔ اس کے بعد وہ شخص ایک مدت تک نظر نہ آیا۔ جب دوبارہ حاضر ہوا تو عرض کی حضرت! میں نے مدینہ پاک میں ایک ایسی عورت سے نکاح کیا ہے جس سے زیادہ اور کوئی عورت حسین و جمیل نہیں، لیکن کل میں نے دیکھا ہے کہ میں خواب میں چاند کو اٹھا رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا، تیری بیوی حاملہ ہے، اس سے تیرا بیٹا پیدا ہوگا جو اپنے زمانہ کا خوبصورت ترین ہوگا۔ چنانچہ وہی ہوا جو سیدنا امام محمد جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ (تعبیر الرویا ص 31)

7۔ سیدنا امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی مادر شکم میں تھے کہ آپ کی والدہ ماجدہ نے خواب میں دیکھا کہ ستارہ مشتری انکے جسم سے باہر نکل رہا ہے اور وہ مقرمین تیر رہا ہے، پھر وہ تیز دوڑا اور اس سے بڑی بڑی چنگاریاں اُڑ کر ہر شہر میں گریں۔ جب امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہو کر عالم بے مثال بنے تو والدہ ماجدہ نے انہیں خواب سنایا تو آپ نے فرمایا، تعبیر ظاہر ہے کہ اب کوئی بستی، کوئی شہر ایسا نہیں جو میرے علم سے فیض یاب نہ ہو رہا ہو۔ (تعبیر الرویا)

8۔سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ بادل آیا ہے اور آسمان سے شہد اور گھی برسنے لگا ہے اور لوگ اسے لوٹ رہے ہیں کسی کو زیادہ مل رہا ہے کسی کو کم۔ آپ نے فرمایا کہ بادل سے اسلام اور شہد اور گھی سے اس کی مٹھاس مراد ہے پھر اس سے ہر ایک اپنی قسمت پر فیضیاب ہو رہا ہے۔(تعبیر الرویا)

9۔حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے کسی نے کہا کہ میں نے خواب میں خود کو رات دن کی بارش سے بھیگتے ہوئے پایا ہے۔ آپ نے تعبیر بتائی کہ تجھ پر رحمت کی بارش ہے ایک دوسرے نے عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ خاص میرے سر پر بارش ہو رہی ہے۔ آپ نے فرمایا یہ شخص گنہگار ہے اسے خطاؤں نے گھیر رکھا ہے، کیا اس نے ارشاد ربانی نہیں سنا: و أمطرنا علیھم مطرا فساء مطر المنذرین

اور ہم نے ان پر بارش برسائی تو جنہیں ڈرایا گیا ان پر میری بارش ہوئی۔(تعبیر الرؤیا)

10۔ربیعہ بن امیہ بن خلف نے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ میں نے کل رات خواب دیکھا ہے کہ میں سرسبز جگہ پر تھا پھر بنجر زمین پر پہنچ گیا جہاں کوئی پیداوار نہیں ہے اور یہ بھی دیکھا ہے کہ دونوں ہاتھ مل گئے اور طوق کی طرح گردن میں لٹک گئے ہیں۔ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، اگر تیرا خواب واقعی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ تو اسلام کو چھوڑ کر کفر اختیار کرے گا(مرتد ہو جائے گا) اور میرے معاملات درست رہیں گے اور میرے دونوں ہاتھ دُنیا کی آرائشوں سے پاک رہیں گے۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ربیعہ مدینہ پاک سے روم پہنچا اور قیصر روم کے یہاں جا کر نصرانی(مرتد ہو گیا اور اسی حالت میں مر گیا)۔(تعبیر الرویا، ص54)

فائدہ: اس میں علم غیب کی جھلک دیکھ لیں کہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کئی سال پہلے ربیعہ کا انجام برباد بتادیا۔

11۔خلیفہ عباسی منصور نے خواب میں دیکھا کہ تمام دانت گر گئے۔ صبح کو ایک معتبر کو بلایا اور اس نے تعبیر بتلائی کہ اے امیر المؤمنین(خلیفہ منصور) آپ کے تمام رشتہ دار مر جائیں گے، اس پر منصور عباسی خلیفہ نے کہا، اللہ تعالیٰ تیرا منہ بند کرے اور تیری تعبیر کو غلط کرے، دُور ہو یہاں سے۔ پھر حکم فرمایا کسی اور معبر کو لاؤ۔ ایک اور ایسا معبر لایا گیا، جو بادشاہوں کے مزاج سے واقف تھا۔ اس نے خواب سن کر کہا کہ اے امیر المومنین آپ کی عمر لمبی ہوگی اور اپنے خاندان میں آپ سب کے بعد فوت ہوں گے۔ امیر المؤمنین(خلیفہ عباسی) نے ہنس کر کہا کہ بات ایک ہی ہے مگر تو نے پہلے کے برعکس خوبصورت الفاظ میں تعبیر دی ہے اس کے بعد اسے دس ہزار درم انعام عطا فرمائے۔(تعبیر الرویا)

12۔حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب دیکھا کہ وہ عبد الملک بن مروان سے کشتی لڑ رہے ہیں اور اسے شکست دے کر گرا دیا ہے اور کیلوں سے اسے زمین میں گاڑ دیا ہے۔ یہ خواب صبح کو حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس آدمی بھیج کر تعبیر پوچھی لیکن آدمی کو جیتنے ہارنے والے کا نام نہیں بتایا۔ امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے خواب سن کر فرمایا، یہ خواب یا تو عبد اللہ بن زبیر نے دیکھا ہے یا عبد الملک بن مروان نے۔ جب تک خواب دیکھنے والا کا نام نہیں بتائے گا، میں تعبیر نہیں دیتا، وہ آدمی واپس آیا۔ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ انہیں جا کر کہو کہ یہ خواب میں نے ہی دیکھا ہے آپ نے فرمایا اس کی تعبیر یہ ہے کہ عبد الملک بن مروان حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر غالب آئے گا اور انہیں شہید کر دے گا کہ یا اور چونکہ اس نے زمین میں چار میخیں(کیل) گاڑی ہیں اسی لئے عبد الملک کی اولاد کو ان کے باپ کی طرف سے خلافت ملے گی۔ چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ جیسا حضرت امام محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ نے بتایا ویسے ہی حالات وقوع پذیر ہوئے۔(تعبیر الرویا)

فائدہ: اب بھی مخالفین کمالات انبیاء و اولیاء نہ سمجھیں تو ان جیسا نجس دنیا میں اور کوئی نہیں ہو گا۔

13۔ایک شخص حضرت محمد بن سیرین علیہ الرحمہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میری داڑھی یا سر مونڈ دیا گیا ہے امام ابن سیرین علیہ الرحمۃ نے اسے فرمایا کہ یا تو تیرا غلام آزاد ہو کر تجھ سے جدا ہو جائے گا یا اس کی یا تیری موت آجائے گی۔ چنانچہ وہی ہوا کہ وہ شخص پانچ چھ دن کے بعد مر گیا۔(تعبیر الرویا)

14۔ بغداد میں ایک جماعت باہمی گفتگو میں خوابوں کا تذکرہ کر رہی تھی انہی میں سے ایک بولا کہ خواب میں ایک سینگی لگانے والے نے میری مونچھیں اور داڑھی مونڈ دی۔ میں نے یہ خواب امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ کو سنایا۔ آپ نے تعبیر میں فرمایا کہ تو ایسی مصیبت میں گرفتار ہو گا جس سے تیری عزت و آبرو خاک میں مل جائے گی اور تجھے بہت دکھ ہو گا۔ کہتا ہے میں یہ تعبیر سن کر بہت رنجیدہ ہو کر واپس لوٹا اور چار دن گھر سے باہر نہیں نکلا۔ پانچویں دن مسجد کے دروازے کے پاس آیا تو ایک دوست مجھے دکھائی دیا، جسے جیل سے نکال کر اس کا لباس اتار دیا گیا تھا تاکہ اسے کوڑے لگائے جائیں۔ اس نے مجھے دیکھا تو میرا نام لے کر مجھے آواز دی، میں نے جواب دیا، تو اس نے کہا خدا کی قسم تو نے مجھے اس مصیبت میں ڈالا ہے، تو نہ ہوتا تو میں جیل میں نہ ہوتا۔ میں نے جو مال چوری کر کے تجھے دیا تھا اور وہ تو اسے گھر لے گیا تھا وہ اس کے مالکوں کو دے کر مجھے مصیبت سے چھڑا۔ میں نے کہا أعوذ بالله من الشيطان الرجيم خدا کی قسم تو نے مجھے کوئی مال نہیں دیا اور میں اس الزام سے بری ہوں۔ وہ بولا، بس زیادہ باتیں نہ بنا، میں نے خود تجھے ایسے کپڑے اور ایسا مال دیا۔ سپاہیوں نے یہ بات سن کر مجھے گرفتار کر لیا اور اسکے ساتھ مجھے جیل میں بند کر دیا گیا اور مجھ سے کپڑے اور مال کا مطالبہ کیا۔ لیکن مجھے تو خبر نہ تھی اس کے بعد مجھ پر تین حدیں جاری کی گئیں اور چور کے ساتھی کی حیثیت سے مجھے بغداد میں بدنام کیا گیا۔ یہاں تک کہ خلیفہ کے ہاں بیٹا پیدا ہوا، اس کی خوشی میں قیدیوں کی رہائی کا حکم ہوا، ان میں میں بھی رہا کیا گیا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو شاید میں زندگی بھر جیل میں رہتا۔ میں نے خواب کی اس سے زیادہ اچھی تعبیر کبھی نہیں دیکھی۔

ایک شخص نے حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالی علیہ کو بتایا کہ میں نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام دیا ہے لیکن خواب میں دیکھا کہ اس کا رنگ سیاہ اور قد پستہ ہے حالانکہ وہ ایسی نہیں۔ آپ نے فرمایا، تو اس سے شادی کر لے اس لئے کہ سیاہی کا مطلب ہے اس کے پاس مال و دولت اور شان و شوکت ہے اور پستہ قد سے مراد یہ ہے کہ وہ کم عمر ہو گی۔ تعبیر کے بعد اس نے اس عورت سے نکاح کر لیا، چند دنوں کے بعد وہ عورت مر گئی اور وہ شخص اس کی کثیر دولت کا مالک بن گیا۔ (تعبیر الرویا)

15۔ ایک شخص نے حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ سے عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے بیٹے نے مجھے کالی رسی سے باندھ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا، تیرا الڑکا بابرکت ہے اور تجھ پر جو بہت سا قرض ہے وہ اسی نے اتار دیا ہے اور تجھے محنت مزدوری سے بچا لیا ہے۔ تجھ پر وہ بہت مال خرچ کرے گا اور تیری ضروریات پوری کرے گا کیونکہ سیاہی کی تعبیر مال و دولت ہے اس پر اس نے کہا، خدا کی قسم آپ نے سچ فرمایا۔ (تعبیر الرویا)

18۔ ایک شخص نے حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ سے عرض کی کہ میرا ایک خواب ہے، مجھے بتانے سے شرم آتی ہے۔ آپ نے کہا، لکھ کر دے اس نے لکھ کر دیا کہ میں تین ماہ سے گھر پر نہیں تھا، جہاں تھا میں نے خواب دیکھا کہ گویا میں وہاں سے سوار ہو کر اپنے گھر گیا اور دیکھا کہ میری بیوی سو رہی ہے اور اس کی شرمگاہ پر دو مینڈھے سینگ لڑا رہے ہیں، ایک نے دوسرے کو زخمی کر دیا ہے۔ میں نے جب سے خواب دیکھا ہے بیوی کو چھوڑ رکھا ہے حالانکہ خدا کی قسم میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ امام صاحب نے کاغذ پڑھ کر فرمایا کہ اپنی بیوی نہ چھوڑو، وہ پاکدامن عورت ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ جب اس نے سنا کہ تو سفر سے آرہا ہے اس نے شرمگاہ کے بال اتارنے کیلئے اور کوئی شے نہ ملنے پر قینچی سے بال کاٹے قینچی سے اس پر زخم آ گیا، گھر جا کر تصدیق کر لو۔ چنانچہ اس نے گھر جا کر بیوی سے جماع کی خواہش ظاہر کی، عورت نے کہا جماع نہیں کرنے دوں گی جب تک تو وضاحت نہ کرے کہ تو نے مجھے سات ماہ کیوں چھوڑے رکھا اس نے خواب سنایا اور حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ تعالی علیہ کی تعبیر بتائی۔ خاتون نے کہا کہ امام صاحب نے سچ فرمایا ہے۔ پھر اپنے شوہر کا ہاتھ اس مقام پر رکھا تو اس نے دیکھا کہ واقعی امام صاحب کے فرمان کے مطابق زخم ہے اور اس پر روئی رکھی ہوئی ہے، پھر وہ شخص امام صاحب کے پاس آیا اور تمام حال سنایا۔ امام صاحب نے فرمایا الحمد لله۔ (تعبیر الرویا)

17۔ کسی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ سے عرض کی کہ میں نے خواب دیکھا کہ ایک عورت نے میری داڑھی یا سر کو کاٹ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا، یہ خواب اچھا نہیں، عورت کی تعبیر سال اور سر کی تعبیر آدمی کا مال ہے۔ یہ تمام چیزیں تجھ سے چھن جائیں گی مگر چونکہ تیرے خواب میں کسی عورت نے ایسے کیا ہے اس لئے ان کا نعم البدل تجھے مل جائے گا۔ چنانچہ چند دنوں کے بعد اس شخص کے ساتھ ایسے ہی ہوا۔ (تعبیر الرویا)

8۔ حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بچپن میں خواب دیکھا کہ وہ خود کو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضہ اقدس پر حاضر پایا اور قبر کھودی۔ یہ خواب اپنے استاد کو سنایا، انہوں نے فرمایا کہ تم حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث کی تحقیق کروگے اور شریعت کی خدمت بھی۔[24]

(تعبیر الرویا خیرات الحسان لابن حجر مکی)

اس قسم کی بے شمار حکایات اس موضوع پر موجود ہیں۔ فقیر اپنے امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکایت پر اس بحث کو ختم کر رہا ہے یاد رہے کہ امام صاحب کی یہ حکایت آپ کے دور بچپن کی ہے آپ کے دور جوانی پھر دور فتوی واجتہادی کی عجیب حکایات فقیر کی دو کتب میں ملاحظہ فرمائیں۔ مناقب امام اعظم و مقام امام اعظم میں ملاحظہ فرمائیں۔

فائدہ اختتامیہ: انبیاء علیہم السلام میں ہمارے نبی پاک شاہ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد علم تعبیر میں سیدنا یوسف علیہ الصلوۃ والسلام زیادہ مشہور ہیں اور صحابہ کرام میں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مہارت کاملہ حاصل تھی، اہل بیت عظام میں سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشہور ہیں، تابعی میں امام محمد بن سیرین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہرت حاصل ہے، علماء کرام میں حضرت علامہ سید عبد الغنی نابلسی دمشقی علیہ الرحمۃ الرحمن اس فن میں کامل گزرے ہیں۔ اگرچہ یہ فن بھی ایک علمی فنون میں سے ہے لیکن اس کا رواج کالعدم نہیں تو مروجہ فنون سے اسے نہیں سمجھا جاتا ہے زیادہ نہ سہی تو فقیر کے پیش لفظ میں درج کردہ کتب کا مطالعہ ضرور کیا جائے تاکہ غلط تعبیر کی نحوست سے محفوظ رہ سکیں ورنہ اس سے بہتر ہے کسی کو تعبیر نہ بتائیں تاکہ اس کی غلطی کا وبال آپ کے نامہ اعمال کی سیاہی میں اضافہ نہ کرے۔

اب آخر میں قرآن پاک کی تمام سورتوں کی تعبیر پر اس کتاب کو مکمل کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعے مسلمانوں کو خوب نفع عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

اما بعد! تلاوت قرآن مجید خوش بخت انسان کو نصیب ہوتی ہے لیکن بڑا نصیبوں والا ہے جو خواب میں بھی تلاوت کرے۔ فقیر مختصراً 114 سورتوں کی تعبیر عرض کرتا ہے اور اس رسالہ کا نام "اَلۡبُرۡهَانُ فِي تَعۡبِيرِ سُورَةِ الۡقُرۡآنِ"[25] ہے۔

(1) **سورہ فاتحہ:** کو پورا یا اس کے کچھ حصے کو خواب میں پڑھنے والا ایسی دعائیں کرے گا جو قبول ہوں گی اور اس سے ایسے فائدے پائے گا جس سے اسے خوشی حاصل ہوگی یہ بھی کہا گیا ہے کہ سورۂ فاتحہ پڑھنے والا سات عورتوں سے نکاح کرے گا جو مختلف جگہوں سے متعلق ہوں گی ایسے شخص کی دعائیں قبول ہوں گی اور یہ قبولیت رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے ہوگی کیونکہ آپ ہر دعا سے پہلے اور بعد میں الحمد اللہ رب العالمین پڑھتے تھے۔

(2) **سورۂ بقرہ:** اگر کسی نے ساری یا اس کا کچھ حصہ، خواہ اس کا ایک حرف ہی پڑھا یا کسی اور نے خواب دیکھنے پر پڑھا تو تعبیر یہ ہے کہ اس کی عمر طویل ہوگی اور دین کا فہم عطا ہوگا، کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اسے پڑھنے والا ایک مقام سے دوسری جگہ منتقل ہو جائیگا اور اسے عزت اور نیک نامی ملے گی۔ اس کی تعبیر ایک یہ بھی ہے کہ اگر قاضی یہ خواب دیکھے تو اس کی مدت قریب ہوگی، عالم ہو تو بھی غم اور اچھی حالت پائے گا۔

---

[24] یہ تمام حکایات تعبیر الرؤیا لابن سیرین میں موجود ہیں۔

(تعبير الرؤيا لابن سيرين . الباب الحادي عشر في رؤية الموت والموتي وأخبارهم وغيرهم ، ص30، المكتبة الثقافية ، بيروت ، 2018م)

[25] یہ تمام حکایات تعبیر الرؤیا لابن سیرین میں موجود ہیں۔ یہ رسالہ الگ سے بھی چھپا ہے کچھ اضافات کے ساتھ، ہماری ویب سائٹ پر البرھان فی السور والقرآن موجود ہے۔

(3) سورہ آل عمران: پوری سورت یا اس کا کچھ حصہ خواب میں پڑھنے والا خاندان میں بد قسمت رہے گا مگر اسے بڑھاپے میں بہت رزق ملے گا اور بہت سفر کرے گا۔

(4) سورہ نساء: کی خواب میں تلاوت کرنے والے کو آخری عمر میں کوئی حسین و جمیل عورت ملے گی اور اس کے ساتھ بُرا برتاؤ کریگی وہ آدمی قوی حجت، زور دار کلام اور فصاحت کا مالک ہو گا۔

(5) سورہ مائدہ: کی تلاوت کی تعبیر یہ ہے کہ وہ کھلانے پلانے میں صاحبِ جود وسخا ہو گا مگر ایک ظالم قوم سے تکلیف اٹھائے گا۔

(6) سورہ انعام: کی خواب میں تلاوت کرنے والا دین کی حفاظت پر توجہ دے گا، اچھا رزق پائیگا اور دین و دنیا میں سرخرو ہو گا۔

(7) سورہ اعراف: اسے خواب میں پڑھنے والے کو ہر علم سے فائدہ ہو گا یہ بھی ممکن ہے کہ پردیس میں فوت ہو۔

(8) سورہ انفال: کی خواب میں تلاوت کرنے والے کے سر پر عزت اور کامیابی کا تاج ہو گا اور اسے دین میں سلامتی نصیب ہو گی۔

(9) سورہ توبہ: کو خواب میں پڑھنے والا نیک آدمیوں سے محبت کرے گا۔

(10) سورہ یونس (علیہ السلام): خواب میں پوری سورت یا اس کے کچھ حصے کی تلاوت کرنے والے کے مال کو کچھ نقصان ہو گا۔ یہ تعبیر بھی ہے کہ ایسا آدمی خوشخبری سنانے اور بھلائی کرنے پر ہر وقت آمادہ رہے گا۔

(11) سورہ ہود (علیہ السلام): اسے پڑھنے ولے کے بہت سے دشمن ہوں گے اور وہ پردیس کو اچھا سمجھے گا۔

(12) سورۃ یوسف (علیہ السلام): کی تلاوت کرنے کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے افراد خانہ اس کے دشمن ہو جائیں گے اور سفر سے اسے فائدہ اور مسرت حاصل ہو گی۔

(13) سورہ رعد: پڑھنے والا محتاج رہے گا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کی موت قریب ہو گی۔

(14) سورہ ابراہیم (علیہ السلام): خواب میں اس سورت کی تلاوت کرنے والا تسبیح کرنے والوں اور توبہ کرنے والوں میں شامل ہو گا۔

(15) سورہ حجر: جس نے یہ سورت پڑھی وہ اپنے خاندان میں محفوظ اور مسکین رہے گا، اگر یہ سورت بادشاہ نے پڑھی تو اس کی مدت قریب ہو گی، اگر پڑھنے والا قاضی ہے تو اچھی سیرت والا ہو گا، اگر تاجر ہے تو اسے سارے خاندان پر فضیلت حاصل ہو گی، عالم ہے تو عزت کی موت پائے گا۔

(16) سورۃ النحل: کو خواب میں پڑھنے والے کو محفوظ رزق ملے گا اور حضور ﷺ کی صحبت میں نہ بھی رہا ہو تو بھی ان کے مُحِبّوں میں شمار کیا جائے گا۔

(17) سورہ اسراء (بنی اسرائیل): پڑھنے والے پر بادشاہ ظلم کرے گا۔ یہ تعبیر بھی ممکن ہے کہ وہ ایک قوم کے مکر و فریب سے بچ جائے اور ایک فتنے سے خواہ مخواہ خوف زدہ رہے۔

(18) سورہ کہف: کی خواب میں تلاوت کرنے والا لمبی عمر پائے گا، اس کی حالت ٹھیک ہو گی اور جس قوم میں پناہ لے گا، اس سے فائدہ پائے گا۔

(19) سورہ مریم: پڑھنے والا پہلے تنگی کا شکار ہو گا پھر اللہ تعالیٰ اسے کشادگی بخشے گا اور اس کے معاملات کو آسان بنا دے گا۔

(20) سورہ طہٰ: جس نے پڑھی وہ تہجد شوق سے پڑھے گا، نیک کام کریگا اور دینداروں کی معیت میں زندگی گزارنے کو اچھا سمجھے گا۔

(21) سورہ انبیاء: جس نے خواب میں پڑھی لوگ اس کے متعلق اچھے خیالات رکھیں گے۔

(22) سورہ حج: پڑھنے والے کو حج اور عمرے کی سعادت ملے گی۔ اگر بیمار ہے تو فوت ہو جائے گا۔

(23) سورہ مومنون: جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی، وہ رات کے وقت خدا کی عبادت کرنے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی کرنے والوں سے محبت کرے گا اور اسے کسی خطرناک مرض کے لاحق ہونے کا خطرہ ہے۔

(24) سورہ نور: تلاوت کرنے والا اچھائیوں کی تبلیغ کرنے اور برائیوں سے روکنے والوں میں سے ہو گا، اس کی دوستی اور دشمنی خدا تعالیٰ ہی کیلئے ہو گی اور دنیا میں اسے کوئی بیماری لگ جائے گی۔

(25) سورہ فرقان: کی تلاوت کرنے والا حق کو پسند اور باطل کو ناپسند کرے گا۔

(26) سورہ شعراء: کو پڑھنے والا رزق حاصل کرنے میں پریشان ہو گا، اسے کوئی چیز مصیبت کے بغیر نہ ملے گی، سفر اسے اچھا لگے گا مگر فائدہ کم پائے گا۔

(27) سورہ نمل: اسے پڑھنے والے کیلئے حق پسندیدہ اور باطل ناپسندیدہ ہے، وہ اپنی قوم کا سردار اور علم اور سرداری سے سرفراز ہو گا۔

(28) سورہ قصص: پڑھنے والا جنگل میں ہو شہر میں گھر میں قبلہ (مسجد) میں جہاں وہ نماز پڑھتا ہے، اس کو خدا زمین کے کسی حصے کے حوالے سے آزمائش میں مبتلا کرے گا۔

(29) سورۂ عنکبوت: اللہ تعالیٰ اس سورت کو خواب میں پڑھنے والے کو بشارت دے گا اور اسے تنہائی کی مصیبت کبھی نہ آئے گی۔

(30) سورہ روم: پڑھنے والے کے دل میں نفاق ہے، اگر یہ سورت خواب میں بادشاہ نے پڑھی تو وہ عالم ہو جائے گا، قاضی یا تاجر نے پڑھی تو اسے بہت فوائد حاصل ہوں گے۔

(31) سورہ لقمان: پڑھنے والا کتابت اور دانائی پائے گا۔

(32) سورہ سجدہ: جس نے اس کی تلاوت کی اس کا عقیدہ توحید بڑا پکا ہو گا اور یقین درست ہو گا۔

(33) سورہ احزاب: پڑھنے والا اپنے خاندان کے گُن گائے گا، لمبی عمر پائے گا اور دوستوں کے ساتھ مکر کرنے والا ہو گا۔

(34) سورہ سبا: جس نے پڑھی، وہ بہت بہادر ہے اور مسلح رہنے کا خواہشمند ہے۔

(35) سورہ فاطر: پڑھنے والا خداوند کریم کا دیدار کرے گا اور اس کا شمار اللہ تعالیٰ کے ولیوں میں ہو گا۔

(36) سورہ یسین: پڑھنے والے کا دین بالکل درست ہے۔

(37) سورہ صافات: جس نے اس کی تلاوت کی، اسے حلال رزق ملے گا اور اس کے دو بیٹے پیدا ہوں گے۔

(38) سورہ ص: کی خواب میں تلاوت کرنے والا بڑا غیرت مند ہو گا، اسے عورت سے بہت محبت ہو گی اور وہ انکی معیت کو پسند کریگا۔

(39) سورہ زمر: جو آدمی خواب میں اس سورت کی تلاوت کرے، وہ اتنی لمبی عمر پائے گا کہ اپنے پوتے کو دیکھے گا۔ اس کی تعبیر یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ایسا سفر کرے جس سے واپس لوٹنا نصیب نہ ہو۔

(40) سورہ غافر (المؤمن): کو خواب میں پڑھنے والا صحیح یقین کا مالک ہے۔

(41) سورۃ فصلت (حم السجدہ): کو پڑھنے والے کی وجہ سے ایک قوم ہدایت پائے گی اور حکم خداوندی کے مطابق احکام شریعت پر چلے گی۔

(42) سورہ شوریٰ: کو خواب میں پڑھنے والا علم و عمل دونوں سے فائدہ اٹھائے گا۔

(43) سورہ زخرف: عین ممکن ہے کہ خواب میں اس کی تلاوت کرنے والے کو رزق کے معاملے میں پریشانی ہو اور آخری عمر میں تنگدست ہو جائے اور دنیا سے پوری طرح لذت اندوز نہ ہو۔

(44) سورہ دخان: کو پڑھنے والا قبر اور آگ کے عذاب اور یقین کی کمزوری سے بچا رہے گا۔

(45) سورہ جاثیہ: اسے جس نے خواب میں پڑھا، وہ زاہدوں میں سے ہو گا۔

(46) سورہ احقاف: کو پڑھنے والا ماں باپ کا فرمانبردار نہیں ہو گا لیکن آخری عمر میں اسے اچھی توبہ کی توفیق ہو گی۔

(47) سورہ محمد ﷺ: کو پڑھنے والے کے پاس نہایت اچھی صورت میں فرشتہ آئے گا۔

(48) سورہ فتح: جو شخص اسے خواب میں پڑھے گا، اللہ کریم اسے محبوب رکھے گا۔

(49) سورہ حجرات: کو خواب میں پڑھنے کی تعبیر یہ ہے کہ اسے پڑھنے والا بندگانِ خدا کے دلوں میں صلح اور ہمدردی پیدا کریگا۔

(50) سورۂ ق: کی تلاوت کی تعبیر یہ ہے کہ پڑھنے والا اچھا عالم ہو گا۔ اہل شہر اس کے محتاج ہوں گے۔ اس کی آخری عمر پہلے سے بہتر ہو گی اور وہ بہت مضبوط ہو گا۔

(51) سورہ ذاریات: پڑھنے کی تعبیر یہ ہے کہ اسے اس کی حسب خواہش زمین کی نباتات ملے گی۔ کبھی اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ ہر مذہب کی طرف مائل ہو گا۔

(52) سورہ طور: کی تلاوت کے سبب اللہ تعالی اس کے دین سے خوش ہو گا۔

(53) سورہ نجم: کو خواب میں پڑھنا بہت اولاد ہونے کی علامت ہے اور وہ اللہ کی رضاجوئی میں مریں گے اور وہ شخص خود عالم اور متقی ہو گا۔

(54) سورہ قمر: کی تلاوت کی تعبیر یہ ہے کہ اس پر جادو ہو گا اور وہ اس سے نجات پالے گا اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسے کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔

(55) سورہ رحمن: جس نے دیکھا کہ یہ سورت پڑھ رہا ہے اسے دنیا میں نعمت اور آخر میں رحمت نصیب ہو گی۔

(56) سورہ واقعہ: کو خواب میں پڑھنے والا بھلائیوں اور اطاعتوں کے حصول میں آگے آگے ہو گا۔

(57) سورۂ حدید: کی تعبیر یہ ہے کہ اسے خواب میں تلاوت کرنے والا اچھے نتیجے اور صحیح دین کا حامل ہے۔

(58) سورہ مجادلہ: کی تلاوت کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اہل باطل سے لڑے گا اور انہیں مغلوب کرے گا۔

(59) سورہ حشر: کو خواب میں پڑھنے والے پر محشر میں خدا تعالیٰ راضی ہو گا اور اس کے دشمنوں کو ہلاک کرے گا۔

(60) سورہ ممتحنہ: پڑھنے والا مصیبت میں پھنسے گا اور اسے اس کا ثواب ملے گا۔

(61) سورہ صف: کو خواب میں پڑھنے والا شہادت کا مرتبہ پائے گا۔

(62) سورہ جمعہ: کی تلاوت کرنے والے کو خدا تعالیٰ دنیا و آخرت کی بھلائیوں سے نوازے گا۔

(63) سورہ منافقون: کو پڑھنے والا نفاق سے بچا رہے گا اور منافقت نہیں کرے گا۔

(64) سورہ تغابن: کو جس نے خواب میں پڑھا وہ ایمان اور ہدایت پر فوت ہو گا۔

(65) سورہ طلاق: کی خواب میں تلاوت اس بات کی علامت ہے کہ خاوند بیوی میں سخت جھگڑا ہو گا اور طلاق تک نوبت آئے گی اور مرد حق مہر ادا کرے گا۔

(66) سورہ تحریم: کی تلاوت کرنے والا حرام کاموں سے بچا لیا جائے گا۔

(67) سورہ ملک: کو جو خواب میں پڑھے گا اسے خدا تعالی دونوں جہانوں کی بھلائیاں عطا کرے گا اور اس کی املاک اور خیرات زیادہ ہو گی۔

(68) سورۃ ان و قلم: جو اس سورت کو پڑھے گا اس پر خداوند کریم کی عنایت ہو گی اسے کامیابی اور عہدہ قضا نصیب ہو گا۔

(69) سورہ حاقہ: کی تلاوت کرنے والے کو مار کٹائی کا خوف ہو اور وہ حق پر قائم رہے گا۔

(70) سورہ معارج: کو پڑھنے والا امن اور تائید کے ساتھ کامیابی پائے گا۔

(71) سورہ نوح: کی جس نے تلاوت کی وہ اچھی باتوں کا حکم دینے اور بری باتوں سے منع کرنے والوں میں ہو گا اور دشمنوں کے مقابلے میں اسے کامیابی ہو گی۔

(72) سورہ جن: کی تلاوت کرنے والا جنات سے محفوظ رہے گا۔

(73) سورہ مزمل: کو پڑھنے والا خوب سیرت اور صابر شخص ہے۔

(74) سورہ مدثر: کو خواب میں پڑھنے والا رزق کی تنگی میں مبتلا ہو گا اور اللہ تعالی اس سے یہ تنگی رفع فرما دے گا۔

(75)سورۂ قیامت:اس سورت کو خواب میں پڑھنے والا قسم سے بچتا رہے گا کبھی قسم نہ کھائے گا۔

(76)سورۂ انسان(دہر): جس شخص نے اسکی خواب میں تلاوت کی اسے سخاوت کی توفیق اور شکر ادا کرنے کی نعمت نصیب ہو گی۔

(77)سورہ مرسلات: جس نے خواب میں پڑھی خدا تعالیٰ اس پر رزق کشادہ کر دیگا اور اسکے دشمنوں کی زبانیں بند کر دیگا۔

(78)سورۃ النباء: پڑھنے والے کے تمام رنج و غم دور ہو جائیں گے، اس کی شان میں اضافہ ہو گا، اس کا ذکر بلند ہو گا۔

(79)سورہ نازعات: کو خواب میں جس نے پڑھا، اس کے دل سے تمام پریشانیاں اور غم دور ہو جائیں گے۔

(80)سورہ عبس: کو جس نے خواب میں پڑھا وہ کثرت سے صدقہ وزکوۃ دے گا۔

(81)سورہ تکویر: پڑھنے والا مشرق کی طرف بہت سفر کرے گا اور ان میں کامیابی حاصل ہو گی۔

(82)سورہ انفطار: کی تلاوت کرنے والے کو بادشاہوں کی قربت نصیب ہو گی اور وہ اس کی تکریم کریں گے۔

(83)سورہ مطففین: پڑھنے والے کو وقار اور انصاف کی توفیق مرحمت ہو گی۔

(84)سورہ انشقاق: کو جس نے خواب میں پڑھا اس کی اولاد اور نسل میں اضافہ ہو گا۔

(85)سورہ بروج: جس نے اس سورت کو خواب میں پڑھا، اسے اللہ تعالیٰ ہر غم و فکر سے نجات دے گا اور طرح طرح کے علم سے نوازے گا۔

(86)سورہ طارق: کو پڑھنے والا خدا کی طرف سے ذکر و تسبیح میں کثرت کی توفیق پائے گا۔

(87)سورہ اعلیٰ: پڑھنے والے کے کام اس کیلئے آسان ہو جائیں گے۔

(88)سورۂ غاشیہ: کی تلاوت کرنے والے کی قدر و منزلت میں اضافہ ہو گا اور اس کا علم نشر ہو گا۔

(89)سورہ فجر: کو خواب میں پڑھنے والا ہیبت اور رونق کے لباس سے ملبوس کیا جائے گا۔

(90)سورۂ بلد: پڑھنے والے کو یتیموں کی خاطر برداری کرنے اور انہیں کھانا کھلانے کی توفیق عطا ہو گی اور وہ ضعیفوں پر رحم کریگا۔

(91)سورہ شمس: کو جس نے خواب میں پڑھا اس کو اچھی سمجھ بوجھ اور تمام معاملات میں دانائی کی دولت ملے گی۔

(92)سورۂ لیل: پڑھنے والے کا پردہ محفوظ رہے گا، اس کی بدنامی نہیں ہو گی۔

(93)سورہ ضحیٰ: کی تلاوت کرنے والا یتیموں اور مسکینوں کی عزت و تکریم کرے گا۔

(94)سورۃ الانشراح: جو آدمی اس کو خواب میں پڑھے، اس کے سینے کو اللہ تعالی اسلام کیلئے کشادہ فرمادے گا اور اسے تمام معاملات میں آسانیاں میسر آئیں گی۔

(95)سورہ تین: کو پڑھنے والے کی خدا تعالیٰ حاجتیں جلد پوری کرے گا اور اسے رزق کے حصول میں آسانی ہو گی۔

(96)سورہ علق: کو جس نے خواب میں پڑھا، وہ طویل عمر پائے گا اور اس کا مرتبہ بلند ہو گا۔

(97)سورہ قدر: کو جس آدمی نے خواب میں پڑھا، اسے بھلائی نصیب ہو گی اور اس کا حال اچھا رہے گا۔

(98)سورہ بینہ: پڑھنے والے کی وجہ سے خداوند کریم ایک قوم کو ہدایت نصیب کرے گا۔

(99)سورہ زلزال: کی تلاوت کرنے والے کے ذریعے اللہ تعالی کفار کے قدم مُتَزَلْزَل کر دے گا۔

(100)سورہ عادیات: اس کی خواب میں جس نے تلاوت کی اللہ تعالی اسے عمدہ گھوڑے عنایت فرمائے گا، ان گھوڑوں کی وجہ سے اسے نفع ہو گا۔

(101)سورہ قارعہ: پڑھنے والے کی عبادت اور تقویٰ کے ذریعے اللہ کریم عزت بڑھائے گا۔

(102)سورہ مقابر(تکاثر): کو پڑھنے والا مال اکٹھا کرنا ترک کر دے گا اور زاہد ہو جائے گا۔

(103)سورہ عصر: جو شخص اپنے آپ کو اس کی تلاوت کرتا پائے، اسے صبر کی توفیق ملے گی اور حق پر اس کی مدد فرمائی جائے گی۔

(104)سورہ ہمزہ: کی خواب میں تلاوت کرنے والا مال اکٹھا کر کے نیک کاموں پر خرچ کرے گا۔

(105)سورہ فیل: پڑھنے والے کی دشمنوں کے خلاف مدد کی جائے اور اس کی وجہ سے بہت سی اسلامی فتوحات ہوں گی۔

(106)سورہ قریش: جو آدمی خواب میں اس کی تلاوت کرے وہ مسکینوں کو کھانا کھلائے گا اور اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے دلوں میں محبت پیدا کر دے گا۔

(107)سورہ ماعون: کی تلاوت کرنے والے کو اپنے مخالفوں اور دشمنوں پر فتح حاصل ہو گی۔

(108)سورہ کوثر: جس نے خواب میں اس سورت کو پڑھا، اسے دنیا و آخرت میں بہت بھلائی نصیب ہو گی۔

(109)سورہ کافرون: کو جس نے خواب میں تلاوت کی، وہ کافروں کے ساتھ جہاد کی توفیق پائے گا۔

(110)سورہ نصر: پڑھنے والے کی خدا تعالیٰ اس کے دشمنوں کے مقابلے میں مدد کرے گا یہ سورت اس کے جلد فوت ہونے کی دلیل بھی ہے کیونکہ اس کے نزول کے بعد حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم واصل بحق ہوئے تھے۔ ایک آدمی نے حضرت ابن سیرین علیہ الرحمۃ سے عرض کی کہ میں نے خواب میں سورہ نصر پڑھی، تو امام نے اس سے کہا کہ تیری موت قریب ہے وصیت کر لے، اس نے وجہ دریافت کی، تو آپ نے فرمایا، اس لئے کہ یہ رسول کریم ﷺ پر آسمان سے نازل ہونے والی آخری سورت ہے۔

(111)سورہ لہب: کو خواب میں پڑھنے والا اپنی مراد پائے گا اس کا ذکر بلند ہو گا وہ اپنے عقیدہ توحید میں سخت ہو گا۔ اس کی اولاد کم ہو گی اور اس کی زندگی خوب مزے سے بسر ہو گی۔

(112)سورہ اخلاص: جس شخص نے اسے خواب میں پڑھا، اسے توبہ کی توفیق ملے گی اور اس کا کوئی بچہ زندہ نہ بچے گا کیونکہ ارشاد باری تعالی ہے:

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ (الاخلاص) **ترجمہ:** نہ اس نے کسی کو جنا نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اس کا ہم سر ہے۔

بعض علماء مفسرین فرماتے ہیں کہ جس نے اس سورت کو خواب میں پڑھا، وہ اللہ تعالیٰ کی توحید کا قائل ہے اور اس کا بیٹا اس وقت تک نہ مرے گا جب تک خاندان کے تمام لوگ دفن نہ ہو جائیں اور وہ اکیلا مرے گا۔

(113)سورہ فلق: کو خواب میں پڑھنے والا برائیوں سے بچا رہے گا۔

(114)سورہ ناس: جس نے خواب میں اس سورت کی تلاوت کی وہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا اور مردود شیطان سے خدا تعالیٰ کی پناہ میں رہے گا۔

هذا آخر ما رقمه قلم الفقير القادري ابو الصالح

محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہ

20 جمادی الثانی 1420ھ 28 دسمبر 1999ء

بہاولپور۔ پاکستان